آخَرُ أَنَا أَعْتَزِلُ النِّسَاءَ فَلَا أَتَزَوَّجُ أَبَدًا فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ أَنْتُمُ
الَّذِينَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَأَتْقَاكُمْ بِهِ لَكِنِّي أَصُومُ وَأُفْطِرُ وَأُصَلِّي وَأَرْقُدُ وَ
أَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي رَوَاهُ الشَّيْخَانِ قَالَ سَلْمَانُ لِأَبِي الدَّرْدَاءِ
ثُمَّ فَلَمَّا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ قَالَ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ سَلْمَانُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ
كَانَتْ عِنْدِي امْرَأَةٌ مِنْ بَنِي أَسَدٍ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صلعم فَقَالَ مَنْ هٰذِهِ قُلْتُ فُلَانَةُ
لَا تَنَامُ بِاللَّيْلِ فَذُكِرَ مِنْ صَلَاتِهَا فَقَالَ مَهْ عَلَيْكُمْ بِمَا تُطِيقُونَ مِنَ الْأَعْمَالِ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى
تَمَلُّوا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ فِي بَابِ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّشْدِيدِ فِي الْعِبَادَةِ مَالِكٌ بْنُ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أَبِي حَكِيمٍ أَنَّهُ بَلَغَهُ
أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ امْرَأَةً مِنَ اللَّيْلِ تُصَلِّي فَقَالَ مَنْ هٰذِهِ فَقِيلَ لَهُ هٰذِهِ
الْحَوْلَاءُ بِنْتُ تُوَيْتٍ لَا تَنَامُ اللَّيْلَ فَكَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ حَتّٰى عُرِفَتِ
الْكَرَاهَةُ فِي وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوا اكْلَفُوا مِنَ الْعَمَلِ
مَا لَكُمْ بِهِ طَاقَةٌ رَوَاهُ مَالِكٌ فِي الْمُؤَطَّا پس اہل بصیرت اور صاحبان فطانت پر بسبب ملاحظہ ان احادیث
مذکورہ بالا کی بدعت ہونا مواظبت تمام شب کی جاگنی کا اور ساتھہ مداومت کی رات بہر مین ہزار رکعت پڑہنی کا
کہ اسمین طرح طرح کے مشقت اور تکلیف سخت پائی جاتی ہے اور ستر ہزار قرآن ختم کرنیکا جو ستر برس کے عمر مین بعد
منہا کرنی چار یا پنجسال طفولیت کے تین ختم تخمینا ہر روز مین ہوتی ہین اور ایک وضو سی عشا اور فجر کے
نماز پڑہنی کا ظاہر ہی تو ایسی بدعات کو جناب امام کیطرف ہرگز نسبت کرنے نچاہئی کیونکہ امام صاحب بلحاظ
سنت کا بہت کہتی تہے اور برخلاف سنت کے نہین کرتے تہی علاوہ بدعت ہونی اس عبادت کے سی عہدہ وت
تو عقلا ہی دشوار ہے اسلئے کہ تمام رات کی درجہ اوسط مین بارہ گہنٹی ہوتی ہین اور چار گہنٹی اوسمین سے منہا
کرنے چاہین تین گہنٹہ اول سے شب کے کہ اومین کہانا پینا شب کا اور استنجا طہارت اور وضو اور نماز عشا
کی ادا ہوا اور ایک گہنٹہ آخر سی شب کے کہ اوسمین وقت فجر کے آمد آمد ہوتی ہے اور نوافل نہین پڑہی جاتے
تو باقی رہے آٹہہ گہنٹی تو اومین اگر ہزار رکعت پڑہتی تہے تو فی گہنٹہ سواسو [۱۲۵] رکعت پہلی اور ادائی
سواسو رکعت کا مع ادائی ارکان یعنی رکوع و سجود و قیام و قعدہ و قومہ و جلسہ و قراءۃ کی اور سعہ لحاظ

چنانچہ صدر الشریعہ توضیح میں فرماتے ہیں ولو جاز ارادۃ البعض بلا قرینۃ لارتفع الأمان عن اللغۃ والشرع بالکلیۃ لان خطابات الشرع عامۃ انتہی اور علامہ تفتازانی تلویح میں فرماتے ہیں فتقریرہ انہ لو جاز ارادۃ بعض مسمیات العام من غیر قرینۃ لارتفع الأمان عن اللغۃ لان کل ما وقع فی کلام العرب من الالفاظ العامۃ یحتمل الخصوص فلا یستقیم ما یفہمہ السامعون من العموم وعن الشرع لان عامۃ خطابات الشرع عامۃ فلو جوزنا ارادۃ البعض من غیر قرینۃ لما صح فہم الاحکام بصیغۃ العموم انتہی بلکہ یہہ تخصیص بلا مخصص کر لیا کرتے تھے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ وسلم فرماتے ہیں انما ہلک الذین قبلکم انہم کانوا اذا سرق فیہم الشریف ترکوہ واذا سرق فیہم الضعیف اقاموا علیہ الحد رواہ البخاری ومسلم عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی تمام قصۃ المرأۃ المخزومیۃ اور آجتک کسی ایک فرد نے بہی یہہ دعوی نہیں کیا کہ یہہ آیہ مخصص ہے پہر اجماع کے کیا معنی اور مؤلف کے دعوی اجماع کو جو محض بے بینہ اور بے سند ہی کون سنتا ہی اور جو کہ مؤلف نے کہا ہے کہ اہل سنت اجازت نہیں دیتے کہ پیروی کیجاوے روافض کے اور ایسا بالعکس اس سے اجماع تخصیص لفظ اہل کے اوس آیہ میں نہیں نکلتا ہے اسلیئے کہ اجازت نہ دینا سنیون کا واسطے اتباع رفضا کے اور اجازت نہ دینا رافضیون کا واسطے اتباع اہل سنت کی مبنی اس پر نہیں ہے کہ ہر ایک فرقہ اپنی مقابل کو اہل ذکر کا مصداق جانکر پہر اپنی تخصیص کرتا ہی بلکہ ہر ایک فرقہ اپنی مقابل کو اہل ذکر کا مصداق ہے نہیں جانتا اور اوسمین داخل ہے نہیں کہتا اور جبکہ اپنے مقابل کو اہل ذکر مین داخل نہ ماتو حاجت اوسکی خارج کرنیکے اور اپنی فرقہ کو خاص کرنیکے کہان ہوئی تقریر مفصل اسکی فرقہ اہل سنت کیطرف سے کیے جاتے ہے اہل سنت کہتے ہین کہ اہل ذکر ہم ہے ہین اور کسی پر فرقہ ضالہ سی اہل ذکر صادق نہین آتا اسلیئے کہ لفظ ذکر کا جو کہ مضاف الیہ لفظ اہل کا ہے فے نفسہ تو مطلق اور شامل تہا ذکر حق صریح کو ہے اور ذکر باطل محض کو ہے اور ذکر مخلوط اور مشوب بہوائے نفسانی کو ہے لاکن اس آیہ مین مقید ہے ساتہہ قید حق کے اور باعث اس تقیید پر آیات قرانیہ اور احادیث صحیحہ بہے ہین اور عقل نیز تائید کرتے ہے قال اللہ تعالی ذلک بان اللہ نزل الکتاب بالحق الایۃ نزل علیک الکتب بالحق الایۃ ولا تلبسوا الحق بالباطل وتکتموا

قصه و اسیه بلا سند صحیح کے فضیلت مین امام صاحب کے نقل کرتے ہین امام صاحب تک ساتہہ سند صحیح متصل سلسلے کے
نہین پہنچتا اور نیز مخالف سنت کے ہوا اور شان امام کے بہی اسکو مقتضی نہو تو پایہ اعتبار سے ساقط ہی کیونکہ
اخبار مین سند صحیح متصل لازم ہوے قبول کرنے مین اسکے نزدیک فقہا اور محدثین کے اور یہہ سند صحیح متصل الاسناد
یہان پایے نہین جاتے پہر کیونکر قابل اعتماد کے ہوا ب اہل انصاف سررشتہ عدل کا ہاتہہ سے ندین اور
خوب غور و فکر کرکے مطابق اس آیۃ کریمہ کے اِعْدِلُوا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى اظہار مین چشم پوشی نفرماوین
کہ حق اور باطل مین امتیاز ہوجاوے قال باب دوسرا بیچ بیان تقلید ائمہ اربعہ کے فرماتا ہے اللہ تعالی
فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ یعنی پس پوچہو انسے جو اہلیت ذکر کے رکہتے ہین اگر نہین جانتے
ہو تم پس یہہ آیت ساتہہ اجماع امت کے مخصص اور ظنی ہے اسلیئے کہ ہرگز اہل سنت اجازت نہین دیتے ہین
کہ پیروی کیجاوے روافض و خوارج کے اور اسیطرح روافض وغیرہ نہین اجازت دیتے کہ پیروی کیجاوے اہل سنت کے
پس اجماع ہوا امت کا اوپر تخصیص اس آیۃ کے پس ہوی یہہ آیۃ مخصص اور ظنی الدلالۃ اقول اصل غرض
مؤلف کے عقد باب ثانی سے اثبات وجوب تقلید مجتہد معین ہے لاکن دعوی تخصیص مذاہب اربعہ کو
محض واہیات ہے سنو کہ مقصود مؤلف کا اس دعوی سے یہہ آیۃ مخصص ہے بالاجماع اور ظنی الدلالۃ ہی یہہ ہے
کہ جبکہ ایکدفعہ ظنی ہوچکی تو اب جتنین تخصیص چاہینگے کیا کرینگے تو کہ تخصیص ایک مذہب خاص کے ثابت
ہوجاوے تو سنو کہ دعوی تخصیص کا اور ظنی الدلالۃ ہونے اس آیۃ کا غلط اور بے اصل ہے اسلیئے کہ لفظ اہل کا
اس آیۃ مین اپنے عموم پر ہے اور اسکی تخصیص پر کوئی دلیل شرعی نہین ہے نہ تو کتاب اللہ اور نہ حدیث متواتر
یا مشہور یا خبر واحد اور نہ قیاس صحیح کسی مجتہد کا اور نہ کوئی قرینہ عقلی جس سے عموم آیۃ مین استحالہ معلوم ہووے پہر
اگر تخصیص کیجاوی تو تخصیص اسکی بلا مخصص ہووےگی اور تخصیص بلا مخصص نسخ کرنا ہی کتاب اللہ کو جیسا کہ عبارت
شرح ابن الحاجب کیسی معلوم ہوگا اور ممنوع ہی باتفاق امۃ محمدیہ کے کیونکہ رافع ہی امان کو لغت اور
شرع سے یعنی جو لفظ باعتبار لغت یا شرع کے عام ہونے پر دلالت کرتا ہو اور کوئی دلیل شرعی اوسکی خاص
ہونے پر قایم نہین پہر جو کوئی اپنے فہم مجرد سی بلا دلیل اوسکو خاص کر ڈالی تو اعتبار لفظ عموم کا ازروے
لغت و شرع کی جاتا رہی اور احکام شرعی درہم برہم ہوجاوین اور یہہ بات مخالف اہل زبان
اور اہل شرع کی ہے تو بلا قرینہ لفظ عام خاص نہین ہوسکتا اور مؤلف لفظ اہل کو کہ عام ہے بلا دلیل
خاص کرتا ہی تو اسمین مخالفت اہل لغت اور شرع کے لازم آویگی اور یہہ مخالفت ممنوع ہے

یہانتک

وَخُذلَانَهٗ وَسُخطَهٗ وَمَقتَهٗ فِي مُخَالَفَتِہِم انتہیٰ اور ایسا ہی سب اہل سنت کا دعوی ہے اور علی ہذا القیاس ہر ایک فرقہ اپنی حقیقت کے تقریر کرتا ہے باقی رہے ترجیح اپنے اپنے دعوی کہ فی الواقع کون اہل ذکر حق کا ہے فروع مین سو یہہ بحث دوسرا ہے اسمقام مین اس سے بحث نہین اس محل مین تو اتنا معلوم کر لینا چاہیے کہ ہر ایک فرقہ ذکر کو قید حق کے ضم کر کے اوسکو اپنی مذہب مین منحصر کرتا ہے اور اپنی لوگون کو اہل اوس ذکر کا ٹھہراتا ہی باوجود یکہ اہل اپنے عموم پر ہے یعنے اسطرح کہتا ہے کہ ہمارے ذکر کے جو کہ حق ہے سب اہل عموماً قابل اتباع کے ہین تو اجازت مدینا ہر فرقہ کا واسطے اتباع اپنے مخالف کے مستلزم تخصیص کو لفظ اہل میں ہوا اور یہہ آیہ ظنی الدلالۃ ہوئی **قال** پس بعد تخصیص اس آیہ کے اور تقریر مذاہب کے یہہ مخصص ہوئی باجماع اہل سنت وجماعۃ کے باینطور کہ مراد اب اہل ذکر سے آئمہ اربعہ ہین پس دلالت کی اس آیہ نے کہ تقلید ایک کے آئمہ اربعہ مین سے واجب لازم ہے اور وہ اجماع سنت کا نقل کیا ہے طحطاوی وغیرہ نے کہا طحطاوی نے بیچ شرح در المختار کے کتاب الذبائح مین قَالَ بَعضُ المُفَسِّرِینَ فَعَلَیکُم یَا مَعشَرَ المُؤمِنِینَ اِتِّبَاعَ الفِرقَۃِ النَّاجِیَۃِ المُسَمَّاۃِ بِاَھلِ السُّنَّۃِ وَالجَمَاعَۃِ فَاِنَّ نُصرَۃَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَحِفظَہٗ وَتَوفِیقَہٗ فِی مُوَافَقَتِہِم وَخُذلَانَہٗ وَسُخطَہٗ وَمَقتَہٗ فِی مُخَالَفَتِہِم وَھٰذِہِ الطَّائِفَۃُ النَّاجِیَۃُ قَد اجتَمَعَت اَلیَومَ فِی المَذَاھِبِ الاَربَعَۃِ ھُمُ الحَنَفِیُّونَ وَالمَالِکِیُّونَ وَالشَّافِعِیُّونَ وَالحَنبَلِیُّونَ وَمَن کَانَ خَارِجًا مِن ھٰذِہِ المَذَاھِبِ الاَربَعَۃِ فَھُوَ مِن اَھلِ البِدعَۃِ وَالنَّارِ انتہی **اقول** اس مین دو دعوی کئی ہین پہلا یہہ کہ اہل سنت کا اجماع ہو گیا ہی اسپر کہ اب اس آیت مین اہل ذکر سے آئمہ اربعہ مراد ہین دوسرا یہہ کہ جبکہ ائمہ اربعہ بالاجماع مراد ہوئی تو تقلید ایک کے ائمہ اربعہ سے واجب ہوگئی سو دعوی دوسرا تو باطل اور غلط محض ہے جائے غور ہے کہ فرض کیا کہ مذاہب اربعہ کے تقلید چاہیے لاکن اس سے یہہ کہان لازم آتا ہے کہ ایک مذہب کے خاص کر کے تقلید واجب ہو جاوی یہہ تو آجتک کسی اہل عقل نے دعوے نہین کیا جیسا کہ چار کے حجت ہونے سے ایک کے حجت ہونیکا دعوی کسی نے نہین کیا اور دعوی اول اس سے زیادہ تر باطل ہے اسلئے کہ آجتک یہہ بہی کسی نے نہین کہا کہ اس آیۃ مین ائمہ اربعہ مراد ہین پہر اجماع کا کیا نام لینا ہے اجماع کے تو تمام اصولیین یہہ معنی کرتے ہین ھُوَ اتِّفَاقُ المُجتَہِدِینَ مِن اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ فِی عَصرٍ وَاحِدٍ

الحق وانتم تعلمون الآیۃ ویکفرون بما وراءہ وھو الحق الآیۃ من بعد ما تبین لھم الحق فاعفوا واصفحوا الآیۃ وان فریقا منھم لیکتمون الحق وھم یعلمون الحق من ربک فلا تکونن من الممترین الآیۃ وانہ للحق من ربک وما اللہ بغافل عما تعملون الآیۃ وکذب بہ قومک وھو الحق الآیۃ وقل الحق من ربکم فمن شاء فلیؤمن ومن شاء فلیکفر الآیۃ حتی جاءھم الحق ورسول امین الآیۃ ولما جاءھم الحق قالوا ھذا سحر مبین الآیۃ ولذا قال فی التفسیر النیشاپوری العالم بالحق یجب علیہ الشھادۃ ویحرم کتمانہ انتہی قال اللہ تعالی فاتبعوا احسن ما انزل من ربکم وقال تعالی اتبعوا ما انزل الیکم من ربکم ولا تتبعوا من دونہ اولیاء وقال تعالی فبشر عبادی الذین یستمعون القول ویتبعون احسنہ وقال تعالی ارایت من اتخذ الھہ ھواہ الآیۃ وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیاتین علی امتی کما اتی علی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل حتی لکان منھم من اتی امہ علانیۃ لکان فی امتی من یصنع ذلک وان بنی اسرائیل تفرقوا علی ثنتین وسبعین ملۃ وتفترق امتی علی ثلث وسبعین ملۃ کلھم فی النار الا ملۃ واحدۃ قالوا من ھی یا رسول اللہ قال ما انا علیہ واصحابی رواہ الترمذی

اور سوای اسکی اور بہت حدیثین ہین جو کہ رد مین خارجیہ اور مرجیہ اور جہمیہ اور معتزلہ اور قدریہ اور جبریہ کے وارد ہین اس تقلید یہ باعث ہین اور باعث ہونا عقل کا تو ظاہر ہے کیونکہ اللہ جلشانہ نے بھیجنا رسولون کا اور نازل کرنا وحی متلو اور غیر متلو کا نہین کیا مگر واسطی اتباع حق کے تو بالیقین معلوم ہوا کہ اس آیہ مین مراد ذکر سے ذکر حق ہے سو جو کوئی اہل ایسی ذکر کا ہوگا عموما خواہ کوئی ہوا دسکا اتباع وقت لاعلمی کے واجب ہوگا اور وہ نہین ہے مگر ہمارا فرقہ سنیہ اور ماسوای ہمارے سب فرقہ اہل ذکر مین داخل ہے نہین باعتبار عقاید کے کیونکہ ذکر اور مذہب اونکا باطل ہے اکثر امور مین بنا بر عقیدہ اور اعمال کے چنانچہ علامہ ابن نجیم صاحب بحر الرایق نے کتاب اشباہ والنظایر مین ناقلا عن المصفی کہا ہی واذا سئلنا عن معتقدنا ومعتقد خصومنا فی العقائد یجب علینا ان نقول الحق ما نحن علیہ والباطل ما علیہ خصومنا ھکذا نقل عن المشائخ انتہی اور ایسا ہی طحطاوی نے دعوی کیا ہے اور کہا ہے فعلیکم معاشر المومنین باتباع الفرقۃ الناجیۃ المسماۃ باھل السنۃ والجماعۃ فان نصرۃ اللہ تعالی وحفظہ وتوفیقہ فی موافقتھم

خذلانہ

عن عبد اللہ بن عمرو

شرح العقائد الجلالیة ھٰذا ھوسٌ من ھوساتہم ما انزل اللہ بہا من سلطان
بل کلّھم من اھل السنة والجماعة کما لا یخفی علی اھل الخبرة بالشریعة واحوال القرون
الثلٰثة وغیرھا اور یعنی عادی اکثری کے یہہ ہین کہ فی الواقع تو موجب حکم خدا و رسول کے سب اہل
سنت کے مقتدای صحابہ اور تابعین اور مجتہدین ائمہ اربعہ اور سوای انکے اور مقلدین اونکے فرقہ ناجیہ مین
داخل تھے لاکن آجکے دن عادت ایسی ہوگئی ہے کہ سوائی اہل مذاہب اربعہ کے کوئی نہین رہا اور
روایت ہے کسی مذہب کے سوائے مذاہب اربعہ کے اکثر کر نہین ملتے تو اسطرح سے حصر کرنا حصر شرعی
تنزیلا ہوا بلکہ عادی ہے اور اکثری سبب وجود مانع کے ہوا تو ارتفاع اس مانع کے سے یہہ حصر نرہیگا
یعنی جبکہ کوئی روایت صحیحہ نقل متصل ثابت کسی مجتہد سے سوائے ائمہ اربعہ کے ہمکو ملیگی تو وہ وقت
ائمہ اربعہ اور وہ مجتہد آخر یکسان ہونگے جیسا کہ کلام بلاغت نظام سے مولینا بحر العلوم عبد العلی حنفی
کے معلوم ہوتا ہے چنانچہ شرح تحریر ابن الہمام مین فرماتے ہین واما المجتہدون الذین اتبعوھم
باحسان فکلھم سواء فی صلوح التقلید بہم فان وصل فتوی سفیان بن عیینة
او مالک بن دینار یجوز الاخذ بہ کما یجوز الاخذ بفتوی الائمة الاربعة الا انہ لم یبق عن الائمة
الآخرین نقل صحیح الا اقل القلیل ولذا منع من منع من التقلید ایاھم فان وجد نقل صحیح منھم فی مسئلة فالعمل بہ
وفتوٰہ والعمل بالائمة الاربعة سواء انتھی اور شرح مسلم مین فرماتے ہین ثم فی کلامہ یعنی ابن الصلاح خلل آخر اذ
المجتہدون الآخرون ایضا بذلوا جھدھم مثل الائمة الاربعة وانکار ھذا
مکابرة وسوء ادب بل الحق انہ انما منع من تقلید غیرھم لانہ لم یبق
روایة مذھبھم محفوظة حتی لو وجد روایة صحیحة من مجتہد آخر یجوز
العمل بھا الا تری ان المتاخرین افتوا بتحلیف الشھود لاقامتہ لہ موقع
التزکیة علی مذھب ابن ابی لیلی فافہم انتھی اور اگر یہہ حصر اس نظر سے ہو جو
مذکور ہوا بلکہ اس نظر سے ہو کہ اجتہاد مستقل ائمہ اربعہ پہ ختم ہوگیا ہے بلکہ سوای ائمہ اربعہ کے
اہل سنت مین کوئی مجتہد ہوا ہے نہین نہ قبل اونکے اور نہ بعد اونکے یا اس نظر سے ہو کہ مجتہد تو
سوائے ائمہ اربعہ کے بہت ہوئی ہین لاکن سوائے ان چار کے اتباع کسیکا درست نہین خواہ وہ
صحابی ہو خواہ تابعی خواہ بعد ائمہ اربعہ کے خواہ پہلے اونسے تو یہہ حصر ان دونو نظرون سے

عَلٰی اَمۡرٍ مُتَرَاعِیۡ ۔ اور جو عبارتین تھوا سہ اس دعوی پر طحطاوی وغیرہ سی نقل کیا ہے اون عبارتون مین سے
ایک سی سبب سے معلوم نہین ہوتا کہ اس آیۃ مین ائمہ اربعہ کے مراد ہونے پر اجماع اہل سنت کا ہوا ہے
طحطاوی کی کلام کے تو معنی ظاہری یہہ مین کہ اکٹھا ہو گیا ہے آجکے دن وہ فرقہ ناجیہ مذاہب اربعہ مین
یعنی اگرچہ قبل اس سے سب صحابہ اور تابعین اور مجتہدین آخرین سوائی ائمہ اربعہ اور اتباع اونکے بھی فرقہ
ناجیہ مین داخل تھے لاکن چونکہ زمانہ اونکا منقرض ہو گیا ہے اور کسی صاحب مذاہب کے سوائی ائمہ اربعہ کے اتباع
اور مقلدین نہین رہے تو اب اہل سنت مین سے ائمہ اربعہ ہے کے لوگ باقی رہگئی ہین اور وہ فرقہ انہین
مین اکٹھا ہو گیا ہے تو انصاف سے کہو کہ اس کلام سے اجماع مراد ہونے پر ائمہ اربعہ کے
کہان نکلتا ہے شاید جناب مولف نے لفظ اجتمعت سی کہ جسمین ا ج م ع حروف اجماع کے موجود ہین
اجماع کو استنباط کیا ہی تو استشہاد مولف کا ساتھہ کلام طحطاوی کے باطل ہوا اور باقی اون عبارتون
کو جن سے اجماع سمجھا ہے عنقریب نقل کر کے اونسی جواب دیا جاویگا انشاء اللہ تعالی اب طحطاوی کے
اس دعوی کے کہ آجکے دن اہل سنت مذاہب اربعہ ہی مین منحصر ہین اور سوائی انکی جو ہو سو وہ اہل
بدعت و اہل نار مین سے ہے تحقیق کیے جاتے ہی تو سنو کہ اگر اس حصر کو عادی اور اکثری کہین
تو مسلم الثبوت ہے جیسا کہ عقائد جلالیہ مین حصر اوسکا یے محض کیا ہے اَلۡفِرۡقَۃُ النَّاجِیَۃُ هُمُ الۡاَشَاعِرَۃُ
اَجۡمَعُ وَهُمُ السَّلَفُ الصَّالِحُوۡنَ مِنَ الۡمُحَدِّثِیۡنَ الۡعَارِفِیۡنَ بِاَحَادِیۡثِ رَسُوۡلِ اللّٰهِ صلعم وَتَمۡیِیۡزِ اَقۡسَامِهَا
مِنَ الصَّحِیۡحِ وَالۡحَسَنِ وَالضَّعِیۡفِ وَغَیۡرِهَا وَنَقۡدِهَا مِنَ الۡمَوۡضُوۡعَاتِ انتہی
ما فی العقائد الجلالیہ حالانکہ ماتریدیہ بھی فرقہ ناجیہ مین بلا ریب داخل ہین پس مراد عبارت عقائد جلالیہ سے
حصر عادی و اکثری ہی نہ حصر حقیقی تنہ ملے کہ ماتریدیہ اسمین خارج ہو جاوین کما لا یخفی علی الماہر المتفطن اسی
طور سے توجیہ عبارت طحطاوی کے کیجاوے کہ تمام اہل سلف ائمہ اربعہ اور محدثین اصحاب صحاح
ستہ وغیرہم فرقہ ناجیہ مین داخل ہو جاوین اور جو بزعم اپنے ہر شخص اپنے کو فرقہ ناجیہ ہونے کا
دعوے کرتا ہے اور دوسرے کو خلاف اپنے جانتا ہے تو اسطرحکا دعوے لغو محض ہے شرعًا اور عقیدہ
اہل تعصب کا پیدا ہوتا ہے اَلۡمَشۡهُوۡرُ فِیۡ دِیَارِ الۡخُرَاسَانِ وَالۡعِرَاقِ وَالشَّامِ وَاَکۡثَرِ الۡاَقۡطَارِ
اِنَّ اَهۡلَ السُّنَّۃِ وَالۡجَمَاعَۃِ هُمُ الۡاَشَاعِرَۃُ وَفِیۡ دِیَارِ مَا وَرَاءَ النَّهۡرِ اِنَّ اَهۡلَ السُّنَّۃِ وَ
الۡجَمَاعَۃِ هُمُ الۡمَاتُرِیۡدِیَّۃُ اَصۡحَابُ اَبِی الۡمَنۡصُوۡرِ الۡمَاتُرِیۡدِیۡ کَمَا ذُکِرَ فِیۡ حَاشِیَۃِ

ہی ہین پہر اونکا انکار مکابرہ محض ہے اسلیئے اون مجتہدونکو جو کہ بعد ائمہ اربعہ کے ہوئے ہین بطور مشت
نمونہ خزواری ذکر کیا جاتا ہے تو سنو کہ ایک اونمین سے امام عالیمقام ابو ثور ہین کہ تہے وہ ابتدا
مین حنفی المذہب پہر شافعی مذہب کو مرجح دیکہکر اختیار کیا بعد اسکے بذات خود تبحر حاصل کرکے
مجتہد مستقل متبوع المذہب ہوئے اور بہت لوگ اونکے مقلد ہوئے چنانچہ جنید بغدادی ابتدا مین
اونہین کے مقلد تہے اور قرن خامس تک مقلدین اونکی کثرت سے منتشر ہوئے کذا فی اسماء
الفقہاء اور کہا حافظ الحدیث ذہبی نے کہ ابو ثور تہے امام مجتہد مستقل اور کہا نسائی صاحب صحیح
نے تہے ابو ثور ثقہ مامون احد الفقہاء اور کہا ابن حبان نے کہ تہے ابو ثور ایک امام ائمہ دنیا
سے علم مین اور فضل مین اور فقہ مین اور ورع مین اور کہا امام نووی نے تہذیب مین کہ ابو ثور صاحب
مذہب مستقل تہے اور کہا امام یافعی نے مرآۃ الجنان مین کہ ابو ثور احد الاعلام تہے اور بارع
فی العلم تہے اور کسی کے تقلید نہین کرتی تہی یعنی خود مجتہد مستقل تہے اور ایک اونمین امام المحدثین
حامل رایت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم محمد بن اسمعیل بخاری ہین اجتہاد مستقل اونکا ناظر
صحیح اونکی پر مخفی نہین ہے اور محتاج طرف اثبات کے ساتہہ تصریحات سلف کے نہین
لاکن جنکا یہہ مقولہ ہے کہ ہم حدیث کچہہ نہین سمجہتے اونکی سوای نقل اقاویل کے اطمینان
نہوگی اسلیئے کچہہ اقاویل نقل کیئے جاتے ہین تو سنو کہ علامہ رملی نے امام بخاری کو مجتہد
مستقل لکہا ہے اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے ابو مصعب سے نقل کیا ہے کہ کہا اونہون
نے کہ محمد بن اسمعیل بخاری ہماری دانست مین زیادہ تر ہین علم فقہ اور حدیث مین امام احمد
بن حنبل سے اور کہا کہ اگر پاتا مین امام مالک کو اور دیکہتا طرف اونکی اور طرف محمد بن اسمعیل
بخاری کی تو بیشک کہتا مین کہ دونو برابر ہین فقہ اور حدیث مین اور کہا قتیبہ بن سعید نے
نشست کی مینے بہت سے فقہا اور زہاد اور عباد سے لاکن نہ دیکہا مینے جب سے کہ ہوش سنبہالا
ہے مثل محمد بن اسمعیل کی اور سوال کیا کسی نے قتادہ سے مسئلہ طلاق سکران سے
اتنے مین آپہونچے پاس اون کے بخاری تو کہا قتادہ نے سائل کو کہ اس محمد
بن اسمعیل کو امام احمد سمجہہ لے اور اسحق بن راہویہ سمجہہ لے اور علی بن المدینی سمجہہ لے
بیشک لے آیا ہے اللہ تعالے ان سبکو طرف تیری انتہی اور ایک مجتہد اونمین سے داؤد

باطل ہے اور نئی شریعت نکا لینے ہے اپنے گھر سے ما انزل اللہ بہا من سلطان اور قائل متبع اسکا مطلب اس آیۂ کریمہ کا ہے وَلَا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُکُمُ الْکَذِبَ ھٰذَا حَلَالٌ وَّھٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَی اللّٰہِ الْکَذِبَ اسلیئے کہ اگر نظر اول سے ہو تو ہوس محض ور رجم بالغیب ہے اسیواسطے مولینا نظام الدین لکھنوی جامع العلوم العقلیہ و النقلیہ نے کہا ہے کہ یہہ جو متعصبین نے مشہور کر رکھا ہے کہ اجتہاد ائمہ اربعہ پر ختم ہو چکا ہے یہہ بات غلط ہے اور رجم بالغیب ہے اگر اون متعصبون سے اسکے دلیل پوچھی جاوے تو ہرگز دلیل بیان نکر سکینگے معلوم نہین کہانسے یہہ غیب کے باتین کہتے ہین اور اللہ کے قدرت مین تحکم کرتے ہین سو بچو ایسی تعصبات سے چنانچہ شرح مسلّم مین فرمایا ہے اِعْلَمْ اَنَّ بَعْضَ الْمُتَعَصِّبِیْنَ قَالُوْا اِخْتَتَمَ الْاِجْتِہَادُ الْمُطْلَقُ عَلَی الْاَئِمَّۃِ الْاَرْبَعَۃِ وَلَمْ یُوْجَدْ مُجْتَہِدٌ مُطْلَقٌ بَعْدَھُمْ وَالْاِجْتِہَادُ فِی الْمَذْھَبِ اِخْتَتَمَ عَلَی الْعَلَّامَۃِ النَّسَفِیِّ صَاحِبِ الْکَنْزِ وَلَمْ یُوْجَدْ مُجْتَہِدٌ فِی الْمَذْھَبِ بَعْدَہٗ وَ ھٰذَا غَلَطٌ وَرَجْمٌ بِالْغَیْبِ فَاِنْ سُئِلَ مِنْ اَیْنَ عَلِمْتُمْ ھٰذَا لَا یَقْدِرُوْنَ عَلٰی اِیْرَادِ دَلِیْلٍ اَصْلًا ثُمَّ ھُوَ اِخْبَارٌ بِالْغَیْبِ وَتَحَکُّمٌ عَلٰی قُدْرَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی فَمِنْ اَیْنَ یَحْصُلُ عِلْمُ اَنْ لَّا یُوْجَدَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اَحَدٌ یَتَفَضَّلُ اللّٰہُ عَلَیْہِ بِنَیْلِہٖ مَقَامَ الْاِجْتِہَادِ فَاجْتَنِبْ عَنْ مِّثْلِ ھٰذَا التَّعَصُّبَاتِ انتہی اور مولینا بحر العلوم عبد العلی نے یہی مضمون بعینہ فرمایا ہے بلکہ اس سے زیادہ یہہ کہ وہ لوگ مصداق ہین اس حدیث کے اَفْتَوْا بِغَیْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا یعنی فتوی دیتے ہین بغیر علم کے بس آپ بہے گمراہ ہوتے ہین اور اورون کو بھی گمراہ کرتے ہین چنانچہ شرح مسلّم مین فرماتی ہین ثُمَّ اِنَّ مِنَ النَّاسِ مَنْ حَکَمَ بِوُجُوْبِ الْخُلُوِّ مِنْ بَعْدِ الْعَلَّامَۃِ النَّسَفِیِّ وَاخْتَتَمَ الْاِجْتِہَادَ بِہٖ وَعَنَوْا الْاِجْتِہَادَ فِی الْمَذْھَبِ وَاَمَّا الْاِجْتِہَادُ الْمُطْلَقُ فَقَالُوْا اخْتَتَمَ بِالْاَئِمَّۃِ الْاَرْبَعَۃِ حَتّٰی اَوْجَبُوْا تَقْلِیْدَ وَاحِدٍ مِّنْ ھٰؤُلَاءِ عَلَی الْاُمَّۃِ وَھٰذَا کُلُّہٗ ھَوَسٌ مِّنْ ھَوَسَاتِہِمْ لَمْ یَاْتُوْا بِدَلِیْلٍ وَّلَا یُعْبَاءُ بِکَلَامِہِمْ وَاِنَّمَا ھُمْ مِّنَ الَّذِیْنَ حَکَمَ الْحَدِیْثُ اِنَّہُمْ اَفْتَوْا بِغَیْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا وَلَمْ یَفْہَمُوْا اَنَّ ھٰذَا اِخْبَارٌ بِالْغَیْبِ فِیْ خَمْسٍ لَّا یَعْلَمُہُنَّ اِلَّا اللّٰہُ انتہی بلکہ یہہ انکار صحابہ سے مجتہدین کے اور یہہ گمان کہ سوائے ائمہ اربعہ کے کوئی بہے مجتہد نہین ہوا ہے کذب ظاہری اور انکار بدیہی کا ہے کیونکہ تمام اہل علم قائل ہین کہ سیکڑون مجتہد سوائی ائمہ اربعہ کے ہوئے ہین کیئے پہلے ائمہ اربعہ کے صحابہ اور تابعین اور کئی بعد اونکے سو جو کہ قبل اونکے ہوئے ہین وہ ظاہر ہے

ایک تفسیر اونکی بہت بڑی حجم وضخامت مین موجود ہے کہا امام یافعی نے مرءۃ الجنان مین
کہ ابو جعفر طبری ایک عالم تہے بڑے علما مین سے اور تہے صاحب تفسیر کبیر اور تاریخ شہیر
کے اور صاحب مصنفات عدیدہ اور اوصاف حمیدہ کے اور تہے مجتہد اور کسیکی تقلید
نہین کرتے تہے انتہی اور کہا **قاضی ابن خلکان نے وفیات الاعیان** مین
ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید بن خالد اور کہا بعض نے یزید بن کثیر بن غالب تہے صاحب تفسیر
کبیر اور تاریخ شہیر کی اور تہے امام کئی فنون مین یعنی تفسیر اور حدیث اور فقہ اور تاریخ وغیرہ مین
اور اونکی تصنیف مین کئی ایسی کتابین ہین کہ اونکی وسعت قدر اور طبیعی فضل پر دال ہین
اور وہ تہے آئمہ مجتہدین مین سے کسی کے مقلد نہ تہے اور ابن الفرج معافی بن زکریا نہروانی
جو کہ ابن طرار کر مشہور ہے اونہین کے مذہب پر تہے اور پیدائش اونکی سنہ ۲۲۴ دو سے
چوبیس مین ہوئی تہی اہل طبرستان مین اور وفات پائیے ہین آخر وقت دن کے اور
مدفون ہوئے اتوار کے دن شہر بغداد مین ستائیسوین شوال کو سنہ تین سنہ ۳۱۰ سے دس
مین انتہی اور کہا حافظ **ابو محمد ابن حزم** نے کہ مین نہین دیکہتا ہون روی زمین پر
محمد بن جریر سے بڑا عالم اور بیشک ظلم کیا حنبلیون نے اوس سے اور کہا **شیخ**
جلال الدین السیوطی نے کہ محمد بن جریر پہونچ گئے تہے مرتبہ اجتہاد مطلق کو اور
مدون کیا اونہون نے اپنا مذہب مستقل اور بہت لوگ اونکے مقلد ہوئے اور اونہین
کے مذہب پر اون مقلدین نے قضا اور فتوے جاری کئے اور وے لوگ جریریہ
کہلاتے تہے اور کہا **خطیب بغدادی** نے کہ محمد بن جریر ایک امام تہے اون آئمہ مین
سے جنکی طرف رجوع کیا جاتا تہا اور اونکے حکم پر چلا جاتا تہا انتہی اور ذکر کیا ہے **شیخ**
ابو اسحق شیرازی نے اونکو طبقات فقہا اور محدثین مین اور ایک اونمین سے
شیخ عز الدین بن عبد السلام ہین اور ایک **ابن دقیق العید** ہین کہ یہ دونون
صاحب بہی مرتبہ اجتہاد مطلق کو پہونچ گئے تہے چنانچہ فاضل **حبیب اللہ قندہاری**
معتنم الحصول مین فرماتے ہین **فقال بعضھم لا یختلف اثنان**
ان ابن عبد السلام وابن دقیق العید بلغا رتبۃ الاجتھاد انتھی

ظاہری ہینے کہ تہا وہ مجتہد مستقل صاحب اتباع کثیرہ کہا امام یافعی نے مراۃ الجنان مین
کہ تہے داؤد ظاہری فقیہ اور امام اصبہانی صاحب مذہب مستقل اور بہت لوگ اونکے مقلد ہوئے
جو کہ ظاہری کر مشہور رہے تہے اور کہا شیخ ابو اسحق شیرازی نے طبقات مین کہ داؤد ظاہری
مجتہد تہے اور آئمہ متبوعین مین سے تہے اور کہا قاضی ابن خلکان نے وفیات الاعیان
مین کہ ابو سلیمن داؤد بن علی بن خلف الاصبہانی امام مشہور تہے اور ظاہری کہ معروف
تہے اور بڑے زاہد اور نفل گذار تہے علم حاصل کیا تہا اسحق بن راہویہ اور امام ابو ثور سے اور
امام شافعی کی طرف بہت میلان رکہتے تہے اور اونکی مدح مین کچھ تصنیف بہی کی تہی اور تہے
صاحب مذہب مستقل کے تابع ہوئے اونکے بہت لوگ جو ظاہری کہلاتی تہے اور تہا بیٹا
اونکا ابو بکر محمد اوہمین کے مذہب پر اور منتہی ہوئے طرف داؤد کے ریاست علم کے شہر
بغداد مین اور کہا گیا ہے کہ اونکی مجلس مین چار سو سبز چادر پوش حاضر ہوا کرتے تہے اور تہے
بڑے عقلمند کہا ابو العباس احمد بن یحیے نے جو معروف تہے ثعلب کر بیچ حق داؤد کے کہ تہی
داؤد ایسے کہ عقل اونکی زیادہ تہی علم سے اونکے اور پیدایش اونکی کوفے مین ہوئی ہے سنہ
دو سو دو مین ۲۰۲ اور بعض روایت مین دو سو ایک مین اور نشو و نما پائی بغداد مین اور فوت ہوئے
سنہ ستر ماہ ذیقعدہ مین یا رمضان مین انتہی اور کہا علامہ محلی نے شرح جمع الجوامع مین کہ
داؤد ایک پہاڑ تہے پہاڑون علم اور دین کیسے اور اونکو محکمی نظر کی اور فراخی علم کی اور غور بصیرت
کا اور احاطہ اقوال پر صحابہ اور تابعین کی اور قدرت اوپر استنباط مسائل کی اسقدر تہی کہ اب
متعذر اور عظیم ہے وقوع اوسکا اور بیشک مدون ہوئین کتابین اونکی اور بہت ہوئی اتباع
اونکی اور ذکر کیا ہے اونکو شیخ ابو اسحق شیرازی نے اپنی طبقات مین اون امامون مین
جو اتباع کئے گئے ہین بیچ فروع کے اور تہی وہ مشہور زمانہ مین شیخ کے اور بغداد کے
بہت جگہ خاص کر بلاد فارس مین مثل شیراز کی اور متصل اوسکے جانب عراق تک اور بیچ بلاد
مغرب کے انتہی اور شیخ بلقانی نے بہی شرح جوہرہ مین داؤد ظاہری کو مجتہد مستقل
کہا ہے اور عینی حنفی نے بہی شرح بخاری مین مجتہد مستقل قرار دیا ہے اور ایک اونمین سے
امام ابو جعفر محمد بن جریر طبری ہین کہ تہی وہ مجتہد مستقل بڑے زبردست عالم اور بڑے فقیہ

بیان کیا گیا اور تفصیل بحث مین ابطال تخصیص مذہب معین کی آویگی انشاء اللہ تعالیٰ
تتنبہ کلام طحطاوی کا جس سے مولف اجماع اوپر مراد ہونی آئمہ اربعہ کی فاسئلوا اہل
الذکر سے سمجھتا تھا خوب منقح ہوا اور یہہ بھی خوب ثابت ہوا کہ اس سے وہ اجماع نہین
نکلتا اب اور عبارتون کو جنسے وہ اجماع سمجھا ہے نقل کرکے اون سے جواب پایا جاتا
ہے قال اور کہا شیخ محقق ابن ہمام کمال الدین صاحب فتح القدیر نے بیچ کتاب
تحریر کے کہ علم اصول مین ہے انعقد الاجماع علی عدم العمل بالمذاہب المخالفۃ
للائمۃ الاربعۃ انتہی اور کہا صاحب بحر الرائق نے بیچ کتاب اشباہ والنظائر
کے فن اول مین من خالف الائمۃ الاربعۃ فھو مخالف للاجماع یعنی جو
کوئی مخالف ہے چارون امامون کے پس وہ مخالف ہے اجماع کے اور کہا قاضی ثناء اللہ
پانی پتی نے تفسیر مظہری مین بیچ تفسیر اس آیہ کے ولا یتخذ بعضنا بعضا اربابا من
دون اللہ فان اہل السنۃ والجماعۃ قد افترق بعد القرون الثلثۃ او الاربعۃ علی
اربعۃ مذاہب ولم یبق فی فروع المسائل سوی ہذہ المذاہب الاربعۃ فقد انعقد
الاجماع المرکب علی بطلان قول یخالف کلھم وقد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم لا یجتمع امتی علی الضلالۃ وقال اللہ تعالیٰ و یتبع غیر سبیل
المؤمنین نولہ ما تولی ونصلہ جہنم وساءت مصیرا انتہی ثم ترجمہ بالہندیۃ ثم قال
اور اسیطرح اجماع مرکب چارون امامونکا اسپر ہوا ہے کہ جو بات خلاف ان چارون کے
ہے وہ باطل ہے اور ہونا اجماع مرکب آیمہ اربعہ کا اوپر باطل ہونے عمل کے کہ وہ مخالف
ہو ان سب کے پوشیدہ نہین کسی شخص پر خواہ عوام ہون خواہ خواص پس دلیل نقل
کرنی اقوال کی اسپر ضرور نہین بعض کا قول سمین کافی ہے کہا فخر الدین رازی صاحب
تفسیر کبیر نے بیچ کتاب محصول کے کہ وہ علم اصول مین ہے ان الامۃ اذا اختلفت فی
مسئلۃ علی اقوال کان اجماعھم علی ان ماعداھا باطل پھر کہا آگے المراد من الامۃ الائمۃ
انتہی یعنے جب امت مختلف ہو ایک مسئلہ مین کئی اقوال پر تو ہوتا ہے اجماع اوس امت
کا اسپر کہ سوای اونکے اقوال کے باطل ہے اور مراد امت سے چارون امام ہین پس بسبب

پس تو مشت نمونہ خروارے ذکر کیا بعض مجتہدونکا جو کہ آئمہ اربعہ کے ہوئے ہین کیا گیا طالب شایق کو لازم ہے کہ کتب تواریخ اور طبقات فقہا کو ملاحظہ کرے ہماری غرض یعنی ابطال حصر مذاہب اربعہ بنظر اول اسیقدر مین حاصل ہوگئی ہے اور اگر یہہ حصر بنظر ثانی ہو یعنی اس نظر سے ہو کہ مجتہد تو آیمہ اربعہ کے سوای کتنے ہی ہوئے ہین قبل اونکے صحابہ اور تابعین اور بعد انکے مجتہدین آخرین لاکن اتباع کسی کا سوائے ان چارونکے درست نہین تو بہی باطل ہونا اس حصر کا ظاہر ہے اسلیئے کہ یہہ حصر نسخ کرتا ہے عام کتاب اللہ کو اور رد کرتا ہے حدیث خَیْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِی ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَھُمْ الحدیث کو اور رد کرتا ہے حدیث ابن مسعود کو مَنْ کَانَ مُسْتَنًّا فَلْیَسْتَنَّ بِمَنْ قَدْ مَاتَ فَاِنَّ الْحَیَّ لَا یُؤْمَنُ عَلَیْہِ الْفِتْنَۃُ اُولٰئِکَ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم کَانُوْا اَفْضَلَ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ وَاَبَرَّھَا قُلُوْبًا وَاَعْمَقَھَا عِلْمًا وَاَقَلَّھَا تَکَلُّفًا اِخْتَارَھُمُ اللہُ بِصُحْبَۃِ نَبِیِّہٖ وَاِقَامَۃِ دِیْنِہٖ فَاعْرِفُوْا لَھُمْ فَضْلَھُمْ وَاتَّبِعُوْھُمْ عَلٰی اٰثَرِھِمْ وَتَمَسَّکُوْا بِمَا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ اَخْلَاقِھِمْ وَسِیَرِھِمْ فَاِنَّھُمْ کَانُوْا عَلَی الْھُدَی الْمُسْتَقِیْمِ رواہ رزین اور مخالف ہے اجماع صحابہ کے اور اجماع تمام مسلمین کے جو کہ علامہ قرافی نے نقل کیا ہے اور مخالف ہے قیاس کے اور برخلاف ہے تصریحات سلف اور خلف کے چنانچہ مبحث مین تقلید شخصی کی بوجہ بسط معلوم ہوگا اسیواسطے علامہ ابن حزم کتاب ابطال التقلید مین فرماتے ہین فَمَا الَّذِیْ خَصَّ اَبَا حَنِیْفَۃَ وَمَالِکًا وَالشَّافِعِیَّ بِاَنْ یُّقَلَّدُوْا دُوْنَ اَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِیٍّ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَۃَ وَدُوْنَ سَعِیْدِ ابْنِ الْمُسَیَّبِ وَالزُّھْرِیِّ وَالنَّخَعِیِّ وَالشَّعْبِیِّ وَعَطَاءٍ وَطَاؤُسٍ وَالْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ رضی اللہ عنہم انتھی اور مولانا بحر العلوم شرح مسلم مین فرماتے ہین فَاِنَّ الْمُقَلِّدَ اِنْ فَھِمَ مُرَادَ الصَّحَابِیِّ عَمِلَ وَاِلَّا سَاَلَ عَنْ مُّجْتَھِدٍ اٰخَرَ فَافْھَمْ اِلٰی اٰخِرِہٖ اور شرح تحریر مین فرماتے ہین اَلصَّحَابَۃُ اَحَقُّ بِالتَّقْلِیْدِ فَاِنَّھُمْ اَقْرَبُ اِلٰی اَخْذِ الْاَحْکَامِ مِنْ صَاحِبِ الْوَحْیِ اِلٰی اٰخِرِہٖ اور چونکہ تحقیق مذاہب اربعہ کی بنظر ثانی مثل تخصیص مذہب معین کے ہے اور وجہ بطلان اون دونون کی متحد ہے اسلیئے اس مقام مین قدر قلیل

هٰذَا القَيْدُ مِنْ لُزُوْمِ عَدَمِ اِنْعِقَادِ الْاِجْمَاعِ اِلَى اٰخِرِ الزَّمَانِ اِذْ لَا يَتَحَقَّقُ اِتِّفَاقُ الْمُجْتَهِدِيْنَ اِلَّا حِيْنَئِذٍ وَّلَا يَخْفٰى اَنَّ مَنْ تَرَكَهٗ اِنَّمَا تَرَكَهٗ لِوُضُوْحِهٖ لٰكِنَّ التَّصْرِيْحَ بِهٖ اَنْسَبُ بِالتَّعْرِيْفَاتِ انتہے وہکذا فی السامی شرح الحسامی وغیرہ اور بعبارات ان دو امرونکو لحاظ کرینگے انعقاد اجماع بسیط کا اور بطلان قول مخالف کے واسطے آیمہ اربعہ کے ممکن نہوگا اسلئے کہ اہل اجماع اگرخود آیمہ اربعہ کو ٹہیراوین تو بلحاظ امر ثانی یعنے اتحاد زمانہ کے نہین کہہ سکتے کیونکہ زمانہ آئمہ اربعہ کا ایک نہین کما لایخفی اور اگر مقلدین کو آئمہ اربعہ کے اہل اجماع کہین تو بلحاظ امر اول یعنے مجتہد ہونے اہل اجماع کے نہین کہہ سکتے اور یہہ متصور ہی نہین کہ اور مجتہدین نے سوائے آیمہ اربعہ کے بطلان پر اوس قول کے جو مخالف ہو آیمہ اربعہ کے اجماع کیا ہے اسلئے کہ اسمین بطلان اونکے اقاویل مخالفہ کا بہی لازم آتا ہے اور اسکا کوئی قائل نہین کہ مجتہدین اپنے قولونکو باطل کہین اور دوسرے مجتہدین کی تقلید جوکہ حرام ہے اونکے حق مین اختیار کرکے اونکے اقاویل کا اتباع واجب کہین تو ثابت ہوا کہ فہم معنی اول کا یعنے اجماع بسیط کا اون تین عبارتونسے غلط ہے تو اب سنو کہ فہم معنی ثانی کا یعنے اجماع مرکب غیر آیمہ اربعہ کا اون تین عبارتونسے بوجہ اظہر باطل ہے اسلئے کہ اجماع مرکب نام ہے اختلاف کا چنانچہ مولف ہی کے قول مین جسمین عبارت محصول کی لایا ہے موجود ہے اور جبکہ اختلاف ایمہ اربعہ کا مبطل قول مخالف کا ٹہیرایا گیا تو اس اختلاف کو اجماع اور مجتہدونکا کسطرح کہا جائیگا کَمَا لَا يَخْفٰى عَلٰى مَنْ لَهٗ اَدْنٰى فِطَانَةٍ اور جبکہ مولف کا فہم دونو معنونکو باطل ہوا تو سنو کہ ان چارون عبارتونکے معنی یہی ہین کہ اجماع مرکب آیمہ اربعہ کا ہے اور بطلان اوس قول کے جو مخالف ہو ایمہ اربعہ کے تو ان عبارتونسے یہی معلوم نہوا کہ آیمہ اربعہ کی مراد ہونے پر بیچ آیۃ اہل الذکر اجماع ہوگیا ہے لاکن ان عبارتونسے انحصار بیشک سمجھا جاتا ہے اسلئے جواب دینا انسے ضرور ہوا تو سنو کہ ان عبارتونسے جواب یہہ ہے کہ یہہ عبارتین مخالف ہین تصریح سب علماء سلف اور خلف کی اور نسبت پہلی عبارت کی طرف شیخ ابن الہمام کے اور نسبت چوتھی عبارت کی طرف امام رازی کے معرض منع مین ہے حاشا کہ شیخ نے یا رازی نے یہہ دعوی جو کہ ان عبارتونسے مستفاد ہوتا ہے کیا ہو تو جیسا کہ سابق مین امام نواوی پر

اس اجماع سے کہ نقل کیا گیا ہے انھون سے کہا محدث ابن صلاح نے کہ وہ مشہور ہے
درمیان اہل حدیث اور اصول کے اَنَّ تَقْلِيْدَ غَيْرِ الْاَرْبَعَةِ مَمْنُوْعٌ کہا ہے مسلم الثبوت این اور
مسلم الثبوت مین جو لکھا ہے وَفِيْهِ مَا فِيْهِ یعنے اسمین شبہ ہے پس وہ اوٹھہ گیا شبہ اوسکا
ساتھہ نقل کرنے ان ثقات مذکورین کے اس اجماع کو اقول اس قول ثالث سے
معلوم ہوتا ہے کہ مولف نے پہلے تین عبارتون سے یا تو اجماع بسیط سمجھا ہے
اسلئے اب کہتا ہے کہ اسیطرح اجماع مرکب بہی ہوا ہے اور یا اونسے بہی اجماع مرکب ہے
سمجھا ہے لاکن کسی اور کا سوائے آیمہ اربعہ کے اسلئے اب کہتا ہے کہ اسیطرح اجماع
آیمہ اربعہ کا بہی ہوا ہے تو سنو کہ سمجہنا اوسکا اول معنی کو ان تین عبارتونسے غلطی فاحش
ہے کیونکہ غلطی سمجہنی معنی اول کی یعنے اجماع بسیط کی عبارت قاضی صاحب کیسی تو
ظاہر ہے اسلئے کہ اوسمین ساتہہ لفظ اجماع کے لفظ مرکب کا بہی منضم ہے اسیطرح
عبارت تحریر کی اور اشباہ کی اگر تسلیم کیا جاوے وجود اوسکا تو اوسمین بہی لفظ اجماع
کے سوائے اجماع مرکب کے معنی نہین کر سکتے کیونکہ منعقد ہونا اجماع بسیط کا اوپر
بطلان حکم مخالف کے واسطے آیمہ اربعہ کے کسیطرح متصور نہین اور آجتک کسی عاقل
نے یہہ دعوے نہین کیا پہر ایسے معنی باطل ایسے شخصون کے کلام کے کسیطرح کئے جاوین اور
وجہ نہ متصور ہونے اوس اجماع کی یہہ ہے کہ اجماع بسیط مین دو امر ضروری ہین ایک تو
مجتہد ہونا اہل اجماع کا اور دوسرا ہم عصر ہونا اور ایک عصر مین اتفاق کرنا اونکا جیسا کہ
صدر الشریعہ تنقیح مین فرماتے ہین اَلرُّكْنُ الثَّالِثُ فِي الْاِجْمَاعِ وَهُوَ اِتِّفَاقُ الْمُجْتَهِدِيْنَ
مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عَصْرٍ عَلٰى حُكْمٍ شَرْعِيٍّ انتہے یعنے
اتفاق کرنا تمام مجتہدین ایک عصر کا کسی امر شرعی پر اور علامہ سعد الدین تفتازانی
نے کہا ہے کہ قید ایک زمانہ مین اختلاف کرنیکی بہت ضرور ہے ورنہ قیامت تک
اجماع نہین پایا جائیگا اسلئے کہ اتفاق سب مجتہدین ہر زمانہ کا تو اسیوقت ہوگا جبکہ
قیامت برپا ہوگی اور اجتہاد ختم ہوگا چنانچہ تلویح مین فرماتے ہین قوله فِيْ عَصْرٍ حَالٌ
مِنَ الْمُجْتَهِدِيْنَ مَعْنَاهُ زَمَانٌ قَلَّ اَوْ كَثُرَ وَفَائِدَتُهُ الْاِحْتِرَازُ عَمَّا يَرِدُ عَلٰى مَنْ تَرَكَ

ثانی اجماع مرکب

کیا ہے کہ اس اعتراض سے جواب دینا سخت امر ہے چنانچہ نور الانوار مین بعد بیان اجماع مرکب کے فرماتے ہین عِندِی اَنَّ ھٰذَا الاَصلَ ھُوَ المَنشَاءُ لِانحِصَارِ المَذَاھِبِ فِی الاَربعۃِ وبُطلَانِ الخَامِسِ المُستَحدَثِ ولٰکن یَرِدُ علیہ انہ اِن اُرِیدَ بِالاِختِلَافِ الاِختِلَافُ مُشَافَہۃً فی زمانٍ واحدٍ فَیَنبَغِی اَن یَکُونَ مَذھَبُ الشافِعِیِّ واَحمَدَ بنِ حَنبَلٍ رح باطلاً حین اختلف ابوحنیفۃ ومالکٌ رح فی زمانٍ واحدٍ واِن اُرِیدَ بِالاِختِلَافِ اَعَمُّ مِن اَن یکونَ فی زمانٍ واحدٍ اَم لَا فکیفَ لَا یُعتَبَرُ اختِلَافُنَا کَمَا اعتُبِرَ اختِلَافُ الشافِعِیِّ واحمدَ بنِ حنبلٍ والجوابُ عنہ صَعبٌ وقَد بَالَغتُ فی تحقیقہٖ فِی التفسیرِ الاَحمَدِیِّ

انتہے کاتب الحروف التماس کرتا ہے کہ حضرات مدعین اجماع کو حسرت نہو کہ ملا احمد نے خدا جانے تفسیر احمدی مین کیا کچھہ تحقیق کی ہے کیونکہ یہہ عاجز اوس کلام کو اونکی بہی نقل کرتا ہے اور بعد نقل کے اوسکی جوابدہی سے بہی مشرف ہوگا قَالَ فِی التَّفسِیرِ الاَحمَدِیِّ ولیتَ شعرِی مَا معنَی الاختلافِ فی الاقوالِ اَھُوَ فی زمانٍ واحدٍ بالمُشافَہۃِ اَم مُطلَقًا فان کان مطلقًا فالاختلافُ باقٍ الی یومِ القیٰمۃِ فلم تنحصرِ المذاھبُ فی الاربعۃِ وان کان فی زمانٍ واحدٍ فمن المعلومِ اَنَّ زمانَ الشافعِیِّ رح وزمانَ احمدَ بنِ حنبلٍ غیرُ زمانِ ابی حنیفۃَ ومالکٍ فاذا اختلفَ ابو حنیفۃَ ومالکٌ رح ینبغی ان یکونَ اجماعًا علی بُطلانِ قولِ الشافعِیِّ واحمدَ بنِ حنبلٍ رح اِلَّا اَن یُقالَ الاختلافُ المعتبرُ ھو الذی فی زمانٍ واحدٍ والشافعیُّ وغیرُہ اذا قالوا قولًا انما یقولونَ اذا جرٰی بہ رأیُ ابی یوسفَ ومحمدٍ مَعَ ابی حنیفۃَ رح او کانَ الاختلافُ بَینَ الصَّحابۃِ وقد اخذ ابو حنیفۃَ رح بقولِ صحابیٍّ والشافعیُّ رح بقولِ صحابیٍّ آخرَ انتہی اس کلام مین اعتراض تو وہی ہے جو کہ نور الانوار کی عبارت مین گذرا ہے اور جواب اوس سے یہہ دیا ہے کہ شق اول کو یعنے اعتبار اتحاد زمانہ کو اختیار کیا اور دفع اوس ایراد کا جو اس شق پر ہوتا تہا دو وجہہ سے ہے وجہ اول یہہ کہ امام شافعی اور امام احمد نے امام اعظم سے اوسی قول مین اختلاف کیا ہوگا جسمین ابو یوسف اور امام محمد کی رائے ابو حنیفہ سے متحد ہوگی تو اختلاف شافعی اور احمد کا ابو یوسف اور محمد سے بعینہ اختلاف ہوا ابو حنیفہ سے نظر الی الاتحاد اور اختلاف اونکا ابو یوسف اور محمد سے تو ایک ہی زمانہ مین ہوا ہے تو لازم آیا کہ ابو حنیفہ

بہتان مولف کا معلوم ہوا ہے ایسا ہی یہہ بھی کذب معلوم ہوتا ہے اور اگر جناب مولف تصحیح نقل کریں بھی دین اور شیخ نے اور رازی نے یہہ دعوی کیا بھی ہو جیسا کہ قاضی صاحب نے کیا ہی تو دعوی اونکا مخالف دلیل اجماعی کے اور نامقبول عند ارباب العقول ور وجہ مخالف ہونے اوس دعوی کی دلیل اجماعی سے یہہ ہے کہ ہر اجماع مرکب ہو خواہ بسیط اوسمین اتحاد زمانے اہل اجماع کا شرط ہے ورنہ قیامت تک اجماع منعقد ہی نہو چنانچہ ابھی کلام علامہ تفتازانی کا متضمن ان معنی کا گذرا بلکہ خاصکر اجماع مرکب کی تعریف مین بھی یہہ امر ملحوظ ہے اسلیئے کہ اجماع مرکب عبارت ہے اختلاف سے تو چاہیئے کہ زمانہ اختلاف کرنے والون کا ایک ہو ورنہ اجماع مرکب قیامت تک منعقد نہو گا کیونکہ اختلاف مجتہدین مختلفین ہر زمانہ کا تو اوسے دن ہو چکے گا جبکہ قیامت برپا ہو گی ور امید اختلاف کرنے مجتہدین کی منقطع ہو گی چنانچہ عنقریب تفسیر احمدی سے معلوم ہو گا اسیواسطے کتب اصول فقہ کشف بزدوی اور مسلم اور نور الانوار وغیرہ میں اتحاد زمانہ پر تصریح کی ہے کما مسلم من ذا لم یتجاوز اہل العصر علی قولین فی مسئلۃ لم یجز احداث ثالث عند الاکثر و خصہ بعض الحنفیۃ بالصحابۃ و جاز عند طائفۃ مطلقا و مختار الآمدی للرازی لان رفع ما اتفقا علیہ ممنوع انتہی وکذا فی الکشف وغیرہ اور آئمہ اربعہ کا اختلاف ایک زمانہ مین نہین ہوا اسلیئے کہ امام اعظم کے سال وفات مین پیدائش امام شافعی کی ہی اور امام احمد اونسے بھی بعد پیدا ہوئے پھر اونکے اختلاف کو کسطرح اجماع مرکب قرار دیا جاوے اور اگر بطور تنزل کے اجماع مرکب مین اتحاد زمانہ مشروط نہین تو بھی لازم آتا ہی کہ فقط ائمہ اربعہ کے اختلاف کو اجماع مرکب نہین بلکہ یہہ کہین کہ اونکا اختلاف و امام ابو ثور کا اور امام بخاری کا اور داود ظاہری کا اور امام محمد بن جریر طبری کا کسی مسئلہ مین اجماع مرکب ہے اور بطلان قول آخر کے تو عدم اعتبار اتحاد زمانہ سے تمہاری ہی دلیل سے خلاف مذاہب اربعہ کا درست ہوا اور انحصار باطل ہوا اور یہہ دلیل اولٹی تمپر حجت ہوئی بلکہ اس عدم اعتبار اتحاد زمانہ سے لازم آتا ہی کہ قیامت تک اجماع مرکب پایا نہ جاوے کیونکہ اختلاف سب مجتہدین کا اوسیدن ہو چکے گا تو ورے اوسکے ہر دو مذہبکا اختلاف درست ہو گا تو بنظر اسی عضال اشکال کے اور بے دلیل ہونے بلکہ مخالف دلیل ہونے دعوی اجماع مرکب آئمہ اربعہ کی صاحب تفسیر احمدی نے اثبات سے اس دعوے کے عاجز ہو کر اعتراف

بیان خطا

بجمیع اجزاء مذاہب اربعہ پر اجماع مرکب منعقد ہے اور وجہ ثانی کا لغو ہونا بھی ظاہر ہے کیونکہ وجہ
ثانی سے اسقدر لازم آتا ہے کہ جس مسئلہ مین اختلاف آئمہ اربعہ کا موافق اختلاف صحابہ کے ہوگا
اوسمین احداث قول آخر کا ممنوع ہے نہ سب مسائل مین اور بہت سے مسائل قیاسیہ مختلف فیہا
آئمہ اربعہ کی ایسی ہین جو اونمین اختلاف اونکا طرف اختلاف صحابہ کے راجع نہین ہے پہر اونمین
احداث قول آخر کا درست ہوگا تو جواب ملا احمد صاحب رح کا بوجہ احسن مخدوش اور باطل ہوا اور
دعوی انحصار مذاہب کا بزعم اجماع مرکب کی بوجہ اوضح منقوض ہوا فالحمد لله علی توفیقه والهامه
الحق بتحقیقه پس ناظرین اہل انصاف اور علماء اصول بے اعتساف سے امید غور اور انصاف
کی ہے اور یہہ جو مولف نے اخیر مین قول ثالث کے دعوے کیا ہے کہ ابن صلاح نے اس
تفسیر سے کہ مذاہب اربعہ پر اجماع مرکب منعقد ہوگیا ہے تقلید غیر الاربعہ کو ممنوع کہا ہے اور مولف
نے اس دعوی کو کتاب مسلم الثبوت کی طرف مسند کیا ہے یہہ غلط محض اور کذب بحت ہے
اسلیے کہ جو مسلم الثبوت مین لکہا ہے کہ ابن صلاح نے تقلید غیر الاربعہ کو اس نظر سے منع
کیا ہے کہ یہہ مذاہب اربعہ خوب مدون اور منفصل ہوگئی ہین اور باب باب اور فصل فصل کیے گئی
ہین اور خوب مہذب اور منقح اور معلل ہوگئی ہین اور سواے ان مذاہب کے یہہ تحقیق اور تفصیل اور
تعدیل و ثبوت اور تنقیح کسیمین پائی نہین جاتی اور صاحب مسلم نے ابن صلاح کی اس نظر
کو جو در اصل مبنی اسکا قول امام الحرمین کا ہی ہی باطل کردیا ہے بدلیل اجماع صحابہ اور اجماع
تمام مسلمین کے اور مسلم کی شرح مین مولانا بحر العلوم لکہنوی حنفی نے خوب تفصیل سے
دلائل سے قول ابن صلاح کو اور اوسکے مبنی کو باطل کیا ہے اور اچہی طرح سے تخصیص اور تعیین
مذاہب اربعہ کو اوٹہا دیا ہے چنانچہ کہا ہے مسلم اور شرح بحر العلوم مین قال الامام
اَجمَعَ المحققون علی منع العوام من تقلید اعیان الصحابة رضوان الله تعالی
علیهم فان اقوالهم قد تحتاج من استخراج الحکم منها الی تنقیة کما فی السنة
ولا یقدر العوام علیه بل یجب علیهم اتباع الذین سبروا ای تعمقوا وبوبوا
ای اوردوا ابوابا بکل مسئلة علی حدة فهذبوا مسئلة کل باب
ونقحوا کل مسئلة عن غیرها وجمعوا بجامع وفرقوا بفارق وعللوا ای

سے یہی ایک ہی زمانہ مین ہوا اور وجہ دوسری یہہ کہ بیشک بسبب اخذ اتحاد زمانہ کے
ائمہ اربعہ کا اپنا خاص اختلاف تو اجماع مرکب نہین ہوسکتا لاکن چونکہ اختلاف اونکا رجوع
کرتا ہے طرف اختلاف صحابہ کے اسلیئے یہہ اختلاف اجماع مرکب ہوسکتا ہے اسلیئے
کہ اختلاف صحابہ کا بلاخلاف اجماع مرکب ہونا مسلم ہے **اقول فی الجواب عن جوابہ**
یہہ جواب دونون وجہ سے باطل ہے وجہ اول تو قابل مضحکہ کے ہے کیونکہ جب ایکدفعہ اختلاف
امام مالک اور امام اعظم کا مثلاً مقدار مسح سر مین ایک زمانہ مین واقع ہوا اور اسکو اجماع مرکب
فرض کیا گیا تو بعد انعقاد اجماع کے وقت احداث شافعی کے قول ثالث کو مسح سر مین جو
مخالف ہے اون دونو کی موافقت رای ابو یوسف اور محمد کے ابو حنیفہ سے کیا فائدہ کریگی
بلکہ اگر ابو یوسف کو خود ابو حنیفہ ہی فرض کیا جاوے تو بھی کچھ فائدہ نہین اسلیئے کہ اجماع مرکب
ایکدفعہ منعقد ہوگیا اور احداث قول ثالث کا باطل ٹھہرایا گیا اور اگر کہو کہ وقت اختلاف امام
مالک اور امام اعظم کے فی الفور اجماع نہوا تھا بلکہ امام شافعی کی انتظاری تھی اور جبکہ اونکا
اختلاف ہمعصر ابو یوسف اور امام محمد کے ہوگیا تو اجماع مرکب منعقد ہوا تو ہم کہینگے کہ ایسا
ہی امام بخاری اور طبری اور داؤد ظاہری اور سوا اسکے اور مجتہدونکی قیامت تک انتظاری
کرنی چاہیے اور اگر انتظاری شافعی کی کو اور اونکی انتظاری سے کوئی مرجح شرعی ہو تو بیان کرو
علاوہ یہہ کہ اس وجہ سے اختلاف سب مجتہدونکا قیامت تک ایک زمانہ مین ہو جائیگا
کیونکہ جسطرح ابو یوسف کے ہمعصری امام شافعی سے بواسطہ اتحاد رائے ابو یوسف کے امام اعظم
سے موجب ہوئی ہمعصری امام شافعی کو امام اعظم سے اسیطرح ہمعصری کسی اور موافق فی الرای
اونکی کے مثلاً امام ابو ثور یا امام طبری سے یا کسی اور مجتہد سے قیامت تک موجب ہوگی ہمعصری
ابو ثور وغیرہ کی امام اعظم سے کیا وقت اختلاف ابو ثور یا بخاری کی یا کسی اور مجتہد کی قیامت
تک کوئی شخص موافق فی الرای امام اعظم یا امام شافعی اور احمد کا نہوگا **علاوہ** یہہ کہ یہہ
اوسی صورت اور اوسی مسئلہ مین جاری ہوگی جسمین امام ابو یوسف وغیرہ امام اعظم سے متفق ہونگے
اور بہت سے مسائل مین جنمین امام ابو یوسف اور امام محمد امام سے مخالف ہین اونمین اس وجہ سے
اجماع مرکب منعقد نہوگا حالانکہ مدعا یہہ تھا کہ ہر مسئلہ مذاہب اربعہ کے کا خلاف درست نہین اور

اعتراض مسلم کا اجماع صحابہ کا ہے جسکے بعد کوئی اجماع مخالف اوسکے اور ناسخ اوسکا باجماع
اہل اصول کے مقبول نہین ہے اور اجماع تمام مسلمین کا ہے جوکہ قرافی نے نقل کیا ہے
اور مبنی مولف کے جواب کا اختلاف ائمہ اربعہ کا ہے جسکو بی دلیل وحجۃ اجماع مرکب نام رکھ
لیا ہے اور جسکے قرار واقعی تغلیط کی گئی ہے فتدبر وَلَا تَكُنْ مِنَ الْمُغْتَرِّيْنَ تمنبیہ بعد رد
کردینے دعوی اجماع مرکب کے حاجت رد کرنے کی باقی کلام کو مولف کی نہین رہی کیونکہ
وہ تمام اسی سے مستنبط اور اسی پر مبنی ہے اور جبکہ مبنی اور اصل باطل ہو گیا تو جوکہ اوپر
بنا کیا گیا ہے اور اوسپر متفرع کیا ہے بطریق اولی باطل ہو گیا لاکن چونکہ کلام باقی مولف کا قطع
نظر بطلان دعوی اجماع مرکب کے سے اور دلائل اور وجوہات سے بھی باطل تہا اسلیئے اسکی رد کے
درپے ہوتے ہین قال پس ثابت ہوئین اس سے کتنی باتین اول تو یہہ کہ باطل ہوا قول
اون جہلا کا کہ کہا اونہون نے تقلید شرک ہے بسبب قول اللہ تعالے کے قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ
تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَ
لَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ اور بسبب
قول اللہ تعالے کے اتَّخَذُوا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ پس حاصل یہہ کہ یہہ قول باطل ہے
بسبب اس اجماع کے کہ منقول ہے بڑے علما سے اور بسبب قول اللہ تعالی کے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا
أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ اور بسبب اس قول اللہ تعالے
کے فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ الخ اقول یہہ چوٹ ہے مولوی
اسمعیل صاحب پر تو ثابت ہوا جوکہ ہمنے خطبہ مین کہا تہا کہ رسالہ مولف کا مقابلہ مولوی اسمعیل
کے تالیف ہوا ہے سو بیان اسکا یہہ ہوگا پہلے ایک مقدمہ سن لینا چاہیے وہ مقدمہ یہہ
ہے کہ معنے تقلید کے اصطلاح مین اہل اصول کی یہہ مین کہ مان لینا اور عمل کرلینا ساتھ
قول بلا دلیل اوس شخص کے جسکا قول حجۃ شرعی نہو تو اب اس اصطلاح کے رجوع کرنا عام
کا طرف مجتہدون کی اور تقلید کرنی اونکی کسی مسئلہ مین تقلید نہوگی بلکہ اسکو اتباع اور
سوال کہینگے اور معنی تقلید کے عرف مین یہہ مین کہ وقت لاعلمی کے کسی اہل علم کا
قول مان لینا اور اوسپر عمل کرنا اور اسی معنی عرفی سے مجتہدونکے اتباع کو تقلید بولا جاتا ہے

ردّ دوالکل مسئلۃ مسئلۃ علّۃ وفصّلوا تفصیلاً یعنی یجب علی العوامّ تقلید من تصدّی لعلم الفقہ لا لاعیان الصحابۃ وعلیہ ابتنی ابن الصّلاح منع تقلید غیر الائمۃ الاربعۃ ہم: الامام الھمام امام الائمۃ ابو حنیفۃ الکوفیؒ والامام مالکؒ والشافعیؒ والامام احمد رحمہم اللہ تعالی وجزاہم عنا احسن الجزاء لان ذلک المذکور لم یدر فی غیرہم وفیہ ما فیہ فی الحاشیۃ قال القرافی انعقد الاجماع علی ان من اسلم فلہ ان یقلد من شاء من العلماء من غیر حجر واجمع الصحابۃ علی ان من استفتی ابا بکر وعمر امیری المؤمنین فلہ ان یستفتی ابا ھریرۃ ومعاذ بن جبل وغیرہما ویعمل بقولہم من غیر نکیر فمن ادعی رفع ھذین الاجماعین فعلیہ البیان انتہی نقد بطل بہذین الاجماعین قول الامام وقولہ اجمع المحققون لا یفہم منہ الاجماع الذی ھو حجۃ حتی یقال یلزم تعارض الاجماعین بل یکون مختارا عند احد ویکون الجماعۃ متفقین یقال اجمع المحققون علی کذا ثم فی کلامہ خلل اٰخر وھو ان التبویب لا دخل لہ فی التقلید وکذا التفصیل فان للمقلد ان فہم مراد الصحابی عمل والا سأل عن مجتہد اٰخر فافہم و بطل بہذا قول ابن الصلاح ایضا ثم فی کلامہ خلل اٰخر اذ المجتہدون الاٰخرون ایضا بذلوا جہدہم مثل الائمۃ الاربعۃ وانکار ھذا مکابرۃ وسوء ادب فالحق انہ انما منع من منع تقلید غیرہم لانہ لم یبق روایۃ مذہبہم محفوظۃ حتی لو وجد روایۃ صحیحۃ من مجتہد اٰخر یجوز العمل بہا الا تری ان المتاخرین افتوا بتحلیف الشہود اقامۃ لہ مقام التزکیۃ علی مذہب ابن ابی لیلی فافہم انتہی ما فی المسلّم وشرحہ

بحر العلوم

اور ایسا ہی فاضل قندھاری نے منتخب الحصول مین فرمایا ہے تو اس عبارت مسلم کی اور شرح کی سے جناب مولف کی کیسی تکذیب ہوئی اور معلوم ہوا کہ منع کرنا ابن صلاح کا تقلید سے غیر ائمہ اربعہ کی اجماع مرکب پر مبنی نہین بلکہ قول پر امام الحرمین کی اور وہ بہی غلط اور مخالف اجماع صحابہ اور اجماع تمام مسلمین کے ہی اور اسی جگہ سے باطل ہوا جو کہ مولف نے اعتراض فیہ ما فیہ سے جواب ناصواب دیا تہا اور کہا تہا کہ اوٹھ گیا شبہ اوسکا ساتھ نقل کرنے ان ثقات مذکورین کے اس اجماع کو انتہی اور وجہ باطل ہونے اس جواب کی یہہ ہی کہ مبنی

کہ امر بالسوال اس آیہ مین مقید بالشرط ہے اور اصول فقہ مین محقق ہے کہ حکم مقید بالشرط متعدی
نہین ہوتا ہے اوس فرد مین جو کہ مجرد ہو وہ اس شرط سے چنانچہ مسلم الثبوت مین لکہا ہے
الظاہر ان التخصیص بمعنی القصر اتفاقی وانما الخلاف فی اثبات النقیض انتہی
اور توضیح مین کہا ہے وعندنا لا یثبت بہ ای بالتعلیق بل یبقی الحکم
علی العدم الاصلی حتی لا یکون ھذا العدم حکما شرعیا بل عدما اصلیا انتہی اور ایسی کوئی دلیل
قرآن سے یا حدیث سے یا اجماع سے یا قیاس سے جو کہ باوجود علم کے تقلید کو واجب یا جائز
کرے اور اوسکو عدم اصلی سے نکالے بلکہ کئی آیات صریح دلالت کرتی ہین اس پر کہ بعد علم کسی مسئلہ
کے قرآن یا حدیث سے بدون کسیکی تقلید کے پیروی قرآن اور حدیث کی لازم ہے قال اللہ
تعالی ولئن اتبعت اھواءھم بعد الذی جاءک من العلم ما لک من اللہ من ولی
ولا نصیر اور وجہ استدلال کی اس آیہ سے عنقریب شاہ عبد العزیز قدس سرہ کے کلام سے معلوم
ہوگی وقال اللہ تعالے فبشر عبادی الذین یستمعون القول فیتبعون احسنہ
اولئک الذین ھداھم اللہ واولئک ھم اولوا الالباب سواسطے ائمہ اربعہ اور
اونکے اتباع سے نہی اور نکیر مروی ہے چنانچہ شیخ جلال الدین سیوطی کتاب الرد علی من
اخلد الی الارض مین فرماتی ہین ھل اباح مالک وابو حنیفۃ والشافعی
رضی اللہ عنہم قط لاحد تقلیدھم حاشاہم منہم بل انہم قد نھوا عن ذلک ولم یفسحوا لاحد فیہ انتہی
اور شیخ عبد الوہاب شعرانی یواقیت والجواہر مین فرماتے ہین وکان الامام احمد
یقول لیس لاحد مع اللہ ورسولہ کلام لا تقلدنی ولا تقلدن مالکا ولا
الاوزاعی ولا النخعی ولا غیرھم وخذ الاحکام من حیث اخذوا من الکتاب والسنۃ انتہی علی ما نقل فی عقد الجید
اور فاضل بہاری مسلم الثبوت مین فرماتے ہین نعدل عن الدلیل الی التقلید
خلاف المعقول کیف وفیہ ریب وقد امرنا بترکہ للحدیث المنقول انتہی اور تاج العزیز
عثمانی جامع الفوائد مین فرماتے ہین من یعمل بقول المجتہدین فھو مثاب فی الدنیا
والاخرۃ ما لم یجد الحدیث الصحیح المتصل الاسناد واذا وجدہ یعمل بالحدیث
انتہی اور علامہ مجد الدین صاحب قاموس سفر السعادۃ مین فرماتے ہین اور در باب

چنانچہ ملا حسن شرنبلالی حنفی عقد الفرید مین فرماتے مین حقیقۃ التقلید العمل بقول من لیس قولہ احدی الحجج الاربعۃ الشرعیۃ بلا حجۃ منہا فلیس الرجوع الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم والاجماع من التقلید لان کلاً منہما حجۃ شرعیۃ من الحجج الشرعیۃ وعلی ھذا اقتصر الکمال فی تحریرہ قال ابن امیر الحاج وعلی ھذا عمل العامی بقول المفتی وعمل القاضی بقول العدول لان کلاً منہما وان لم یکن احد الحجج فلیس العمل بہ بلا حجۃ شرعیۃ لایجاب النص اخذ العامی بقول المفتی واخذ القاضی بقول العدول انتہی ما فی العقد الفرید لبیان الراجح من الاختلاف فی جواز التقلید :

اور فاضل قندہاری مغتنم الحصول مین فرماتے ہین التقلید العمل بقول من لیس قولہ من الحجج الشرعیۃ بلا حجۃ فالرجوع الی النبی علیہ الصلوۃ والسلام او الی الاجماع لیس منہ ھکذا رجوع العامی الی المفتی والقاضی الی العدول لوجوبہ بالنص بل رجوع المجتہد او العامی الی مثلہ لکن العرف علی ان العامی مقلد للمجتہد قال امام الحرمین وعلیہ معظم الاصولیین وقال الغزالی والآمدی وابن الحاجب ان سمی الرجوع الی الرسول والی الاجماع والی المفتی والی الشہود تقلیداً فلا مشاحۃ انتہی پس ثابت ہوا کہ آنحضرت کی پیروی کو اور مجتہدین کی اتباع کو تقلید کہنا مجوز ہے تمت المقدمہ اور جبکہ مقدمہ ممہد ہوا تو اب معلوم کرنا چاہیئے کہ تقلید مجتہد کی عالم بالحدیث والقرآن کو وقت جاننے ایک مسئلہ کے قرآن مجید سے یا حدیث سے اوس مسئلہ معلومہ مین نچاہیئے مثلاً جبکہ عالم بالحدیث والقرآن کو معلوم ہو کہ پانچ وقت کی نماز فرض ہے ہر مکلف پر تو پہر اوسکو اس مسئلہ مین تقلید کسی مجتہد کی نچاہیئے بلکہ اسوقت تقلید رسول مقبول صلعم کی پر ضرور چاہیئے اسلیئے کہ جبر آیہ کے حکم سے کہ تقلید ثابت ہے تو وہ اوسیصورت مین ہی جبکہ لاعلمی ہو قال اللہ تعالی فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم لا تعلمون یعنے پس سوال کرو اہل ذکر سے اگر نہ جانتے ہو تم اور یہی آیہ دلیل ہے وجوب تقلید پر کما اشار الیہ المحقق ابن الہمام فی التحریر وغیرہ اور ظاہر ہے

سب محققین نے تصریح کی ہے کہ حکم منصوص کو ہر ایک عالم سمجھتا ہے اور جو کہ ساتھ مجتہد کے
مختص ہے وہ قیاس ہی ہے چنانچہ شرح شاشی میں کہا ہے کل عالم له اصابة الحكم
المنصوص عليه مطلقا سواء كان قطعيا او ظنيا بحسب الدلالة والاثبات نعم ما كان ظني الثبوت
اعني القياس فهو المختص بالمجتهد انتہی اور قاضی عضد نے کہا ہے اذا دخل الفاء في لفظ الراوي
مثل زنى ماعز فرجم فالفقيه وغيره في ذلك سواء انتہی بلکہ شیخ ابن الہمام نے
کہا ہے کہ دلالۃ النص کو جو کہ عبارت النص اور اشارۃ النص سے مرتبہ خفا میں ہے عوام بھی سمجھتے
ہیں چنانچہ تحریر میں فرماتے ہیں ان دلالة النص تخالف القياس في ان القياس يختص بالمجتهد
ودلالة النص يفهمها العوام انتہی تو اسی سبب سے کتب فقہ میں تصریح ہے کہ جو عامی ظاہر معنی پر حدیث
افطر الحاجم والمحجوم کے مطلع ہو کر بعد حجامت کے جان کر کچھ کھالے تو اوس پر کفارہ نہیں آتا چنانچہ بحر الرائق
میں کہا ہے وان لم يستفت ولكن بلغه الخبر وهو قوله عليه السلام افطر الحاجم والمحجوم
وقوله عليه السلام الغيبة تفطر الصائم ولم يعرف النسخ ولا تاويله فلا كفارة عليه عندهما لان ظاهر
الحديث واجب العمل به خلافا لابي يوسف رح لانه ليس للعامي العمل بالحديث لعدم علمه بالناسخ والمنسوخ
انتہی اور ہدایہ میں کہا ہے ولو بلغه الحديث فاعتمده فكذلك عند محمد لان قول الرسول صلى الله عليه
وسلم لا ينزل عن قول المفتي انتہی اقول خلاف ابي يوسف انما هو في العامي الصرف الجاهل الذي
يعرف معنى الاحاديث وتاويلها واما العارف بمعاني النصوص وتاويلاتها وتمييزها وجرحها و
صحتها وسلامتها عن معارضة اقوى منها فلا خلاف في صحة عمله بها كما قال في خزانة الروايات
نقلا عن دستور السالكين واما الجواب عن قول ابي يوسف ان للعامي الاقتداء بالفقهاء
محمول على العامي الصرف الجاهل الذي لا يعرف معنى الاحاديث وتاويلها
لانه اشار اليه بعدم الاهتداء في حقه الى معرفة الاحاديث وكذا قوله وان
عرف العامي تاويله يجب الكفارة يشير الى ان المراد من العامي غير العالم
وفي الحميدي العامي منسوب الى العامة وهم الجهال فعلم من هذه
الاشارات ان مراد ابي يوسف ايضا من العامي الجاهل الذي لا
يعرف معنى النص وتاويله فيما ذكر من قول ابي حنيفة والشافعي ومحمد رح يندفع

منطق یندفع

عبادات اعتماد کلی بران کنند یعنی بر انچہ از حدیث ثابت است و ازخلاف زید و عمر نندیشند انتہی اور قاضی عضد شارح مختصر الاصول فرماتے ہین اَلْمُسْتَفْتِیْ اَلْمُقَلِّدُ وَالْمُفْتِیْ اَلْمُجْتَہِدُ وَالْمُسْتَفْتیٰ فِیْہِ ھُوَ الْمَسَائِلُ الْاِجْتِہَادِیَّۃُ انتہی یعنے وہ مسلہ جسمین کسیکی تقلید چاہیے وہ مسائل اجتہادیہ ہین نہ منصوصہ اور مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہ فتح العزیز مین تحت اس آیہ کے وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَھْوَآءَھُمْ بَعْدَ الَّذِیْ جَآءَکَ مِنَ الْعِلْمِ الاٰیۃ فرماتے ہین از این آیہ معلوم شد کہ بعد از وضوح دلائل و سطوع براہین تقلید باطل ست زیرا کہ اتباع ہوا بعد مجیٔ العلم است انتہی مولانا اسمعیل شہید صراط المستقیم مین فرماتے ہین پس ہر مسلہ کہ حدیث صحیح غیر منسوخ یافت اتباع ہیچ مجتہد دران نکند انتہی تو ثابت ہوا کہ عالم بالحدیث کو وقت علم کسی مسلہ کی نصوص سے تقلید کسی مجتہد کی بیجا ہے اگرچہ قول اوس مجتہد کا موافق ہے اوس حدیث کے ہو لاکن جو لوگ کہ حدیث پر عمل کرنیسے منع کرتے ہین اونکو باوجود وضوح براہین کے حق نہین سوجھتا تو وہ یہہ عذر پیش کرتے ہین کہ آجکے دن حدیث پر عمل کرنا بہت دشوار ہے کیونکہ حدیث و قران ایک دریا ہی ناپید اکنار اوسکو سمجھنا اور اوسپر عمل کرنا مجتہد مطلق ہی کا کام ہے اور ہماری شان ایسی نہین ہے کہ حدیث و قران کو سمجھین اور اگر کچھ ترجمہ ظاہری سمجھتے بھی ہین تو پھر ہمکو یہہ معلوم نہین ہوتا کہ فلانی حدیث منسوخ ہے یا نہین یا معنے ظاہر پر محمول ہے یا مؤول ہے یا کوئی اور حدیث اسکے معارض موجود ہے یا نہین تو اس عذر کا دو وجہ سے جواب ہے وجہ اول یہہ کہ قران اور حدیث ایسے مشکل نہین ہین کہ سوا ئی مجتہد مطلق کے کسیکی سمجھہ مین نہ آوین بلکہ ایسے آسان ہین کہ جسکو لغت عرب سے معرفت ہو خاص کر علما تو وہ بخوبی بشرط قصد سمجھنے کے معنی سے قرآن اور حدیث کے واقف ہو جاتا ہی قولہ تعالی وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَھَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ وقال تعالی ھُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْھُمْ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَیُزَکِّیْھِمْ وَیُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ وَاِنْ کَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ الاٰیۃ وقال تعالی وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ اٰیٰتٍ بَیِّنٰتٍ وَمَا یَکْفُرُ بِھَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ تو جو کوئی اہل علم بعد کہے کہ ہم قران و حدیث نہین سمجھتے تو گویا وعید مین آیہ کریمہ مذکورہ بالا کے داخل ہوا جیسا کہ مولینا اسمعیل شہید رسالہ تقویۃ الایمان مین فرماگئے ہین اسواسطے

مین عبد الرحمن بن اسمٰعیل ابو شامہ کے آویگا اور وجہ ثانی یہہ کہ اگر کوئی شخص اہل علم حسب
وسعت اپنی کے ایک حدیث کو تحقیق کرکے اوسپر عمل کرلے تو نہایت یہی ہوگا کہ وہ حدیث
منسوخ ہوگی تو ہم کہتے ہین کہ وہ شخص عمل کرنے مین ساتھ اوس حدیث کے گنہگار نہوگا اور وہ
عمل اوسکا باطل اور قابل اعادہ کے نہوگا جیسا کہ مروی ہے کہ بعد نسخ قبلہ ٹھیرانے بیت المقدس
کے بعض لوگ بدستور قدیم طرف بیت المقدس کے نماز پڑہتے رہے اور جب آنحضرت سے
اونکو خبر پہونچی تو متوجہ مکہ کی طرف ہوئے اور آنحضرت علیہ السلام نے اونکو یہہ امر نکیا کہ جو نماز طرف
بیت المقدس کے باوجود منسوخ ہونے استقبال بیت المقدس کے پڑہ چکے تہے اونکو اعادہ
کرین چنانچہ فاضل قندہاری نے مغتنم مین کہا ہے اَنَّہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لَمْ یَاْمُرِ
الَّذِیْنَ صَلَّوْا اِلٰی بَیْتِ الْمَقْدِسِ بَعْدَ التَّحْوِیْلِ جَاھِلِیْنَ بِہٖ اَنْ یُّعِیْدُوْا صَلٰوتَھُمْ تہے تو عذر اون لوگونکا
جو حدیث پر عمل کرنے سے بالکل منع کرتے ہین بجمیع وجوہ باطل ہوا اور ثابت ہوا کہ عالم
بالحدیث کو وقت جاننے ایک مسئلہ کے حدیث سے تقلید کسی مجتہد کی نہ چاہئے اوس مسئلہ
خاص مین باقی رہی تقلید وقت لاعلمی سو یہہ چار قسم ہے قسم اول واجب ہے اور وہ مطلق
تقلید ہے کسی مجتہد کی مجتہد اہل سنت کی لا علی التعیین جسکو مولانا شاہ ولی اللہ نے عقد الجید
مین کہا ہے کہ یہہ تقلید واجب ہے اور صحیح ہے باتفاق امت اور اسکے یہہ علامت لکہی
ہے کہ عمل مقلد کا ساتھ قول مجتہد کے اسیطرح ہو جیسے شرط کی ہوتی ہے کہ اگر وہ قول موافق
سنت کے ہو تو عمل کئے جاوینگا اور جبکہ معلوم ہوگا کہ مخالف ہے سنت کے تو اوسکو پہینک
دونگا چنانچہ فرماتے ہین اِعْلَمْ اَنَّ تَقْلِیْدَ الْمُجْتَھِدِ عَلٰی وَجْھَیْنِ وَاجِبٌ وَحَرَامٌ فَاَحَدُھُمَا
اَنْ یَّکُوْنَ مِنْ اِتِّبَاعِ الرِّوَایَۃِ وَلَوْ دَلَالَۃً تَفْصِیْلُہٗ اَنَّ الْجَاھِلَ بِالْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ لَا یَسْتَطِیْعُ
التَّتَبُّعَ وَلَا الْاِسْتِنْبَاطَ فَکَانَ وَظِیْفَتُہٗ اَنْ یَّسْاَلَ فَقِیْھًا مَا حُکْمُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ مَسْاَلَۃِ کَذَا
وَکَذَا بِلَا تَعْیِیْنٍ فَاِذَا اَخْبَرَ اِتَّبَعَہٗ سَوَاءٌ کَانَ مَاْخُوْذًا مِنْ صَرِیْحِ نَصٍّ اَوْ مُسْتَنْبَطًا مِنْہُ اَوْ
مَقِیْسًا عَلَی النُّصُوْصِ فَکُلُّ ذٰلِکَ رَاجِعٌ اِلَی الرِّوَایَۃِ عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلَوْ دَلَالَۃً وَھٰذَا قَدِ اتَّفَقَتِ
الْاُمَّۃُ عَلٰی صِحَّتِہٖ قَرْنًا بَعْدَ قَرْنٍ وَاَمَارَۃُ ھٰذَا التَّقْلِیْدِ اَنْ یَّکُوْنَ عَمَلُہٗ بِقَوْلِ الْمُجْتَھِدِ کَالْمَشْرُوْطِ بِکَوْنِہٖ
مُوَافِقًا لِلسُّنَّۃِ فَلَا یَزَالُ مُتَفَحِّصًا عَنِ السُّنَّۃِ بِقَدْرِ الْاِمْکَانِ فَمَتٰی ظَھَرَ حَدِیْثٌ یُّخَالِفُ قَوْلَہٗ نَبَذَہٗ وَاَخَذَ بِالْحَدِیْثِ

نوی القائل بوجوب العمل بالروایة بخلاف النص انتہی ما نقلہ الشیخ الاجل فی عقد الجید
اور تلویح اور حاشیہ شیخ الاسلام علی التلویح اور شرح عقائد اور فتاوی فضلیہ اور نقود وغیرہ سے بھی
صاف معلوم ہوتا ہے کہ سمجھنا نصوص کا مجتہدون پر خاص نہین بلکہ غیر مجتہد بھی سمجھتے ہین تو پھر حال
سمجھنا علما کا معانی نصوص کو بلا خلاف ثابت ہوا اور جبکہ یہہ ثابت ہوا کہ اہل علم نفس معانی احادیث
اور قرآن کو خوب سمجھہ سکتے ہین تو اب معلوم کرنا چاہیے اسیطرح عالم متتبع طالب حق کو دیکھنے سے
کتب احادیث اور شروح اونکے کی اور کتب اسماء الرجال کی غالب ظن سے یہہ بھی معلوم ہو جاتا ہے
موافق فہم و استعداد کے کہ فلانی حدیث صحیح ہے یا ضعیف ہے اور معمول بہ ہے یا منسوخ ہے اور اسکے
معارض کوئی حدیث صحیح موجود ہے یا نہین اگرچہ دو چار ہی مسئلہ پر واقف ہو جاوے گو کہ حاوی کل
مسائل کے دلائل پر نہو یعنے دس مسئلہ کی دلیل مثلاً جانتا ہے اور مسائل مین مقلد ہے تو یہہ عیب کی
بات نہین درست اور حق ہے اسلیئے کہ تجزی اجتہاد مین جایز ہے بنا بر قول حق کے جیسا کہ مولانا
عبد العلی وغیرہ شرح مسلم مین فرماتے ہین اور مسلم الثبوت سے بھی واضح ہوتا ہے غیر المجتہد
المطلق ولو کان عالما یلزمہ تقلید المجتہد فیما لا یقدر علیہ من الاجتہادیات ای تحصیلہ
باجتہادہ بناء علی التجزی فی الاجتہاد ویلزمہ التقلید مطلقا فیما یقدر علیہ وفیما لا
یقدر علیہ بناء علی نفیہ بالتجزی وقد عرفت ان الحق ہو الاول انتہی ما قال مولانا
عبد العلی فی شرح مسلم الثبوت اور اگر کہو کہ اطلاع اس امر کی یقیناً آجکے دن دشوار ہے تو کہا جائیگا
کہ علم الیقین تو ان امور کا مجتہدین کو بھی نہین ہوتا چنانچہ مولانا شاہ ولی اللہ عقد الجید مین فرمایا
ہے ورد بانہ ان اراد عدم التیقن بنفی ہذہ الاحتمالات فالمجتہد ایضا لا یحصل لہ
فی زماننا التیقن بذلک وانما یبتنی اکثر امرہ علی غالب الظن وان اراد انہ لا یدری
ذلک بغالب الظن منعناہ فی صورۃ النزاع لان المتبحر فی المذہب المتتبع لکتب
القوم الحافظ من الحدیث والفقہ جملۃ صالحۃ کثیرا ما یحصل لہ غالب الظن بان الحدیث غیر منسوخ
ولا مؤول تاویلا یجب القول بہ انتہی بلکہ آجکے دن پہلے سے زیادہ غلبہ ظن حاصل ہوتا ہے کیونکہ ابتداء
زمانہ مین علم حدیث زبانی زبانی سیکھا جاتا تھا۔ اور کتب مدوّن نہ تھی اور قواعد ممہد نہ تھے اور کتب
اسماء الرجال کا نام و نشان نہ تھا اور اب بحمد اللہ سب کچھہ ما لا بد منہ للعمل موجود ہے چنانچہ عنقریب کلام

وهو يقرء سورة براءة فلما وصل الى هذه الاية قال عدي انا لسنا نعبدهم فقال
اليس يحرمون ما احل الله وتحلون ما حرم فقلت بلى فقال تلك عبادتهم قال الربيع قلت لابي
العالية كيف كانت الربوبية في بني اسرائيل فقال انهم ربما وجدوا في كتاب الله ما يخالف اقوال
الاحبار والرهبان فكانوا يأخذون باقوالهم وما كانوا يقبلون حكم الله تعالى قال العلماء انما لم
يلزم تكفير الفاسق بطاعة الشيطان خلاف ما عليه الخوارج لان الفاسق وان كان يقبل دعوة
الشيطان الا انه يلعنه ويستخف به بخلاف اولئك الاتباع المعظمين قال الامام فخر الدين الرازي
قد شاهدت جماعة من مقلدة الفقهاء قرأت عليهم ايات كثيرة من كتاب الله في مسائل
كانت تلك الايات مخالفة لمذهبهم فيها فلم يقبلوا تلك الايات ولم يلتفتوا اليها وكانوا
ينظرون الي كالمتعجب يعني كيف يمكن العمل بظواهر تلك الايات مع ان الرواية عن سلفنا
وردت على خلافها ولو تاملت حق التامل وجدت هذا الداء ساريا في عروق الاكثرين انتهى ما في التفسير السراج والمدارك والتفسير الكبير

پس امام فخر الدین رازی کی تقریر سے صاف واضح ہوا کہ اکثر مقلدین متعصبین مخالفت قرآن وحدیث
کے کرتے رہے ہیں بسبب غلبہ تقلید کے اور نیز ظاہر ہوا اونکے کلام سے کہ ایسی تقلید کہ مخالف
قرآن وحدیث کے ہو وہ مذموم اور واجب الرد ہے اور متعصبین سات آٹھ سو برس سے
چلی آتی ہیں کہ باعث تعصب مذہبی کی ظاہر قرآن وحدیث پر عمل کرنا دشوار ہوتا ہی اونپر اور ایسے ہی مقلدین
مصداق اتخذوا احبارہم ورھبانہم اربابا من دون الله کے ہیں اور جناب مولینا شاہ ولی الله نے فرمایا کہ جسنے
کہ اپنے امام کو ایسا سمجھہ لیا کہ اسکی شان سے خطا بعید ہے تو اس نظر سے اگرچہ کوئی دلیل خلاف
قول وس امام کے ملی تو بھی اوسکی تقلید کو نچھوڑے تو وہ شخص داخل ہے اتخذوا
احبارہم ورھبانہم اربابا من دون الله میں چنانچہ عقد الجید میں ارشاد فرماتے ہیں
فمن يكون عاميا ويقلد رجلا من الفقهاء بعينه يرى انه يمتنع من مثله الخطاء وان
ما قاله هو الصواب البتة واضمر في قلبه ان لا يترك تقليده وان ظهر الدليل على
خلافه وذلك ما رواه الترمذي عن عدي بن حاتم انه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم
يقرء اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله قال انهم لم
يكونوا يعبدونهم ولكنهم كانوا اذا احلوا لهم شيئا استحلوه

قسم ثانی مباح اور وہ تقلید مذہب معین کی ہے بشرطیکہ مقلد اس تعین کو امر شرعی نہ سمجھے
بلکہ اس نظر سے تعین کرے کہ جبکہ امر اللہ تعالی کا واسطے اتباع اہل ذکر کے عموماً صادر ہوا ہے
تو جب ایک مجتہد کا اتباع کرینگے اوسی کے اتباع سے عہدہ تکلیف کیسے فارغ ہوجاینگے اور اسمین
سہولت بھی پائی جاتی ہے اور علامت اس تقلید کی یہہ ہے کہ اگر دوسرے مذہب کی کسی مسئلہ
پر عمل کر سکے تو اوس سے انکار نہ کرے اور کسی شخص عمل کرنے والیکو برا نہ جانے اور ملامت اور
نکیر نکرے مثلاً حنفی المذہب کو مسئلہ رفع یدین اگر معلوم ہو تو اوسکے استعمال سے نفرت اور انکار
نہ کرے بلکہ کبھی کر بھی لے اور حنفی ہو کر کسی کرنیوالے پر طعن نکرے قسم ثالث حرام و بدعت
ہے اور وہ تقلید ہے بطور یقین کے بزعم وجوب کے برخلاف قسم ثانی کے قسم رابع شرک ہے اور وہ ایسی
تقلید ہے کہ وقت لاعلمی کے مقلد نے ایک مجتہد کا اتباع کیا پھر اوسکو حدیث صحیح غیر منسوخ غیر معارض
مخالف مذہب اوس مجتہد کے مثلاً معلوم ہوئی تو اب وہ مقلد بدستاویز اون عذرات کے جنکے سابقاً
بجوابی جواب دیا گیا ہے یا تو حدیث کو قبول ہی نہین کرتا اور یا اوسمین بدون سبب کے تاویل و تحریف کرکے
اوس حدیث کو طرف قول امام کے لیجاتا ہے غرضکہ وہ مقلد مذہب اپنے امام کا نہین چھوڑتا سو ان قسموں مین سے
قسم اول اور ثانی تو محتاج اثبات کے نہین کیونکہ اون دونوکو فریقین تسلیم کرتے ہین لاکن قسم ثالث اور
رابع بیشک معرکہ آرا اور محط انظار ہے سو دلائل قسم ثالث کی تو بحث مین تقلید شخصی کی آوینگے فانتظر
جای جولان انظار ۱۲ اور جای ازدحام اون
اور قسم رابع کو اس مقام پر مدلل کیا جاتا ہے تو واضح ہو جاوے کہ شرک ہونے پر ایسی تقلید کے آیات قرآنی
اور احادیث نبوی بہت سے دال ہین اور بہت علمانے اون آیات اور احادیث سے شرک ہونا
ایسی تقلید کا ثابت کیا ہے پس نقل کردینا اقاویل اون علما کا جنمین وہ آیات اور احادیث موجود ہین
مستغنی ہے ذکر کرنی آیات کے سے علیحدہ تو سنو کہ تفسیر مظہری مین ضمن اس آیۃ اِتَّخَذُوْا
اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ کے مذکور ہے کہ یہہ مراد نہین کہ یہود اور نصاری نے
اپنے علما اور درویشونکو خدا ٹھیر لیا تھا بلکہ مراد یہہ ہے کہ اطاعت اونہون نے اپنے علما اور درویشونکی خلاف
حکم خدا اور رسول کے کی تھی عبارت تفسیر مذکور کی بعینہ لکھی جاتی ہے اِخْتَلَفُوْا فِیْ مَعْنٰی اِتِّخَاذِهِمْ اِیَّاهُمْ اَرْبَابًا
بَعْدَ الْاِتِّفَاقِ عَلٰی اَنَّهٗ لَیْسَ الْمُرَادُ اَنَّهُ جَعَلُوْهُمْ اٰلِهَةً فَقَالَ اَکْثَرُ الْمُفَسِّرِیْنَ الْمُرَادُ اَنَّهُمْ اَطَاعُوْهُمْ
فِیْ اَوَامِرِهِمْ وَنَوَاهِیْهِمْ وَنُقِلَ عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ کَانَ نَصْرَانِیًّا فَانْتَهٰی اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

امامه فقد اتخذ نوعًا من الشرك كما يدل عليه حديث الترمذي عن عدي بن حاتم انه سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن قوله اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابًا من دون الله تعالى انكم حللتم ما احلوا وحرمتم ما حرموا وليس المراد بالتقليد التقليد في العقائد على ما ينطق به لفظ حللتم حرمتم فان التحليل والتحريم انما يستعملان في الافعال وليس المراد به التقليد مطلقًا والا لزم تكليف كل عام بالاجتهاد وليس المراد به رد النصوص وانكارها في مقابلة قول ائمتهم والا يكونوا نصارى بل المراد هو تاويل الدلائل لاسترجاعها الى قول ائمتهم فعلم من هذا ان اتباع شخص معين بحيث يتمسك بقوله وان ثبت على خلافه دلائل من السنة والكتاب ويأول الى قوله شوب من النصرانية وحظ من الشرك والعجب من القوم لا يخافون من مثل هذا الاتباع بل يخيفون تاركه فما احق هذه الآية في جوابهم وكيف اخاف ما اشركتم ولا تخافون انكم اشركتم بالله ما لم ينزل به عليكم سلطانًا فاي الفريقين احق بالامن ان كنتم تعلمون فتدبروا انصف ولا تكن من الممترين ونعوذ بالله ان نكون من المتعصبين

انتہے اور جناب قاضی ثناء اللہ نے بھی ایسی تقلید کو شرک کہا ہے اور اثبات اسکا آیہ قل یا اہل الکتاب تعالوا الی کلمة سواء بیننا وبینکم الا نعبد الا اللہ ولا نشرک به شیئًا ولا یتخذ بعضنا بعضًا اربابًا من دون اللہ سے اور آیہ اتخذوا احبارهم الآیہ سے اور حدیث عدی بن حاتم سے کیا ہے چنانچہ تفسیر مظہری میں تحت آیہ قل یا اہل الکتاب الخ کے بعد نقل کرنے حدیث عدی بن حاتم کے فرماتے ہیں ومن ههنا يظهر انه اذا صح عند احد حديث مرفوع من النبي صلى الله عليه وسلم سالمًا عن المعارض ولم يظهر له ناسخ وكان فتوى ابي حنيفة رحمه الله مثلًا خلافه وقد ذهب على وفق الحديث احد من الائمة الاربعة يجب عليه اتباع الحديث الثابت ولا يمنعه الجمود على مذهبه من ذلك لئلا يلزمه اتخاذ بعضنا بعضًا اربابًا من دون الله انتهى

اسلیئے ایمہ اربعہ نے ایسی ہی تقلید سے منع کیا ہے اور اونکے اتباع نے اور صوفیہ اور محدثین نے اس تقلید کو گمراہی اور باعث غضب الہی قرار دیا ہے امام ابو حنیفہ نے فرمایا ہے کہ جب کوئی آیہ قرآنی یا کوئی حدیث یا قول کسی صحابی کا میرے قول کے مخالف تمکو معلوم ہو تو میرے قول کو چھوڑ دو یعنے میری تقلید مت کرو چنانچہ امام زندویسی نے روضة العلما میں بروایت صاحب ہدایہ کے امام ابو حنیفہ سے نقل کیا ہے انہ یعنی ابا حنیفة سئل اذا قلت قولًا

وَاِذَا حَرَّمُوْا عَلَیْہِمْ شَیْئًا حَرَّمُوْہُ انتہے اور شاہ صاحب ممدوح قدس سرہ حجۃ اللہ البالغہ

مین فرماتے ہین وَمِنْہَا تَقْلِیْدُ غَیْرِ الْمَعْصُوْمِ اَیْ غَیْرِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ الَّذِیْ ثَبَتَ عِصْمَتُہٗ

وَحَقِیْقَتُہٗ اَنْ یَّجْتَہِدَ وَاحِدٌ مِّنْ عُلَمَاءِ الْاُمَّۃِ فِیْ مَسْئَلَۃٍ فَیَظُنَّ مُتَبِعُوْہُ اَنَّہٗ عَلَی الْاِصَابَۃِ قَطْعًا

اَوْ غَالِبًا فَیَرُدُّوْا بِہٖ حَدِیْثًا صَحِیْحًا وَھٰذَا التَّقْلِیْدُ غَیْرُ مَا اتَّفَقَ عَلَیْہِ الْاُمَّۃُ الْمَرْحُوْمَۃُ فَاِنَّہُمْ اتَّفَقُوْا

عَلٰی جَوَازِ التَّقْلِیْدِ لِلْمُجْتَہِدِیْنَ مَعَ الْعِلْمِ بِاَنَّ الْمُجْتَہِدَ یُخْطِیُٔ وَیُصِیْبُ وَمَعَ الْاِسْتِشْرَافِ لِنَصِّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

فِی الْمَسْئَلَۃِ وَالْعَزْمِ عَلٰی اَنَّہٗ اِذَا ظَہَرَ حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ خِلَافَ مَا قَلَّدَ فِیْہِ تَرَکَ التَّقْلِیْدَ وَاتَّبَعَ الْحَدِیْثَ قَالَ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی اِتَّخَذُوْا اَحْبَارَہُمْ وَرُھْبَانَہُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ اِنَّہُمْ

لَمْ یَکُوْنُوْا یَعْبُدُوْنَہُمْ وَلٰکِنَّہُمْ کَانُوْا اِذَا اَحَلُّوْا لَہُمْ شَیْئًا اِسْتَحَلُّوْہُ وَاِذَا حَرَّمُوْا عَلَیْہِمْ شَیْئًا حَرَّمُوْہُ

انتہے کلامہ اور مولینا جناب شاہ عبد العزیز نے فرمایا ہے کہ جو کوئی کسیکی تقلید اپنے اوپر لازم

سمجھ لیوے اور باوجود مخالف معلوم ہوجانے حکم اوسکے کے ساتھ حکم خدا کے اوسکا اتباع

نہ چھوڑے تو اوسنے بحکم آیۃ اِتَّخَذُوْا اَحْبَارَہُمْ وَرُھْبَانَہُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ کے

خدا کا شریک ٹھیرایا چنانچہ فتح العزیز مین تحت آیۃ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰہِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ

تَعْلَمُوْنَ کے فرماتے ہین در ینجا باید دانست چنانچہ عبادت غیر خدا مطلقا شرک وکفر

است اطاعت غیر او تعالے نیز بالاستقلال کفر است ومعنی اطاعت غیر بالاستقلال آنست کہ

اورا مبلغ احکام ندانستہ ربقہ تقلید او در گردن اندازد وتقلید اورا لازم شمارد وباوجود ظہور مخالفہ

حکم او با حکم او تعالی دست از اتباع او برندارد وایں ہم نوعیست از اتخاذ انداد کہ در آیۃ کریمہ اِتَّخَذُوْا

اَحْبَارَھُمْ وَرُھْبَانَہُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَالْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ بکوہش

آن فرمودہ اند انتہے اور مولینا اسمعیل صاحب نے بوجہ بسط شرک ہونا ایسی تقلید کا بدلیل آیۃ

اِتَّخَذُوْا اَحْبَارَھُمْ وَرُھْبَانَہُمْ الآیۃ اور بدلیل حدیث نبوی کے جو کہ ترمذی نے

عدی بن حاتم سے نقل کر کے ثابت کیا ہے اور یہی وجہ ہے چوٹ کرنے جناب مولف کے

مولوی اسمعیل صاحب پر تو سنو کہ مولینا اسمعیل تنویر العینین مین فرماتے ہین وَلَیْتَ شِعْرِیْ

کَیْفَ یَجُوْزُ اِلْتِزَامُ تَقْلِیْدِ شَخْصٍ مُّعَیَّنٍ مَعَ تَمَکُّنِ الرُّجُوْعِ اِلَی الرِّوَایَاتِ الْمَنْقُوْلَۃِ عَنِ

النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الصَّرِیْحَۃِ الدَّالَّۃِ عَلٰی خِلَافِ قَوْلِ الْاِمَامِ الْمُقَلَّدِ فَاِنْ لَّمْ یَتْرُکْ قَوْلَ

شعر
تقلید

مَنْ تَرَكَ السُّنَّةَ وَمَا عَمِلَ بِالْحَدِيْثِ اِسْتِغْنَاءً عَنْهَا بِالْكُتُبِ فَكَيْفَ بِمَنْ رَجَّحَ الرَّأْيَ عَلَى الْحَدِيْثِ
كَانَ اِذَا سَمِعَ حَدِيْثًا مِنَ الْاَحَادِيْثِ الصَّحِيْحَةِ قَالَ لَا عَلَيَّ اَنْ اَعْمَلَ بِهَا فَاِنَّ لِيْ مَذْهَبًا اَتْبَعُهُ انتہی
شیخ الصوفیہ محی الدین ابن العربی فرماتے ہین کہ جسنے حدیث کے مقابل مین قول کسی امام مجتہد کا یا
کسی پیر پیشوا کا پکڑ رکھا اور حدیث کو ترک کیا تو وہ شخص گمراہ ہوگیا اور نکل گیا اللہ کے دین سے چنانچہ
فتوحات مکیہ مین ارشاد کرتے ہین اِذَا صَحَّ الْحَدِيْثُ وَعَارَضَهٗ قَوْلُ صَاحِبٍ اَوْ اِمَامٍ فَلَا يَسَعُ
اِلَى الْعُدُوْلِ عَنِ الْحَدِيْثِ وَيَتْرُكُ قَوْلَ ذٰلِكَ الْاِمَامِ وَالصَّاحِبِ لِلْخَبَرِ ثُمَّ قَالَ وَلَا يَجُوْزُ
تَرْكُ اٰيَةٍ اَوْ خَبَرٍ بِقَوْلِ صَاحِبٍ اَوْ اِمَامٍ وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُّبِيْنًا وَخَرَجَ عَنْ دِيْنِ اللّٰهِ انتہی شیخ المشایخ محبوب
سبحانی قطب ربانی محی الدین عبد القادر جیلانی نے فتوح الغیب مین فرمایا ہے کہ فکر کرو کتاب اللہ و حدیث
رسول اللہ مین اور فریب مت کھاؤ کسی قول ضعیف یا قوی سے یعنی حدیث کے مقابل اور مخالف کسیکا قول مت
مانو۔ امام شافعی سے مروی ہے کہ جبکبھی اونکے سامنے حدیث کے مقابل کسیکا قول پیش کرتا تو فرماتے کہ تجھی
ہلاکت یہ حدیث ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چنانچہ خطیب بغدادی نے سند صحیح سے نقل کیا ہے اِنَّ
الدَّارَكِيَّ مِنَ الشَّافِعِيَّةِ كَانَ يُسْتَفْتٰى وَرُبَّمَا يُفْتِيْ بِغَيْرِ مَذْهَبِ الشَّافِعِيِّ وَاَبِيْ حَنِيْفَةَ فَيُقَالُ
لَهٗ هٰذَا يُخَالِفُ قَوْلَهُمَا فَيَقُوْلُ وَيْلَكُمْ حَدَّثَ فُلَانٌ عَنْ فُلَانٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا
انتہی نقلہ فی عقد الجید و قاضی شمس الدین ابن خلکان نے یون نقل کیا ہے وَكَانَ اَيِ الدَّارَكِيُّ اِذَا جَاءَتْهُ
مَسْئَلَةٌ تَفَكَّرَ طَوِيْلًا ثُمَّ يُفْتِيْ فِيْهَا وَرُبَّمَا اَفْتٰى عَلٰى خِلَافِ مَذْهَبِ الْاِمَامَيْنِ الشَّافِعِيِّ وَاَبِيْ حَنِيْفَةَ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَيُقَالُ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ فَيَقُوْلُ وَيْحَكُمْ حَدَّثَ فُلَانٌ عَنْ فُلَانٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
هٰكَذَا وَكَذَا انتہی امام مجتہد العصر شیخ عز الدین ابن عبد السلام کہا کرتے کہ بڑا تعجب ہے کہ فقہا مقلدین اپنے امام
کی ضعیف بات پر واقف ہوکر پھر ایسے جم جاتے ہین کہ اگر دوسرے امام کا قول موافق کتاب اللہ و حدیث کے
اونکے آگے پیش کیا جاتا ہے تو ہرگز قبول نہین کرتے بلکہ کتاب اللہ اور حدیث کے دفع کرنیکے لئے حیلے بہانہ
کرتے ہین اور تاویلین باطلہ پیش لاتے ہین جیسا کہ کلام اونکا مولانا شاہ ولی اللہ عقد الجید مین نقل کرتے
ہین قَالَ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ السَّلَامِ وَمِنْ اَعْجَبِ الْعَجَائِبِ اَنَّ الْفُقَهَاءَ الْمُقَلِّدِيْنَ يَقِفُ اَحَدُهُمْ
عَلٰى ضُعْفِ مَاْخَذِ اِمَامِهٖ بِحَيْثُ لَا يَجِدُ لِضُعْفِهٖ مَدْفَعًا وَهُوَ مَعَ ذٰلِكَ يُقَلِّدُهٗ فِيْهِ وَيَتْرُكُ
مَنْ شَهِدَ لَهُ الْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ وَيَتَاَوَّلُهُمَا بِالتَّاوِيْلَاتِ الْبَعِيْدَةِ الْبَاطِلَةِ انتہی حافظ الفقہ و الحدیث عبد البر

یکتاب اللہ یخالفہ قال اترکوا قولی بکتاب اللہ فقیل اذا کان خبر الرسول صلی اللہ
علیہ وسلم یخالفہ قال اترکوا قولی بخبر الرسول صلی اللہ علیہ وسلم فقیل اذا کان قول
الصحابۃ یخالفہ قال اترکوا قولی بقول الصحابۃ انتہی اور مدخل مین بیہقی عبد اللہ بن المبارک سے نقل کرتے
ہین قال یعنی عبد اللہ ابن المبارک سمعت ابا حنیفۃ یقول اذا جاء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فعلی الراس
والعینین واذا جاء عن اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم نختار من قولہم واذا جاء من التابعین زاحمناہم
انتہی کذا فی التفسیر المظہری امام مالک فرماتے ہین کہ کوئی شخص ایسا نہین کہ اپنے قول سے
ماخوذ ہوا ور وہ کلام اوسکا اوس پر مردود نہو سوائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے یعنے قول غیر صحیح کا رد کر دینا چاہیے
چنانچہ یواقیت الجواہر مین شیخ عبد الوہاب شعرانی فرماتے ہین وکان الامام مالک رح یقول ما من
احد الا ومأخوذ من کلامہ ومردود علیہ الا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انتہی امام شافعی
فرماتے تھے کہ جب تمکو حدیث صحیح مخالف میرے مذہب کے معلوم ہو تو اوس حدیث ہی کو میرا مذہب سمجھنا یعنی میرا مذہب اول
چھوڑ دینا چنانچہ ابن نہایہ مین امام الحرمین فرماتے ہین انہ یعنی الشافعی قال اذا بلغکم خبر صحیح یخالف
مذہبی فاتبعوہ واعلموا انہ مذہبی نقلہ مولانا شاہ ولی اللہ فی عقد الجید ثم قال وقد صح
منصوصا انہ قال اذا بلغکم عنی مذہب وصح عندکم خبر علی مخالفہ فاعلموا ان مذہبی ذلک الخبر انتہی
امام احمد بن محمد بن حنبل فرماتے تھے کہ کسیکا کلام رسول کے کلام کے معارض نہین ہو سکتا یعنی حدیث کے مقابل
کسیکا قول پیش نکرنا چاہیے چنانچہ یواقیت والجواہر مین شعرانی فرماتے ہین وکان الامام احمد رح
یقول لیس لاحد مع اللہ ورسولہ کلام لا تقلدنی ولا تقلدن مالکا ولا الاوزاعی
ولا النخعی ولا غیرہم وخذ الاحکام من حیث اخذوا من الکتاب والسنۃ انتہی خیر المحدثین طیبی شرح مشکوۃ
مین اس حدیث کے الا انی اوتیت القرآن ومثلہ معہ الا یوشک رجل شبعان علی
اریکتہ یقول علیکم بہذا القرآن فما وجدتم فیہ من حلال فاحلوہ وما وجدتم فیہ
من حرام فحرموہ الی آخرہ ابو داود والدارمی عن المقدام بن معدیکرب عن النبی صلعم فرماتے ہین کہ اس حدیث مین
بڑی جھڑکی اور خفگی ہے جو کہ پیدا ہوئی ہے غضب عظیم سے اوس شخص پر جو حدیث کو ترک کرے اس نظر کہ قرآن ہمکو
کافی ہے اب حدیث کی کچھ حاجت نہین پھر کیا حال اوس شخص کا جو کہ حدیث کو اپنے مذہب کی رعایت سے ترک
کرے چنانچہ شرح مشکوۃ مین فرماتے ہین فی ہذا الحدیث توبیخ وتقریع ینشأ من غضب عظیم علی

عنه يقول لفقير اياك يا ولدي وان تعمل برأي رأيته مخالفا لما صح في الاحاديث
وتقول هذا مذهب امامي فان الائمة كلهم تبرؤا من اقوالهم اذا خالفت صريح
السنة وانت مقلد لاحدهم بلا شك فما لك لا تقلدهم في هذا القول وتعمل بالدليل كما
تعمل بقول امامك لاحتمال ان يكون له دليل لم تطلع انت عليه انتہی
انتہے علامہ اسحٰق صاحب عنایہ ناقلا امام علائی سے فرماتے ہین کہ جبکہ کسی مقلد کو دوسرا مذہب
موافق حدیث کے معلوم ہوا اور اپنا مذہب مخالف حدیث کے تو اوس مقلد کو چاہیے کہ اپنے مذہب
سے انتقال کرے طرف اوس مذہب کے جو موافق حدیث کے ہو چنانچہ تقریر مین فرماتے
ہین وذكر الامام العلائي انه يرجح القول بالانتقال في صورتين احدهما اذا كان
مذهب غير امامه يقتضي تشديدا عليه واخذا بالاحتياط والثانية اذا رأى بخلاف
مذهب امامه دليلا من حديث صحيح ولم يجد في مذهب امامه جوابا قويا
ولا معارضا راجحا عليه اذ لا وجه لهجر الحديث الصحيح محافظة على مذهب التزمه قلت
موافق لما نص عليه احمد القدوري الحنفي ومشى عليه ابن الصلاح وغيره انتہے نقل کیا اسکو فاضل قندہاری نے اور کہا ہے
کہ دوسری صورت مین انتقال کرنا واجب ہے چنانچہ مغتنم مین فرماتے ہین اقول يجب الفرق
بين الصورتين بان الانتقال في الاولى احتياط وفي الثانية واجب كما هو ظاهر كلام العلائي
انتہے اسوة المحققين زبدة المحدثين حافظ ابو محمد ابن حزم نے اسی قسم کی تقلید کو حرام فرمایا ہے
اور حرمت اسکی دلائل سے ثابت کی ہے چنانچہ نبذ الکافیہ مین فرماتے ہین التقليد حرام
ولا يحل لاحد ان ياخذ قول احد غير رسول الله صلى الله عليه وسلم بلا برهان لقوله تعالى اتبعوا
ما انزل اليكم من ربكم ولا تتبعوا من دونه اولياء وقوله تعالى واذا قيل لهم اتبعوا ما انزل الله قالوا
بل نتبع ما الفينا عليه آباءنا وقال تعالى مادحا لمن لم يقلد فبشر عباد الذين يستمعون القول فيتبعون
احسنه اولئك الذين هداهم الله واولئك هم اولوا الالباب وقال تعالى فان تنازعتم في شيء
فردوه الى الله والرسول ان كنتم تؤمنون بالله واليوم الآخر فلم يبح الله تعالى الرد عند التنازع
الى احد دون القرآن والسنة وقد صح اجماع الصحابة كلهم اولهم وآخرهم واجماع التابعين اولهم
عن آخرهم واجماع تابعي التابعين اولهم عن آخرهم على الامتناع والمنع من ان يقصد منهم احد الى قول

مین اسمعیل ابو شامہ اون فقہا مقلدین کی طرف سے جو احادیث سے مستغنی ہوکر جزئیات پر مذہب اور تفسیہ کی اکتفا کر رہی تہی اور حدیث کو بہت مشکل جانکر وہی عذرات جو سابق مین نقل کرکے اونسے جواب دیا گیا ہے پیش کرتی تہی افسوس اور تحسر کیا کرتے اور اونکی جان پر واویلا کرتے چنانچہ کتاب المؤمل مین فرماتے ہین وَقَدْ حُرِمَ الْفُقَهَاءُ فِي زَمَانِنَا النَّظَرَ فِي كُتُبِ الْحَدِيثِ وَالْآثَارِ وَالْبَحْثَ عَنْ فِقْهِهَا وَمَعَانِيهَا وَمُطَالَعَةَ الْكُتُبِ النَّفِيسَةِ الْمُصَنَّفَةِ فِي شُرُوحِهَا وَغَرِيبِهَا بَلْ أَفْنَوْا زَمَانَهُمْ وَعُمُرَهُمْ فِي النَّظَرِ فِي أَقْوَالِ مَنْ سَبَقَهُمْ مِنْ مُتَأَخِّرِي الْفُقَهَاءِ وَتَرَكُوا النَّظَرَ فِي نُصُوصِ نَبِيِّهِمُ الْمَعْصُومِ مِنَ الْخَطَاءِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَآثَارِ الصَّحَابَةِ الَّذِينَ شَهِدُوا الْوَحْيَ وَعَايَنُوا الْمُصْطَفَى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَهِمُوا نَفَائِسَ الشَّرِيعَةِ فَلَاجَرَمَ حُرِمَ هٰؤُلَاءِ رُتْبَةَ الْاِجْتِهَادِ وَبَقُوا مُقَلِّدِينَ عَلَى الْآبَاءِ وَقَدْ كَانَ الْعُلَمَاءُ فِي الصَّدْرِ الْأَوَّلِ مَعْذُورِينَ فِي تَرْكِ مَا لَمْ يَقِفُوا عَلَيْهِ مِنَ الْحَدِيثِ لِكَوْنِ الْأَحَادِيثِ لَمْ تَكُنْ حِينَئِذٍ فِيمَا بَيْنَهُمْ مُدَوَّنَةً إِنَّمَا كَانَتْ تُتَلَقَّى مِنْ أَفْوَاهِ الْعُلَمَاءِ وَهُمْ يَتَفَرَّقُونَ فِي الْبُلْدَانِ وَقَدْ زَالَ ذٰلِكَ الْعُذْرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ بِجَمْعِ الْأَحَادِيثِ الْمُجْتَمِعِ بِهَا فِي كُتُبٍ بَوَّبُوهَا وَقَسَّمُوهَا وَسَهَّلُوا الطَّرِيقَ إِلَيْهَا وَبَيَّنُوا ضَعْفَ كَثِيرٍ مِنْهَا وَصِحَّتَهُ وَتَكَلَّمُوا فِي عَدَالَةِ الرِّجَالِ وَجَرْحِ الْمَجْرُوحِ مِنْهُمْ وَفِي عِلَلِ الْأَحَادِيثِ وَلَمْ يَدَعُوا لِلْمُسْتَعْمِلِ مَا يَتَعَلَّلُ بِهِ وَفَسَّرُوا الْقُرْآنَ وَتَكَلَّمُوا فِي غَرِيبِهِمَا وَفِقْهِهِمَا وَكُلِّ مَا يَتَعَلَّقُ بِهِمَا فِي مُصَنَّفَاتٍ عَدِيدَةٍ جَلِيلَةٍ وَالْآلَاتُ مُتَهَيِّئَاتٌ لِذِي طَلَبٍ صَادِقٍ وَذَكَاءٍ وَفَطَانَةٍ وَكَذَا الْأَغْرَاضُ وَصِنَاعَةُ الْعَرَبِيَّةِ كُلُّ ذٰلِكَ فَقَدْ حَرَّرَهُ أَهْلُهُ وَحَقَّقُوهُ فَالتَّوَصُّلُ إِلَى الْاِجْتِهَادِ بَعْدَ الْجَمْعِ وَالنَّظَرِ فِي الْكُتُبِ الْمُعْتَمَدَةِ إِذَا رُزِقَ الْإِنْسَانُ الْحِفْظَ وَالْفَهْمَ وَمَعْرِفَةَ اللِّسَانِ أَسْهَلُ مِنْهُ قَبْلَ ذٰلِكَ انتہے علی البنتی ایک فقیہ کو کہتے تہے کہ سبب کیا ہے پچھو اس بات سے کہ حدیث کے مخالف ہوکر راے پر عمل کرے اور پھر کہے تو کہ یہ میرے امام کا مذہب ہے اماموں نے تو صاف کہدیا ہے کہ جبکہ ہمارے اقوال مخالف ہون احادیث کے تو ہمارے قولونکو چھوڑ دو تو اگر تجکو امام ہی کی تقلید منظور ہے تو اس قول کو کیون نہین مانتا اور دلیل یعنی اوس حدیث پر جو متفق ہے عمل کیون نہین کرتا جیسا کہ امام کے قول پر اس احتمال سے کہ امام کو کوئی دلیل معلوم ہوگی تجکو اوسپر اطلاع نہین عمل کرتا ہے چنانچہ شیخ شعرانی مشارق الانوار القدسیہ مین فرماتے ہین وَسَمِعْتُ سَيِّدِي عَلِيًّا الْبَنْتِيَّ رَضِيَ اللهُ

والصحیح المؤمل
طبع فی المصر

اور حدیث رسول اللہ پر عرض کرکے موافق قرآن اور حدیث کے بات اس اجماع سے یہہ نکلی کہ ثابت ہوئی
قرآن اور حدیث کے بیہودہ متاع بد اور کھوٹی ہے اوسکو اونہین کی ریس کی اپنیر ثبوت تقلید کا بطریق
فہما متقشفہ سے جنہون نے تقلید کو دست آویز بناکر قرآن وحدیث مین غور اور تتبع کو بہر کا اور پرہ عمل کرنے
التفات مت کرو اور اونسے دور رہنے مین خدا کی قربت سمجھو چنانچہ رسالہ وصیتہ اور نصیحہ مین فرماتے
ہین و واما تفریعات فقہیہ را بر کتاب وسنت عرض کردن انچہ موافق باشد در حیز قبول آوردن والا کالائے
بد بریش خاوند دادن امت را ہیچ جا از عرض مجتہدات بر کتاب وسنت استغنا حاصل نیست وسخن متقشفہ فقہا
راکہ تقلید عالمی را دست آویز ساختہ تتبع کتاب وسنت را ترک کردہ نہ شنیدن وبدیشان التفات نکردن وقربت
خدا جستن بدوری اینہا انتہی اور عقد الجید مین فرماتے ہین جو کوئی کسی امام کی تقلید کو اپنے ذمہ پر
لازم سمجھکر التزام کرلے اور اوس امام کو ایسا سمجھے کہ وہ خطا سے پاک ہے اور اسی جہت سے کوئی حدیث
صحیح مخالف قول اپنے امام کے دیکھکر حدیث کو قبول نکرے تو یہہ عقیدہ اوسکا فاسد اور یہہ قول اوسکا کھوٹا ہے
کوئی اوسکا گواہ نہین نہ عقل سے اور نہ نقل سے اور ایسے ہی شخص کے
حق مین یہہ آیت وارد ہے اِنَّا وَجَدْنَا اٰبَاءَنَا عَلٰی اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰی اٰثَارِهِمْ
مُّقْتَدُوْنَ اور پہلے دینون مین جو فساد ہوا ہے تو اسی عقیدہ سے ہوا ہے چنانچہ عقد الجید مین
فرماتے ہین والوجہ الثانی ان یظن بفقیہ انہ بلغ الغایۃ القصوی فلا یمکن ان یخطی فمہما بلغہ حدیث
صحیح صریح یخالف مقالہ لم یترکہ او ظن انہ لما قلدہ کلفہ اللہ بمقالہ وکان کالسفیہ المحجور علیہ
فان بلغہ حدیث واستیقن بصحتہ لم یقبلہ لکون ذمتہ مشغولا بالتقلید فہذا اعتقاد فاسد وقول
کاسد لیس لہ شاہد من النقل والعقل وما کان احد من القرون السابقۃ یفعل ذلک
وقد کذب فی ظنہ من لیس بمعصوم من الخطاء معصوما حقیقۃ او معصوما فی حق العمل
بقولہ وفی ظنہ ان اللہ تعالی کلفہ بقولہ وان ذمتہ مشغولۃ بتقلیدہ وفی مثلہ نزل قولہ تعالی وانا علی
آثارہم مقتدون وہل کان الملل السابقۃ الا من ہذا الوجہ انتہی تو اب غور کرو کہ ایسی تقلید کو کتنی بڑی اکابر نے شرک کہا ہے
اور کتنون نے اسکی مذمت کی ہے پس اگر جناب مولف ایسے تقلید کے شرک کہنے والونکو جاہل جانتے ہین تو پھر عالم کون ہوگا معلوم
نہین کہ جناب مولف اسپر دلیل کیا رکھتے ہین تو مجرد قول جسمین اتنے اکابر پر جہل کا دعوی کیا ہے کسطرح
سنا جاوے اور جو کہ مولف نے اس دعوی پر آیات اور حدیث اور بزعم خود اجماع کو نقل کیا اونسے

اِنسانٍ مِنہم اومِمّن قبلہم فیاخذ کلہ فلیعلم مَنْ اخذ بجمیع اقوالِ ابی حنیفۃ رح
اوجمیع اَقوالِ مالکٍ رح اوجمیع اَقوالِ الشافعیؒ رح اوجمیع اقوالِ احمد رح
ولا یَترکُ شَیئاً مِنْ اَقوالِ مَنْ اتّبَعَ مِنہم اِلٰی قَولِ غیرہٖ ولَم یَعتمِدْ علٰی ماجاء
فِی القراٰنِ والسُّنّۃِ غیرَ صادفٍ لذٰلکَ الٰی قولِ انسانٍ بعَینِہٖ انّہٗ قَدْ خالفَ
اِجماعَ الاُمّۃِ اَوّلہا عن اٰخرِھا بیقینٍ لا اِشکالَ فیہ وانّہٗ لا یجِدُ لنفسِہٖ سلفاً ولا اماماً
فی جمیعِ الاَعصارِ المحمودۃِ الثّلٰثۃِ وقد اتّبع غیرَ سبیلِ المُؤمنینَ نعوذُ باللہ من ھٰذہِ المنزلۃ
اور وجہ محمول ہونے اس کلام کی تقلید بمعرض نصوص پر ظاہر ہے اسلیئے کہ مطلق تقلید کو جوکہ وقت
لاعلمی کے کیجاوے اور اوسمین مخالفت احادیث کی نہو کوئی ممنوع یاشرک نہین کہتا اسیواسطے جناب
حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ اس کلام کو ابن حزم کے نقل کرکر فرماتے ہین کہ یہہ کلام ابن حزم
کا اوسی شخص کے حقمین ہے جو قرآن اور حدیث کے استنباط سے ہلگیے اور ایک مسلہ بھی حدیث سے
استنباط نکرے اور نہ کسی اہل حق کو کرنے دے یا اوسکے حق مین ہے جسکو کوئی حدیث مخالف مذہب
اوسکے ملجاوے اور وہ منسوخ بھی نہین ہے وہ شخص امام کے اتباع کو نہین چھوڑتا اور حدیث کو
ہرگز ہرگز نہین قبول کرتا تو یہہ خصلت ہے منافقونکی اور احمقونکی چنانچہ عقد الجید مین بعد نقل کرنے کلام
ابن حزم کے فرماتے ہین اِنّمایَتِمُّ یعنی کلام ابن حزمٍ فیمن یضرب من الاجتہاد ولو فی مسئلۃ
وفیمن ظہرَ علیہ ظہوراً بیّناً انّ النبیّ صلّی اللہ علیہ وسلم اَمرَ بکذا اونہی عن کذا وانّہ لیس بمنسوخ
امّا بان یتتبّع الاحادیثَ واقوالَ المُخالفِ والمُوافقِ فی المسئلۃِ فلا یجِدُ لہا نسخاً اوبان یرٰی
جمّاً غفیراً مِنَ المتبحّرینَ فی العلمِ یذھبونَ الیہِ ویرٰی المُخالفَ لہٗ لا یحتجّ الّا بقیاسٍ واستنباطٍ
اونحو ذٰلکَ فحینئذٍ لاسببَ لمخالفۃِ حدیثِ النبیّ صلی اللہ علیہ وسلم الّا نفاقٌ جلیٌّ اوحُمقٌ
خفیٌّ وھٰذا ھوالّذی اشار الیہ الشیخُ عزّ الدّین بن عبدِ السّلام حیثُ قال ومن عجبِ العجائبِ
انّ الفقہاءَ المقلّدینَ یقفُ اَحدُھم علٰی ضعفِ ماٰخذِ امامہٖ بحیثُ لا یجدُ لضعفہٖ مدفعاً وھو مع
ذٰلکَ یقلّدہ فیہ ویترکُ مَنْ شہِدَ لہ الکتابُ والسّنّۃُ والاقیسۃُ الصّحیحۃُ لمذھبہم جموداً
علٰی تقلیدِ امامہٖ بل یتحیّلُ لدفعِ ظاھرِ الکتابِ والسّنّۃِ ویتاوّلہما بالتّاویلاتِ البعیدۃِ الباطلۃِ انتہی
اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب ایک جگہ یہہ فرماتے ہین کہ فقہا کی تفریعات کو کتاب اللہ

علیٰ ما یقولون وَ اَجرهم مجراً جمیلاً قال و تیسری بات اس اجماع سے یہہ نکلی کہ ثابت ہوئی
تقلید بطریق تعیین یعنے مذہب معین کی اور باطل ہوئی تقلید بطریق عدم تعیین کی اوپر ثبوت تقلید کا بطریق
تعیین کہ پس اس سبب سے کہ جب منعقد ہوا اجماع اہل سنت وجماعت کا اور اجماع آئمہ اربعہ کا اوپر عمل کرنے
اوس عمل کے کہ مخالف ہو آئمہ اربعہ کے تو ثابت ہوئی اون دونو اجماعونسے تقلید مذہب معین اسلئے کہ یہہ
ایک فرد ہے افراد اون دونو اجماعون کے سے اقول یہہ ایک اور چوٹ ہے مولوی اسمعیل پر کیونکہ
اونہون نے اس تقلید کو بدعت اور شعبہ رفض کا لکھا ہے چنانچہ عنقریب کلام اونکا آویگا اور حق بھی یہی ہے کہ
وجوب پر تقلید مذہب معین کی کوئی دلیل شرعی کتاب اللہ یا حدیث یا اجماع یا قیاس سے نہین اور نہ کوئی
نقل کسیو مجتہد یا فقیہ متقدم معتمد علیہ سے اور ظاہر ہے کہ جناب مؤلف نے بھی کوئی دلیل شرعی نہین لکھی مگر
یہی کہ جبکہ چار مذہب کی تخصیص ثابت ہوئی تو ایک مذہب کی بھی ثابت ہوگئی تو یہہ دلیل ایسی ہے کہ قابل
التفات اور جواب کے نہین کیونکہ یہہ تو ایسی بات ہوئی کہ جبکہ چار جنت ہوئے تو ایک بھی جنت ہوگیا اور بطلان
اس ملازمہ کا ظاہر ہے ہر عاقل پر اور قطع نظر اس بطلان صریح سے بنا اسکی تخصیص پر مذاہب اربعہ کے ہے اور اسکا حال
بوجہ احسن معلوم ہوچکا ہے تو دعوی وجوب تقلید مجتہد معین کا بے دلیل ہوا اسلئے اوس دعوی کو ہم نہین مانتے
بلکہ ہم دعوی کرتے ہین کہ واجب جاننا ایک مجتہد کی تقلید کرنی بدعت ہے اور حرام اور حرمت اسکی ثابت
ہے کتاب اللہ سے اور حدیث سے اور اجماع سے اور اوس قیاس سے جسکو جمہور دلالۃ النص کر تعبیر کرتے
ہین اور امام رازی قیاس تام رکہتے ہین اور تمام اکابر سلف اور خلف کی تصریحات سے بھی معلوم ہوتا ہے
کہ عدم التزام مذہب معین چال ہے قرون ثلثہ کی تو بنظر اسی تعامل قرون ثلثہ کی ہمارے آئمہ ثلثہ نے فرمایا ہے
کہ عدم التزام مذہب معین مقلد کو درست ہے پس پہلے اقاویل سلف نقل کیے جاتے ہین بعد اوسکے دلائل کتاب اللہ
اور حدیث اور اجماع اور قیاس بیان کیے جائینگے اسواسطے کہ ان دونون نقل روایات سے لوگ بہت مطمئن
ہوتے ہین ۔ جناب حضرت امام ابو حنیفہ اور صاحبین سے مروی ہے کہ جو شخص اپنی عورت کے کسی حادثہ
مین مبتلا ہو اور اوسنے حکم اوس حادثہ کا کسی فقیہ سے پوچھا اور فقیہ نے ایک حکم کہدیا کہ تیری عورت تجھپر حلال ہوئی
یا حرام ہوئی تو اوس شخص نے اوس حکم کو اوس حادثہ مین جاری کردیا مثلا اوس عورتکو حرام سمجھکر چھوڑ دیا پھر
وہی حادثہ اوسکو دوسری عورت مین پیش آیا تو اوسنے اوسی فقیہ سے یا دوسرے سے حکم پوچھا تو اوس فقیہ
نے یا دوسرے نے اب ایک اور حکم مخالف پہلے حکم کے دیا مثلا اوس عورت کو حلال کہدیا تو اب اوس شخص

مطلق تقلید وقت لاعلمی کے ثابت ہوتی ہے نہ یہہ تقلید جسکا ترک ہونا دلائل قطعیہ سے ثابت کیا گیا ہے
فافہم **قال** اور دوسری بات اس اجماع مذکور سے یہہ بھی نکلی کہ باطل ہے یہہ قول نادانونکا بھی کہ کہتے ہیں
اللہ تعالے نے نہین حکم کیا ہمکو ابوحنیفہ کے اتباع کرنیکا اور نہ کسیکا بلکہ ارشاد کیا ہے ہمکو رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم کے اتباع کرنیکا **اقول** قائل اس قول کے ایک تو جناب شاہ ولی اللہ صاحب ہین
جیسا کہ رسالہ قول سدید مین فرماتے ہین اِعلَم اَنَّہٗ لَم یُکَلِّفِ اللّٰہُ تَعَالٰی اَحَدًا مِّن عِبَادِہٖ بِاَن یَّکُونَ
حَنَفِیًّا اَو مَالِکِیًّا اَو شَافِعِیًّا اَو حَنبَلِیًّا بَل اَوجَبَ عَلَیہِمُ الاِیمَانَ بِمَا بُعِثَ بِہٖ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیہِ وَسَلَّمَ انتہی اور ایک ملا علی قاری ہین چنانچہ شرح عین العلم مین فرماتے ہین وَمِنَ المَعلُومِ
اَنَّ اللّٰہَ سُبحَانَہٗ وَتَعَالٰی مَا کَلَّفَ اَحَدًا اَن یَّکُونَ حَنَفِیًّا اَو مَالِکِیًّا اَو شَافِعِیًّا اَو حَنبَلِیًّا بَل کَلَّفَہُم
اَن یَّعمَلُوا بِالسُّنَّۃِ اِن کَانُوا عُلَمَآءَ اَو یُقَلِّدُوا عُلَمَآءَ
اِن کَانُوا جُہَلَآءَ انتہی اور شیخ ابن الہمام حنفی نے اور علامہ ابن امیر حاج نے
اور علامہ سید بادشاہ نے اور شیخ ابن الحاجب نے اور قاضی عضد الملۃ نے اور صاحب مسلم محب اللہ
بہاری نے اور مولانا بحر العلوم عبد العلی لکھنوی نے اور صاحب معتنم فاضل قندہاری نے اور بہت سے
علماء خلف اور سلف نے بھی کہا ہے کہ اللہ تعالے نے کسیکو حکم نہین کیا کہ ایک ہی امام کے ائمہ مجتہدین
مین سے تقلید کرے جیسا کہ بحث تقلید شخصی مین عنقریب سبکے کلامون کو نقل کیا جاویگا تو غرض سبکی یہی
ہے کہ اللہ تعالے نے کسیکی تخصیص نہین کردی بلکہ عموماً اہل ذکر حقکا اتباع ناواقف پر واجب کیا ہے اور
یہہ دعوی اون حضرات کا بدیہی ہے اور ازالہ اخفا کا اوسکے بحث تقلید شخصی مین کیا جائیگا یہہ معلوم نہین
کہ جناب مؤلف کس دلیل سے ان سب حضرات کو نادان کہتے ہین **قال** اور نام رکھتے ہین اپنا فرقہ محمدیہ
جیسکا نام رکھتے ہین معتزلہ اپنا اہل توحید **اقول** یہہ ایک درچوٹ ہے مولوی اسمٰعیل صاحب پر اسلیئے کہ اونہون
نے ایضاح الحق مین ہدایت کی ہے کہ اپنا شعار محمدیہ خالصہ مقرر کرلینا چاہیئے چنانچہ عنقریب کلام تمام اونکا
نقل کیا جاویگا تو افسوس ہے کہ مولوی اسمٰعیل کہ جنکی سعی سے اللہ تعالی نے ایک عالم کو راہ راست پر کردیا معتزلی
ہون اور جناب مؤلف سنیے فَاِلَی اللّٰہِ المُشتَکٰی تو جواب اسکا لائق جناب مؤلف کے تو یہی تھا کہ اونکا بھی کوئی
ایسا ہی لقب معین کرکر اوسکو ثابت کرتے لاکن سب وشتم سنکر خاموش رہنا اور صبر کرنا طریق اہل اللہ کا ہے
رَزَقَنَا اللّٰہُ اِتِّبَاعَ اَثَرِہِم قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فَاصبِر کَمَا صَبَرَ اُولُوا العَزمِ وَقَالَ تَعَالٰی فَاصبِر

بلکہ زمانہ اصحاب مذاہب تک یہی چال تھی کہ بدون تخصیص ایک مذہب کی تقلید کیا کرتے چنانچہ سید
بادشاہ شرح تحریر ابن الہمام میں فرماتے ہیں أَفْتَى الشَّيْخُ الْمُتَّفَقُ عَلَى عِلْمِهِ وَصَلَاحِهِ الْعَلَّامَةُ
عز الدِّيْنِ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ فِيْ فَتَاوِيْهِ أَنَّهُ لَا يَتَعَيَّنُ عَلَى الْعَامِيِّ إِذَا قَلَّدَ إِمَامًا فِيْ مَسْئَلَةٍ
أَنْ يُقَلِّدَهُ فِيْ سَائِرِ مَسَائِلِ الْخِلَافِ لِأَنَّ النَّاسَ مِنْ لَدُنِ الصَّحَابَةِ إِلَى أَنْ ظَهَرَتِ الْمَذَاهِبُ
يَسْأَلُوْنَ فِيْمَا يَسْنَحُ لَهُمُ الْعُلَمَاءَ الْمُخْتَلِفِيْنَ مِنْ غَيْرِ نَكِيْرٍ انتهى كلام السيد بنوعٍ من الاختصار
اور مولانا شاہ ولی اللہ قدس سرہ عقد الجید میں فرماتے ہیں وقال يَعْنِي الشَّيْخَ ابْنَ عَبْدِ السَّلَامِ
لَمْ يَزَلِ النَّاسُ يَسْئَلُوْنَ مَنِ اتَّفَقَ مِنَ الْعُلَمَاءِ مِنْ غَيْرِ تَقْيِيْدٍ بِمَذْهَبٍ وَلَا إِنْكَارٍ عَلَى أَحَدٍ مِنَ
السَّائِلِيْنَ إِلَى أَنْ ظَهَرَتِ الْمَذَاهِبُ وَمُتَعَصِّبُوْهَا مِنَ الْمُقَلِّدِيْنَ انتهى
شیخ عبد الوہاب شعرانی نے یہ بات جو ابن عبد السلام نے کہی ہے ایک جماعت عظیمہ سے نقل
کر کے کہا ہے کہ یہ عدم التزام مذہب معین ایسا متفق علیہ ہو گیا ہے جسکا خلاف درست نہیں یعنے
بحکم آیہ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيْرًا چنانچہ مولانا
موصوف عقد الجید میں فرماتے ہیں وَنَقَلَ يَعْنِي الشَّيْخَ عَبْدَ الْوَهَّابِ الشَّعْرَانِيَّ عَنْ جَمَاعَةٍ عَظِيْمَةٍ مِنْ عُلَمَاءِ
الْمَذَاهِبِ أَنَّهُمْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ وَيُفْتُوْنَ بِالْمَذَاهِبِ مِنْ غَيْرِ الْتِزَامِ مَذْهَبٍ مُعَيَّنٍ مِنْ زَمَنِ أَصْحَابِ الْمَذَاهِبِ
إِلَى زَمَانِهِ عَلَى وَجْهٍ يَقْتَضِيْ كَلَامُهُ أَنَّ ذٰلِكَ أَمْرٌ لَمْ يَزَلِ الْعُلَمَاءُ عَلَيْهِ قَدِيْمًا وَحَدِيْثًا حَتَّى صَارَ بِمَنْزِلَةِ
الْمُتَّفَقِ عَلَيْهِ فَصَارَ سَبِيْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْ لَا يَصِحُّ
خِلَافُهُ انتهى شیخ کمال الملة محقق ابن الہمام جنکی رفعت شان اور علو مکان سے سب اہل علم
واقف ہیں فرماتے ہیں کہ جب کوئی کسی مسئلہ میں کسی مجتہد کی تقلید کرے تو اوسکو درست ہے
کہ دوسرے مسئلہ میں دوسرے مجتہد کی تقلید کرے کیونکہ یقیناً معلوم ہے کہ سب لوگ قرون اولی میں
کبھو کسیکی تقلید کرتی اور اگر کوئی اپنے نفس پر خود بخود التزام کر لے کہ میں ایک ہی مذہب کی تقلید
کرونگا تو اوسکے حق میں تین قول ہیں اول یہ کہ اوسکو التزام لازم ہے اور دوسرا یہ کہ لازم نہیں اور
تیسرا یہ کہ التزام اور عدم التزام برابر ہیں اور یہی غالب ہے اور ظن کے چنانچہ تحریر میں فرماتے ہیں
لَا يَرْجِعُ عَمَّا قَلَّدَ فِيْهِ اِتِّفَاقًا وَهَلْ يُقَلِّدُ غَيْرَهُ فِيْ غَيْرِهِ الْمُخْتَارُ نَعَمْ لِلْقَطْعِ بِأَنَّهُمْ كَانُوْا يَسْتَفْتُوْنَ
مَرَّةً وَاحِدًا وَمَرَّةً غَيْرَهُ غَيْرَ مُلْتَزِمِيْنَ مُفْتِيًا وَاحِدًا فَلَوِ الْتَزَمَ مَذْهَبًا مُعَيَّنًا كَأَبِيْ حَنِيْفَةَ أَوِ الشَّافِعِيِّ

مبتلا کو اختیار ہے چاہے تو اس دوسرے حادثہ مین پہلے فقیہ کے تقلید کرے چاہے دوسرے فقیہ
کی تقلید کرے چنانچہ فتاوی عالمگیری مین کہا ہے وَفِی نَوَادِرِ دَاؤُدَ بْنِ رَشِیْدٍ عَنْ مُحَمَّدٍ رح
فِی رَجُلٍ لَیْسَ بِفَقِیْهٍ اُبْتُلِیَ بِنَازِلَةٍ فِی الْمَرْءَةِ فَسَئَلَ عَنْهَا فَقِیْهًا فَاَفْتَاهُ بِاَمْرٍ مِنْ تَحْرِیْمٍ اَوْ
تَحْلِیْلٍ فَعَزَمَ عَلَیْهِ وَاَمْضَاهُ ثُمَّ اَفْتَاهُ ذٰلِکَ الْفَقِیْهُ بِعَیْنِهٖ اَوْ غَیْرُهٗ مِنَ الْفُقَهَاءِ فِی امْرَاَةٍ اُخْرٰی
لَهٗ فِی عَیْنِ تِلْکَ النَّازِلَةِ بِخِلَافِ ذٰلِکَ فَاَخَذَ بِهٖ وَعَزَمَ عَلَیْهِ وَسِعَهُ الْاَمْرَانِ جَمِیْعًا وَلَوْ کَانَ
هٰذَا الرَّجُلُ سَاَلَ بَعْضَ الْفُقَهَاءِ عَنْ نَازِلَةٍ فَاَفْتَاهُ بِحَلَالٍ اَوْ حَرَامٍ فَلَمْ یَعْزِمْ عَلٰی
ذٰلِکَ فِی زَوْجَتِهٖ وَتَرَکَ فَتْوَی الْاَوَّلِ وَسِعَهٗ ذٰلِکَ وَلَوْ کَانَ اَمْضٰی قَوْلَ
الْاَوَّلِ فِی زَوْجَتِهٖ وَعَزَمَ عَلَیْهِ فِیْمَا بَیْنَهٗ وَبَیْنَ امْرَءَتِهٖ ثُمَّ اَفْتَاهُ فَقِیْهٌ اٰخَرُ بِخِلَافِ ذٰلِکَ
لَا یَسَعُهٗ اَنْ یَدَعَ مَا عَزَمَ عَلَیْهِ وَیَاْخُذَ بِفَتْوَی الْاٰخَرِ قَالَ مُحَمَّدٌ وَهٰذَا کُلُّهٗ قَوْلُ اَبِی حَنِیْفَةَ وَاَبِی یُوْسُفَ وَقَوْلُنَا
انتہے تنبیہ جناب مؤلف نے اس روایت کو اخیر مین باب ثانی کی نقل کرکے اسکے دو وجہ سے جواب دیا
ہے وجہ اول یہہ کہ اس عبارتمین وَسِعَهُ الْاَمْرَانِ سے مراد یہہ ہے کہ گنجایش ہے سائل کو نفاذ اوس حکم کا اور
نفاذ حکم سے جواز اوس فعل کا لازم نہین آتا وجہ دوسری یہہ کہ یہہ عبارت علی العموم تو نہین خواہ مخواہ روافض خوارج
مستثنی ہونگی اور اہل سنت متعین ہونگی اور جبکہ ایکدفعہ تخصیص ہو چکی تو اب ہم کہتے ہین کہ اسمین دوسری فقیہ
سے مجتہد فی المذہب مراد ہے تم جوابہ بکلا الوجہین سو جواب وجہ اول کا یہہ ہے کہ لفظ امران سے
جو تثنیہ کا صیغہ ہے ارادہ نفاذ مفرد کا خلاف نقل اور عقل کے ہے اور علاوہ اسکے وہ نفاذ وسعت مین
سائل کے کہان ہے اور نیز وہ دو امر جو سائل کے وسعت مین ہون کما تقتضیہ قولہ وَسِعَهُ الْاَمْرَانِ اور وہ دو امر نہین
مگر عمل کرنا اوپر فتوی پہلے فقیہ کے اور عمل کرنا اوپر فتوے دوسرے فقیہ کے فافہم اور جواب وجہ ثانی یہہ ہے کہ تخصیص
پر اہل سنت کے تو یہہ باعث ہے کہ روافض خوارج اہل حق نہین ہین نزدیک اہل سنت کے تو اس
تخصیص سے تخصیص مجتہد فی المذہب کی کسطرح بلا قرینہ اور بلا باعث کیجاوے اور جو کہ مولف نے
جامعین فتاوی عالمگیریہ کے کلام کو قرینہ قرار دیا ہے وہ مفید نہین کیونکہ قرینہ مخصص اسی قسم کی اسی
کلام قائلین اس قول کا یعنے امام صاحب و صاحبین کا چاہیئے ٭ امام مجتہد شیخ عز الدین بن
عبد السلام اپنے فتاوے مین فرماتے ہین کہ جبکہ مقلد کسی مسلہ مین کسی امام کی تقلید کرلی
تو اسکو یہہ ضرور نہین کہ اور مسائل مین بھی اوسی امام کی تقلید کا التزام کرلی کیونکہ زمانہ صحابہ سے

الاصح لان التزامه غير ملزم اذ لا واجب الا ما اوجبه الله ورسوله ولم يوجب على احد ان يتمذهب
بمذهب رجل من الائمة فيقلده في كل ما ياتي ويذر غيره والتزامه ليس بنذر حتى يجب الوفاء
به قلت ولو نذر لا يلزمه كما لا يلزمه البحث عن الاعلم واسد المذاهب على المعتمد قاله السيد السمهودي
وقال ابن حزم انه لا يحل لحاكم ولا مفت تقليد رجل فلا يحكم ولا يفتي الا بقوله وقول ابن حزم لم
يوخذ به دهره كما حكي عنه من دعواه الاجماع على ان متتبع الرخص فاسق وهو مردود بما افتى به
الشيخ المتفق على علمه وصلاحه العلامة عز الدين بن عبد السلام في فتاواه انه لا يتعين على العامي اذا
قلد اماما في مسئلة ان يقلده في سائر مسائل الخلاف لان الناس من لدن الصحابة الى ان ظهرت
المذاهب يسئلون فيما يسنح لهم العلماء المختلفين من غير نكير وسواء اتبع الرخص في ذلك او العزائم
لان من جعل المصيب واحدا وهو الصحيح لم يعينه ومن جعل كل مجتهد مصيبا فلا انكار على من قلد في
الصواب وقال ايضا واما ما حكاه بعضهم عن ابن حزم حكاية الاجماع على منع تتبع الرخص من المذاهب فلعله
محمول على من تتبعها من غير تقليد لمن قال بها او على الرخص المركبة في الفعل الواحد كذا في العقد الفريد في
احكام التقليد للسيد علي السمهودي الشافعي بل قيل لا يصح للعامي مذهب لان المذهب لا يكون الا لمن له
نوع نظر وبصيرة بالمذهب او لمن قرأ كتابا في فروع مذهب وعرف فتاوى امامه واقواله واما من لم يتاهل
لذلك بل قال انا حنفي او شافعي لم يصر من اهل ذلك المذهب بمجرد هذا كما لو قال انا فقيه او نحوي لم يصر
فقيها او نحويا وقال الامام صلاح الدين العلائي والذي صرح به الفقهاء في مشهور كتبهم جواز الانتقال
في آحاد المسائل والعمل فيها بخلاف مذهبه اذا لم يكن على وجه التتبع للرخص انتهى قلت والمراد بخلاف مذهبه
المسائل التي عمل بها لا التي اعتقدها بدون عمل لقول الكمال ثم حقيقة الانتقال اي عن المذهب انما تتحقق
في حكم مسئلة خاصة قلد فيه وعمل به والا فقوله قلدت ابا حنيفة رحمه الله فيما افتى به من المسائل مثلا
والتزمت العمل به على الاجمال وهو لا يعرف صورها ليس حقيقة التقليد بل هذا حقيقة تعليق التقليد
او وعد به لانه التزم ان يعمل بقول ابي حنيفة فيما يقع له من المسائل التي تتعين في الوقائع فان ارادوا يعني
المشائخ القائلين من الحنفية بان المنتقل من مذهب الى مذهب آثم يستوجب التعزيرات ارادوا هذا الا
لتزام فلا دليل على وجوب اتباع المجتهد المعين بالتزامه نفسه ذلك قولا او نية شرعا قلت وكذا لا يلزمه العمل
على الصحيح كما تقدم بل الدليل اقتضى العمل بقول المجتهد فيما اذا احتاج اليه لقوله تعالى فاسئلوا اهل الذكر ان

فقیل یلزم وقیل لا وقیل مثل من لم یلزم وھو الغالب علی الظن
انتہے تنبیہ قولہ لایرجع عما قلد معنی اسکے یہہ ہین کہ جس حادثہ معینہ مین تقلید کرچکا ہے اوس حادثہ خاص
مین رجوع نہ کرے اگرچہ اوسی مسلہ مین دوسرے حادثہ مین اور دوسرے وقت مین رجوع کرلے
جیساکہ ملاحسن شرنبلالی حنفی نے اور سید علی السمہودی نے اور سید ابن العابدین نے اور
سید احمد طحطاوی نے اور سید بادشاہ شارح تحریر نے اور فاضل قندہاری نے خوب دلائل اور تفصیل
سے لکھاہے جیساکہ بحث رجوع بعد العمل مین آئیگا انشاء اللہ تعالے ؂ سید بادشاہ شارح
نے بھی ایساہی کہاہے کہ صحابہ کے زمانہ سے لیکر آجتک یہی حال اور مسلک چلاآیا ہے کہ کبھو کسیکی
تقلید کرتی اور کبھی کسیکی بدون انکار کے اور اون تینون قولون مین سے اس قول کوکہ التزام سے بھی
لزوم نہین ہوتا خوب دلائل سے ثابت کیاہے توکہ خصم کوگنجایش اختیار کرنے قول اول کی یعنی
لزوم کی نہ رہی اور کہاہے کہ یہہ تین قول اوس شخص کے حقمین ہین جو ازخود ایک مذہب کا التزام کرلے
اور جوکوئی سرے ہی سے التزام نکرے تو اوسپر بالاتفاق تعین مذہب معین کے لازم نہین بدلیل اجماع
صحابہ ومن بعدہم کے اور کہاہے کہ عامی محض کو تو تعین مذہب کی سراسر بیمعنی اور باطل ہے اسلیئے
کہ اوسکو مذہب سے کیا خبر اور اوسکے اصول اور قواعد سے کیا اطلاع ہے اوسکا یہہ قول کہ مین حنفی ہون
یا شافعی ہون ایسا ہوگا جیساکہ کہے کہ مین نحوی ہون چنانچہ شرح تحریر مین مختصر الشرح ابن امیر حاج
فرماتے ہین لایرجع المقلد فیما قلد فیہ من احکام المجتہدین ای عمل بہ تفسیر لقلد لتضمنہ المجرد الراجع
الی الموصول اتفاقا فانقل الآمدی وابن الحاجب الاجماع علی عدم جواز رجوع المقلد فیما قلد فیہ
وقال الزرکشی لیس کما قالا ففی کلام غیرہما مایقتضی جریان الخلاف بعد العمل ایضا وھل
یقلد غیرہ ای غیر من قلدہ فی حکم غیرہ ای غیر الحکم الذی عمل بہ اولا المختار فی الجواب نعم للقطع
بالاستقراء بانہم ای المستفتین فی کل عصر من زمن الصحابۃ الی الآن کانوا یستفتون مرۃ واحدا
من المجتہدین ومرۃ غیرہ ای غیر المجتہد الاول حال کونہم غیر ملتزمین مفتیا واحدا وشاع ذلک من
غیر نکیر وھذا اذا لم یلتزم مذھبا معینا فلو التزم مذھبا معینا کابی حنیفۃ او الشافعی فھل یلزمہ
الاستمرار علیہ فلایقلد غیرہ فی مسئلۃ من المسائل ام لا فقیل یلزم کما یلزمہ الاستمرار فی حکم حادثۃ
معینۃ قلدہ فیہا ولانہ اعتقد ان مذھبہ حق فیجب علیہ العمل بموجب اعتقادہ وقیل لا یلزم وھو

یہ نہین ہے ثابت سمع سے چنانچہ تحریر شرح تحریر مین فرماتے ہین وھل یقلد غیرہ ای من قلدہ اولا فی شیء فی غیرہ ای غیر ذلک الشیء کان یعمل اولا فی مسئلۃ بقول ابی حنیفۃ و ثانیا فی اخری بقول مجتہد آخر المختار کما ذکرہ الآمدی وابن الحاجب نعم للقطع بالاستقراء التام بانہم ای المستفتین فی کل عصر من زمن الصحابۃ وھلم جرا کانوا یستفتون مرۃ واحدا ومرۃ اخری غیرہ غیر ملتزمین مفتیا واحدا وشاع وتکرر ولم ینکر انتہی

اور دوسری جگہ تحت اس قول تحریر کے وقیل لا فرماتے ہین اذ لا واجب الا ما اوجبہ اللہ تعالی ورسولہ ولم یوجب اللہ ورسولہ علی احد ان یتمذھب بمذھب رجل من الائمۃ فیقلدہ فی کل ما یاتی ویذر غیرہ انتہی

اور تیسری جگہ تحت قول اس تحریر کے لعدم ما یوجبہ فرماتے ہین بل الدلیل الشرعی اقتضی العمل بقول المجتہد وتقلیدہ فیما یحتاج الیہ وھو قولہ فاسئلوا اھل الذکر والسؤال انما یتحقق عند طلب حکم الحادثۃ المعینۃ فاذا ثبت عندہ قول المجتہد وجب عملہ واما التزامہ فلم یثبت من السمع اعتبارہ ملزما انما ذلک فی النذر ولا فرق فی ذلک بین ان یلتزم بلفظ او بقلبہ علی ان قول القائل مثلا قلدت فلانا فیما افتی بہ تعلیق التقلید او الوعد بہ ذکرہ المصنف انتہی

ابن الحاجب مالکی نے کہا ہے کہ ایک مسئلہ مین ایک مجتہد کی تقلید کرنی اور دوسری مسئلہ مین کسی دوسرے مجتہد کی تقلید کرنی تعامل قرون ورلے سے ثابت ہے کیونکہ یقینا معلوم ہے کہ قرون اولی مین ایسا ہی واقع تھا اور اگر کوئی ایک مذہب کا التزام بھی کرلے تو وہ التزام ایسا ہے جیسا عدم التزام چنانچہ مختصر الاصول مین فرماتے ہین ولا یرجع عنہ بعد تقلیدہ اتفاقا وفی حکم آخر المختار جوازہ لنا القطع بوقوعہ ولم ینکر فلو التزم مذھبا معینا کمالک والشافعی وغیرہ فثالثہا کالاول انتہی قاضی عضد الملۃ والدین شافعی نے بھی یہی کہا کہ زمانہ صحابہ سے لیکر بعد اوسکے ہر عصر مین یہی مسلک تہا کہ بدون التزام ایک مذہب کے تقلید کیا کرتے تہے اور کلام کو ابن حاجب کی خوب تفصیل سے بیان (؟) کیا ہے نے اسکا ترجمہ کیا ہے شرح کی ہے چنانچہ شرح مختصر مین فرماتے ہین اذا عمل العامی بقول مجتہد فی حکم مسئلۃ فلیس لہ الرجوع فیہ الی غیرہ اتفاقا واما فی حکم مسئلۃ اخری فہل یجوز لہ ان یتبع غیرہ المختار جوازہ لنا القطع

انكم لا تعلمون والسؤال انما يتحقق عند طلب الحكم في الحادثة المعينة وحينئذ اذا
ثبت عنده قول المجتهد وجب عمله به انتهى كما نقله السيد السمهودي رحمه الله
ثم قال السمهودي واذا افتاه مفتيان واختلفا تخير على الاظهر انتهى وقيل الملتزم
كمن لم يلتزمه بمعنى انه ان عمل بحكم تقليد المجتهد لا يرجع عنه اي عن ذلك الحكم
وفي غيره اي غير ذلك الحكم له تقليد غيره من المجتهدين وهذا القول في الحقيقة تفصيل
لقوله وقيل لا قال المصنف يعني ابن الهمام وهو يعني هذا القول الغالب على الظن كناية
عن كمال قوته بحيث يجعل الظن متعلقا بنفسه فلا يتعلق بما يخالفه ثم بين وجهه
غلبته بقوله لعدم ما يوجبه اي لزوم اتباع من التزم تقليده شرعا اي ايجابا
شرعيا اذ لا يجب على المقلد الا اتباع اهل العلم لقوله تعالى فاسئلوا اهل الذكر ان
كنتم لا تعلمون وليس التزامه من الموجبات شرعا ويتخرج منه اي يستنبط منه اي من
جواز اتباع غير مقلده الاول وعدم التضييق عليه جواز اتباعه رخص المذاهب
اي اخذه من المذاهب ما هو الاهون عليه فيما يقع من المسائل ولا يمنع منه مانع شرعي اذ للانسان
ان يسلك المسلك الاخف عليه اذا كان له اي للانسان اليه اي ذلك المسلك سبيل ثم بين السبيل
بقوله بان لم يكن عمل باخر اي بقول اخر مخالف لذلك الاخف فيه اي في ذلك المحل
المختلف فيه انتهى عبارة السيد بادشاه هكذا في العقد الفريد للعلامة ملا حسن الشرنبلالي الحنفي

ـــه علامہ ابن امیر حاج نے کہا ہے کہ مختار یہی ہے کہ ایک مسئلہ مین ابو حنیفہ کی تقلید کرے اور
دوسرے مسئلہ مین کسی دوسرے امام کی تقلید کرنی مباح اور مجوز ہے واسطے یقین اثبات
کے کہ تمام مخلوقات زمانہ صحابہ سے لیکر آجتک کبھو کسیکی تقلید کرتی تھی اور کبھو کسی اور کی اور یہ
مشایع اور متکرر ہو گیا ہے اور اوسپر کسی نے انکار نہین کیا یعنی گویا سبیل مومنین کا یہی ہو گیا ہو
اور فرمایا کہ التزام ایک مذہب کیسے وہ مذہب لازم نہین ہو جاتا اسواسطے کہ واجب اور لازم
وہی امر ہوتا ہے جو کہ اللہ تعالے اور رسول اوسکا لازم اور واجب کر دے حالانکہ اللہ اور رسول
نے اسکو حکم نہین دیا کہ ایک مذہب کی خاص کر تقلید کرو اور فرمایا کہ دلیل شرعی سے تو فقط یہی
ثابت ہوتا ہے کہ وقت حاجت کے قول کسی مجتہد کا اخذ کیا جاوے اور اگر التزام اوسی مجتہد کا سو

اون تین قولوں میں سے جو شیخ عبارتوں میں گذری ہیں اس قول کو کہ التزام کر لینے سے مذہب
لازم نہیں ہوجاتا خوب ثابت کیا ہے اور اوسکو اختیار کیا ہے اور فرمایا ہے کہ اللہ تعالے نے
کسی شخص پر ایک مذہب معین کی تقلید واجب نہیں کی تو اوسکا واجب کہنا گویا نئی شریعت نکالنے
ہوئی اور اس قول کو کہ التزام کرنے سے ایک مذہب لازم ہوجاتا ہے بوجہ معقول باطل کیا ہے اور قول
ثالث کو یعنی التزام مثل عدم التزام کو تو تسلیم کیا ہے لاکن کلام اون سب ہونکے یعنی فَلَا يَرْجِعُ
عَمَّا قَلَّدَهُ فِيهِ وَفِي غَيْرِهِ يُقَلِّدُ مَنْ شَاءَ کو منع اور رد کیا ہے اور فرمایا کہ جو کہ
بعض متاخرین نے تشدید کی ہے کہ اگر حنفی ہوکر شافعی ہوجاوے تو قابل تعذیر کے ہوتا
ہے یہہ اونکے اپنے گھر کی شرع ہے اور بہت وہم وہاں سے اس التزام مذہب معین کو باطل
کیا ہے چنانچہ شرح مسلم میں فرماتے ہیں وَهَلْ يُقَلِّدُ غَيْرَهُ أَيْ مَنْ قَلَّدَهُ فِي غَيْرِهِ أَيْ غَيْرِ
مَا قَلَّدَ فِيهِ الْمُخْتَارُ نَعَمْ إِنْ شَاءَ لِمَا عُلِمَ مِنِ اسْتِفْتَائِهِمْ مَرَّةً إِمَامًا وَاحِدًا وَمَرَّةً أُخْرَى
إِمَامًا غَيْرَهُ مِنْ غَيْرِ نَكِيرٍ مِنْ أَحَدٍ فَصَارَ إِجْمَاعًا وَتَوَاتَرَ هٰذَا الْبَحْثُ لَا مَجَالَ لِلْمُمَارَاةِ فِيهِ
وَلَوِ الْتَزَمَ مَذْهَبًا مُعَيَّنًا أَيْ عَهِدَ نَفْسَهُ أَنَّهُ عَلَى هٰذَا الْمَذْهَبِ كَمَذْهَبِ أَبِي حَنِيفَةَ
أَوْ غَيْرِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُونَ هٰذَا الْاِلْتِزَامُ لِمَعْرِفَتِهِ دَلِيلَ كُلِّ مَسْئَلَةٍ وَظُهُورِهِ رَاجِحًا عَلَى
من نص او اجماع على منع التلفيق انتهى ايراده فلا يخفى انه باطل صريحا وبعيد من شانه كل
البعد ومصادرة على المطلوب اذ لا يخفى على من له ادنى مسكة ان منشأ الايراد على انه لا وجود
لشيء حالة التلفيق وهو عين الدعوى اعني بطلان التلفيق فكيف يصلح لكونه دليلا ومنع
السيد رحمه الله ليس الا اياه ولا يطلب السيد منه الدليل من نص واجماع او قياس
قوي يدل على هذا فكيف الاستغناء للمورد من اقامة الدليل كما قال لا نحتاج لاقامة الدليل

وسنکے اور کلام بلاغت نظام سے شاہ ولی اللہ کے معلوم ہو چکا پھر اگر مولف استعداد فہم کلام
وسنکے یہ نرکہتا ہو تو صاحب بحر و ابن الہمام کا کیا قصور لیکن بسبب اسکے کہ تقلید مذموم کے
بیٹی آنکہہ اور دل پر باندہ ہاہی نظر نہ آوے تو ہمارا اسمین کیا اختیار اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن
اور جن قایل سے ابن الہمام کے او صاحب بحر کے موافق بطلان تلفیق نکلتا ہے اونمین سے
ہرگز بطلان تلفیق کے مفہوم نہین ہوتے اور چونکہ اخیر مین باب ثانیہ کے مولف قول ابن الہمام
کا فتح القدیر سے بواسطہ عالمگیریہ کے اور صاحب بحر کا رسایل زینیہ سے پھر مکرر لایا ہے اسلیئے رد
اوسکا وہان پر ہے ہوگا تو اوسکے صاف معلوم ہوگا کہ ان قولون سے عدم التزام مذہب معین مطلقاً
باطل نہین ہوتا چہ جائے باطل ہونا تلفیق کا فانتظر **قال** چوتہا طریق الخ **اقول** اس طریق مین
یہہ خرافات کیا ہے کہ ہر مجتہد کو اپنی مذہب کے مخالف حکم نہ دینا چاہیئے جیسا کہ کہا مسلم مین ولو حکم بخلاف
اِجْتِہَادِہٖ کَانَ بَاطِلًا اِتِّفَاقًا وَاِنْ قَلَّدَ غَیْرَہٗ لِاَنَّہٗ یَجِبُ عَلَیْہِ الْعَمَلُ بِظَنِّہٖ وَلَا یَجُوْزُ لَہٗ
التَّقْلِیْدُ مَعَ اِجْتِہَادِہٖ اِجْمَاعًا کَذَا فِی شَرْحِ الْمُخْتَصَرِ اور پہر مقلد کو مجتہد پر قیاس کرکے
کہا ہے کہ جبکہ مجتہد کو اپنے مذہب کے خلاف پر عمل نچاہیئے تو اوسکی مقلد کو بہی خلاف اپنی امام کے
نچاہیئے انتہی حاصل کلامہ لاکن ہمنے ایسا غافل کہین نہین دیکہا کہ مقلد کو مجتہد پر قیاس کرتا ہے چالائکہ
مجتہد کو تقلید دوسرے مجتہد کے حرام ہے اور مقلد کو وقت عدم العلم کے تقلید کسی مجتہد کے لاعلی التعین
واجب ہے ساتہہ قول اللہ تعالی کے فَاسْئَلُوْا اَہْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ پس
رد کیا اس غافل نے اس قیاس کرنے سے ادلہ اربعہ شرعیہ مذکورہ سابقہ کو جو تعین مذہب معین سے
بزعم وجوب منع کرتے ہین او سابق مین نقل کیئے گیئے ہین اور رد کیا اقاویل ائمہ کو جو تینتیس روایتون
کے ضمن مین گذر چکے ہین اور قطع نظر اون ادلہ اور روایات سے نص مختصر الاصول مین خاص کر
یہہ تصریح ہے کہ اگر حکم کرے مقلد مخالف اجتہاد امام اپنے کے تو حکم اوسکا جایز ہے چنانچہ کہا عضد نے شرح مختصر
مین فی المختصر ولو حکم المقلد بخلاف اجتہاد امامہ جری علی جواز تقلید غیرہ انتہی ای
اِبْتَنَی الْحُکْمُ عَلٰی مَا یَجِیْئُ مِنَ الْمُقَلِّدِ ہَلْ لَہٗ تَقْلِیْدُ غَیْرِہٖ انتہی یہہ مخالف دلایل اربعہ کے او تینتیس ۳۳
روایات سلف کے اور باوجود نص مختصر الاصول کے تصریح ہے او پرا ثبات کے اگر مقلد اپنے
امام کے اجتہاد کے خلاف حکم کردے تو حکم اوسکا جایز ہے ہوجاویگا قیاس مع الفارق جناب

فی المسئلتین فاذا حکم بصحۃ وقوعہ بعبارۃ النساء علی الغائب فقد لفق ومع ھذا فقد حکم بصحۃ الحکم الملفق من المذھبین وکذلک مسئلۃ الامام ابی یوسف رحمہ اللہ لما صلی بالناس الجمعۃ واخبر بوجود فارۃ میتۃ فی ماء الحمام الذی اغتسل منہ للجمعۃ فقال ناخذ بقول اخواننا من اھل المدینۃ اذا بلغ الماء قلتین لم یحمل خبثا قال فی الفتاوی الظھیریۃ ولم یکن ذلک مذھبہ وذکر المسئلۃ فی الظھیریۃ وغیرھا فی کتاب النکاح مستشھدا بھا فی مسئلۃ حنفی ان عمل فیھا بغیر مذھبہ من مسائل النکاح وسیاتی ذکرھا فھذا ابو یوسف امام المذھب وکبیرہ المجتھد الکامل قد قلد عند الضرورۃ ولم یکن ذلک مذھبا لہ بل مذھبہ تنجس الماء القلیل وان لم یتغیر بوقوع ما ینجسہ فیہ ولا شک ان الظاھر انہ فعل الطھارۃ ومن الصلوۃ علی مقتضی مذھبہ وانما قلد فی خصوص الماء فقد حصل التلفیق منہ وھو اولی حجۃ انتھی واضح ہو کہ یہہ روایات مستندہ بے الائمۃ دال رجواز تلفیق پر محض الزاما نقل کے گئے ہین اور دلائل تحقیقی ہمارے نزدیک ہی ہین جو بطلان پر تقلید شخص معین کے اور حقیقۃ پر تقلید بدون التزام کے نقل کے گئے ہین اسیپی کہ اون دلایل سے عموما تخصیص وجوب باطل ہوتی ہے خواہ حادثہ واحدہ مین ہو خواہ حوادث مختلفہ مین ہو دوسرا جواب فرض کیا کہ تلفیق باطل ہے لیکن اس سے وہ عدم تعین جسمین تلفیق نپاے جاوے کیونکر باطل ہوئے کیا عدم التزام مستلزم تلفیق کو ہوتا ہے مثلا ایک شخص ایک محل مین ابو حنیفہ کے مذہب کی تقلید کرتا ہے اسطرح کہ دوسرے مذہب کو اوسمین خلط نہین کرتا اور دوسرے محل مین شافعی مذہب کی تقلید کرتا ہے اوسیطرح پر تو اوس شخص کے حقمین بطلان تلفیق کیا ضرر کریگا اور اوسکی مسلک کو کیونکر باطل کریگا تنبیہ ایک دلیل جناب مولف نے خاص اپنے طرف سی جسمین کوسے اور انکا معتقد انہین مگر سوء فہم اونکا بہی ارشاد فرمائی ہے سو نقل کرنا اوسکا سوای تضیع اوقات کے کچہہ نہین ہے اور رد مین اوسکے اسیقدر کافی ہے کہ مدار اس دلیل کے تین امر مین اجماع مرکب ائمہ اربعہ کا اور منع ہونا رجوع بعد العمل کا بمعنی ظاہر اور منع ہونا تتبع رخص کا بالاجماع اور بطلان ان تینون امرون کا بوجہ بسط گذر چکا قال اور یہہ جو گمان کیا گیا ہے کہ تلفیق نزدیک صاحب بحر الرائق اور شیخ ابن الہمام کے جائز ہے سو یہہ بات اونکی صریح کلام سے نہین ثابت اقول مذہب صاحب البحر کا ... سے کلام سے اونکے صاف معلوم ہوا اور مذہب ابن الہمام کا بہی کلام

والمعلماء الاصولیین یہہ مسئلہ مستقل ہوکر مندرج کتب اصول مین ہے اسلیے ہم بہے علیحدہ بیان کرتے مین
تو معلوم کرنا چاہیے کہ انتقال ایک مذہب سے طرف دوسرے مذہب کے درست ہی بلا ارتیاب اونہین بولالہ
سے جنسی تقلید بطور عدم تعین کے ثابت ہو چکے ہے اور علماء مذاہب مین سے بہت لوگو اسکے جواز
پر روایتین ہین اور سب محقق لوگ جواز انتقال کے قائل ہین اگرچہ بعضی متاخرین جیسی صاحب قنیہ
وقہستانی وغیرہ کہ جو حدیث وقرآن سے بے بہرہ ہین منتقل کے حق مین تعزیر روے ہے تو
صاحب مذہب اور انکے شاگرد ون کاملین سے منقول نہین اور ملا علی قاری نے بیچ رسالہ اپنے
سم العوارض کے لکھتے ہین وَفِی التَّهْرِیَةِ رُوِیَ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَةَ اَنَّهٗ قَالَ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ
اَنْ یُفْتِیَ بِقَوْلِنَا مَالَمْ یَعْلَمْ مِنْ اَیْنَ قُلْنَا اِنْتَهٰی فَاِذَا کَانَ لَا یَجُوْزُ تَقْلِیْدُ الْاِمَامِ
مِنْ غَیْرِ دَلِیْلٍ فِی الْاَحْکَامِ فَکَیْفَ یَجُوْزُ تَقْلِیْدُ الْمُقَلِّدِیْنَ الَّذِیْنَ مَا
وَصَلُوْا اِلٰی مَقَامِ الْمُجْتَهِدِیْنَ ثُمَّ یَجُوْزُ لِلْعَامِّیِّ اَنْ یُقَلِّدَ الْعَالِمَ
وَلَوْ مُقَلِّدًا لِلضَّرُوْرَةِ اَمْرِ الدِّیْنِ انتہی کلام اس عبارت مین ملا علی قاری کے
نظر کرو غور سے کہ قول قنیہ وغیرہ بیچ حق منتقل کے تجویز تعزیر کے کیونکر مقبول ہو بلا دلیل تعزیر کے
و بغیر نقل کے مجتہدین سابقین سے اور کلام شیخ ابن الہمام کا اور شارح ابن امیر حاج کا جسین ناعیین
انتقال پر رد بیہودہ تو عبارت سے شرح ابن امیر حاج کے جو ملا حسن شرنبلالی نے نقل کیے ہے
معلوم ہو گیا ہے ایسا ہو کہ کہا سید بادشاہ نے شرح تحریر مین فَاِنْ اَرَادُوْا یَعْنِی الْمَشَائِخَ الْقَائِلِیْنَ
مِنَ الْحَنَفِیَّةِ بِاَنَّ الْمُنْتَقِلَ مِنْ مَذْهَبٍ اِلٰی مَذْهَبٍ اٰثِمٌ یُوْجِبُ التَّعْزِیْرَ اِنْ اَرَادُوْا وَهٰذَا الْاِلْتِزَامُ فَلَا
دَلِیْلَ عَلٰی اتِّبَاعِ الْمُجْتَهِدِ الْمُعَیَّنِ بِالْتِزَامِهٖ نَفْسَهٗ ذٰلِكَ قَوْلًا اَوْ نِیَّةً شَرْعًا انتہی کما نقلہ الشرنبلالی
فی العقد الفرید اور امام نواوی اور رافعی سے بھی یہی منقول ہے کہ انتقال جائز ہے اور
کہا نواوی نے روضہ مین کہ جب کہ مذاہب مدون ہو گئی تو اب مقلد کو درست ہے انتقال
کرنا ایک مذہب سے طرف دوسری کے چنانچہ شیخ جلال الدین السیوطی جزیل المواہب مین
فرماتے ہین الْاِنْتِقَالُ مِنْ مَذْهَبٍ اِلٰی مَذْهَبٍ هُوَ جَائِزٌ کَمَا جَزَمَ بِهِ الرَّافِعِیُّ وَتَبِعَهُ النَّوَوِیُّ وَقَالَ فِی
الرَّوْضَةِ اِذَا دُوِّنَتِ الْمَذَاهِبُ قِیْلَ یَجُوْزُ لِلْمُقَلِّدِ اَنْ یَنْتَقِلَ مِنْ مَذْهَبٍ اِلٰی مَذْهَبٍ اِنْ قُلْنَا یَلْزَمُهُ الْاِجْتِهَادُ
فِیْ طَلَبِ الْاَعْلَمِ وَغَلَبَ عَلٰی ظَنِّهٖ اَنَّ الثَّانِیَ اَعْلَمُ یَنْبَغِیْ اَنْ یَجُوْزَ بَلْ یَجِبُ وَاِنْ خَیَّرْنَاهُ فَیَنْبَغِیْ اَنْ یَجُوْزَ اَیْضًا انتہی

مؤلف کا سوائی غفلت اور کم فہمی کے کیا تصور کیا جا دے ذرہ اس مقام مین غور کرنا چاہیئے قال
نقل کیا حموی نے بیچ شرح اشباہ والنظائر کے فن ثانی مین بیچ کتاب التعزیر کے وفی الفتح
قالوا إنّ المنتقلَ من مذهبٍ الى مذهبٍ بالاجتهادِ والبرهانِ آثمٌ يستوجبُ التعزيرَ
بلا اجتهادٍ وبرهانٍ اولى انتهى اقول اس نقل مین فتح القدیر سے یہہ وہی نقشہ ہوا ہے
کہ لا تقربوا الصلوۃ کو تو لے لیا ہے اور آثم گنہگاری کو چھوڑ دیا ہے اسلیئے کہ شیخ ابن الہمام نے یہہ
قول مشایخ کا فتح القدیر مین نقل کر کے پھر اوسکو رد کر دیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہہ تشدیدات محض الزامات
ہین یعنی کوئی امر شرعی نہین اور حجت دینی نہین چنانچہ ابن امیر الحاج شرح تحریر مین تمام کلام شیخ ابن
الہمام کا نقل فرماتے ہین جیسا کہ ملا حسن شرنبلالی حنفی کلام ابن امیر حاج کا نقل کرتے ہین وقال
ابن امير الحاج عقب كلامِ الماتنِ ابنِ الهمامِ في هذا المحلِ ما نصّهُ وقال ايضا يعني شيخنا ابن
الهمام في شرح الهداية عقب ما قدّمناهُ من بيانِ حقيقةِ الانتقالِ والغالبُ انّ مثلَ هذه
يعني التشديداتِ التي ذكروها فقالوا المنتقلُ من مذهبٍ الى مذهبٍ باجتهادٍ وبرهانٍ آثمٌ
يستوجبُ التعزيرَ فبلا اجتهادٍ وبرهانٍ اولى ولا بدّ ان يُرادَ بهذا الاجتهادِ معنى التحرّي وتحكيم
الغالبِ لانّ العاميَّ ليس له اجتهادٌ فتلكَ التشديداتُ الزاماتٌ منهم اي من المشايخ لكفِّ
الناسِ عن تتبّعِ الرُّخَصِ والّا اخذَ العاميُّ في كلِّ مسئلةٍ بقولِ مجتهدٍ يكونُ
قولُه اخفَّ عليه وانا لا ادري ما يمنعُ هذا من العقلِ والسمعِ وكونُ الانسانِ
يتتبّعُ ما هو اخفّ على نفسِه من قولِ مجتهدٍ مسوَّغٍ له الاجتهاد
ما علمتُ من الشرعِ ذمّةً عليهِ انتهى انقله الشرنبلالي عن ابن امير حاج
في العقد الفريد سو دیکھو تصرف حضرت ناقل کا کہ قالوا کے سر سے حرف ف کو اوڑا دیا ہے اور خبر سے
فتلكَ التشديداتُ الزاماتٌ منهم کو چھوڑ دیا نعوذ باللہ من ہذہ الخیانۃ فی الدین الہم
جبکہ سرقہ اور خیانت نقل کے فتح القدیر سے ثابت ہو چکے تو اب سنو نفس مسئلہ انتقال کی تحقیق
سو ہر چند کہ بعد اثبات حقیقۃ تقلید مدون تعین کے اول از بیہ سے اور تفتیش ہدایتون سلف اور خلف
سے بخوبی یہہ معلوم ہو گیا ہے کہ سبیل مؤمنین کا یہی ہے کہ بدون التزام ایک مذہب معین کے اتباع
مجتہدین کیا کرین حاجت اسکی نہین رہی ہے کہ جواز انتقال کو علیحدہ ثابت کرین لاکن چونکہ عند القوم

نکرے اور تیسرے یہہ کہ جسکی طرف انتقال کرتا ہے اوسکو اہل فضل و علم سے اعتقاد کرے ہیں اور جسکے
تقلید نکرے جسکو جاہل جانتا ہے اور ابن دقیق العید نے کہا ہے کہ منتقل تلفیق نکرے اور وہ مسئلہ جسمین
مقلد تہا قابل نقض کے ہو حکم سے یعنے جو کہ مخالف اجماع کے اور قواعد کے اور نص کے اور قیاس جلی کے
ہو اور شیخ عز الدین بن عبد السلام نے ایک ہی شرط کو اختیار کیا ہے یعنی یہہ کہ وہ مسئلہ کہ جسمین
مقلد تہا اوس قبیل سے ہو جو منقوض بحکم ہو سکے اور بعضی نقل کرتے ہین کہ انشراح صدر بہی اونکی شرط
ہے اور امام صلاح الدین العلائی نے کہا ہے کہ دو صورت مین انتقال مرجح ہے اول
یہہ کہ مقلد پر مذہب ثانی مین تشدید سوائے ہو اور دوسرے یہہ کہ مذہب اول کے معارض کوئی حدیث
صحیح معلوم ہووے اور فاضل قندہاری کہتے ہین کہ دوسری صورت مین جمع کیا بلکہ واجب ہے سو تمام یہہ تحقیق
کتاب تقریر مین ہے اور شرح ابن امیر حاج مین بہی ہے مگر شرح ابن امیر حاج مین بہت طوالت سی ہے
اسلیئے عبارت تقریر کے نقل کے جاتے ہے کہا تقریر مین وقال الرویانی یجوز الانتقال بثلثۃ
شروطٍ ان لا یجمع بین مذہبین علی صورۃٍ تخالف الاجماع کمن تزوج بغیر صداقٍ ولا
ولیٍ ولا شہودٍ وان یعتقد فیمن قلدہ الفضل بوصول اخبارہ الیہ فلا یقلد امیًّا فی
عمایۃٍ وان لا یتتبع الرخص وتعقب القرافی الاخیر بانہ ان اراد بالرخص ما ینقض فیہ
قضاء القاضی فحسن متعینٌ وان اراد ما فیہ سہولۃ علی المکلف کیف ما کان یلزم ان یکون
من قلد مالکًا فی المیاہ والارواث مخالفًا لتقوی اللہ تعالی ولیس کذلک وتعقب الاول
بان الجمع المذکور لیس بضارٍّ لان مالکًا لم یقل ببطلان انکحۃ الشافعیۃ بلا صداقٍ ولا
الشافعی ببطلان انکحۃ المالکیۃ بلا شہودٍ لکن فیہ نظرٌ ظاہرٌ ووافق ابن دقیق العید
الرویانی علی الشرط الاول وابدل الثالث بان لا یکون ما قلد فیہ مما ینقض فیہ الحکم
لو دفع واقتصر الشیخ عز الدین بن عبد السلام علی اشتراط ہذا وذکر الامام العلائی انہ
یرجح القول بالانتقال فی صورتین احدہما اذا کان مذہب غیر امامہ یقتضی تشدیدًا واخذ
بالاحتیاط والثانیۃ اذا رای لخلاف مذہب امامہ دلیلًا من حدیثٍ صحیحٍ ولم یجد فی
مذہب امامہ جوابًا قویًا منہ ولا معارضًا راجحًا علیہ اذ لا وجہ لہجر الحدیث الصحیح محافظۃ
علی مذہب التزمہ قلت وہذا موافقٌ لما نص علیہ احمد والقدوری الحنفی ومشی علیہ

اس کلام مین سیوطی کے غور کرنا چاہیے کہ سیوطی نے جواز انتقال کو کیا محقق کیا ہے پس نقل کرنا سیوطی
کا بعضی مالکیون کے قول کو جو متضمن ہو منع انتقال پر جیسا کہ مولف نے نقل کیا ہے اگر تسلیم ہے کیا
جاوی تو بطور طعن اور تعریض کے اوس مالکی پر ہو گا کما لا یخفی اور کہا مولینا بحر العلوم لکھنوی
نے شرح مسلم مین لا یجب الاستمرار ویصح الانتقال وهذا هو الحق الذي ينبغي ان يؤمن
ويعتقد به ولكن ينبغي ان لا يكون الانتقال للتلهي فان التلهي حرام قطعا
في التمذهب كان او غيره انتهى اور قبل اس عبارت کے فرمایا ہے حتى
شدد بعض المتاخرين المتكلفين وقالوا الحنفي اذا صار شافعيا يعزر وهذا
تشريع من عند انفسهم انتهى پس ان روایات سے جو اون روایات کا ضمن منتقل کے حق مین تعزیر کا حکم
دیا ہی اور جناب مولف نے وہ روایتین نقل کے ہین یہی ہو گیا اب باعث تخصیص تعزیر کا مشائخ سے
معلوم کرنا چاہیے وہ یہہ ہے کہ انتقال منتقل کا واسطے کسی غرض نیک شرعی کے نہو بلکہ واسطے اتباع نفس
کے ہو جیسا کہ ایک شخص سے عہد مین ابو بکر جوزجانی کے واقع ہوا تھا چنانچہ محقق شامی نے رد المحتار
حاشیہ در مختار مین نقل کیا ہے قوله اذ تحول الى مذهب الشافعي يعزر اي اذا كان ارتحاله لا
لغرض محمود شرعا كما في التاتارخانية حكي ان رجلا من اصحاب ابي حنيفة خطب الى رجل
من اصحاب الحديث ابنته في عهد ابي بكر الجوزجاني فابى الا ان يترك مذهبه
فيقرأ خلف الامام ويرفع يديه عند الانحطاط ونحو ذلك فاجابه فزوجه
فقال الشيخ بعد ما سئل عن هذه واطرق راسه النكاح جائز ولكن
اخاف عليه ان يذهب ايمانه وقت النزع لانه استخف بمذهبه الذي هو
حق عنده وتركه لاجل جيفة منتنة ولو ان رجلا برئ من مذهبه باجتهاد وضح له
كان محمودا ماجورا انتهى اقول خذ ما صفى من هذه النقل ودع ما كدر واعلم ان معنى
الاجتهاد في كلام الشامي هو الذي قاله العلامة ابن امير الحاج في شرح التحرير للشيخ ابن الهمام
كما في عقد العقد الفريد اعني به التحري وتحكيم الغالب لان العامي اين له الاجتهاد ۵
اب معلوم کرنا چاہیے کہ بعض آئمہ نے اس انتقال مذاہب مین بعض شروط ہیے بیان کئین ہین چنانچہ رویانی
نے لکھا ہے کہ جواز انتقال مین تین شرطین ہین اول یہہ کہ منتقل تلفیق نکرے اور دوسرے یہہ کہ تتبع رخص

بحر الرائق نے بیچ رسائل زینیہ کے فوجب علیٰ مقلدِ ابی حنیفۃ اَن یَعمَل بہ ولا یجوز لہ العمل
بقولِ غیرہ انتہی **اقول** یہہ قول صاحب بحر کا مطلق تقلید ابوحنیفہ مین نہین ہے
بلکہ ایک مسئلہ خاص مین یعنے وقت عصر مین جو اونکے نزدیک اوس مسئلہ مین مذہب ابوحنیفہ کا قوی اور دلیل
سے ہے یہہ قول فرمایا ہے چنانچہ یہہ کلام صاحب بحر کا اوسی رسالہ کے اخیر مین اس امر پر تصریح کر رہا ہے
فرماتے ہیں فاذا اظہرلنا مذہب الامام الاعظم ابی حنیفۃ رح فی ہذین الوقتین وظہر
ایضاً دلیلہ وقوتہ وصحتہ وانہ اقوی من دلیلہما وجب علینا اتباعہ والعمل بہ والاختیار بہ انتہی
کلامہ دیکھو علامہ کے حضرت مولف سے یہ کہ قول وجوب اتباع کو ایک مسئلہ مین دلیل ٹھہرایا ہے وجوب
اتباع کے ہر مسئلہ مین فافہم فان قلت ان تعلیلہ بعد بقولہ لما نقلہ القاسم فی تصحیحہ الخ نص علی
کون التزام التقلید علۃ لوجوب الاتباع مع قطع النظر عن کون مذہبہ قویاً او صحیحاً قلت قد
دریت ان الرجوع الممتنع انما ہو فی عین الحادثۃ التی قلدہ فیہا فالتعلیل بہ لا یفید الا وجوب
الاتباع فی حادثۃ خاصۃ قلدہ فیہا فاذا لم یکن قولہ فوجب الخ نصاً فی وجوب الاتباع فی جمیع
الحوادث بل فی حادثۃ جزم فیہ حقیقۃ الامام ابی حنیفۃ وقلدہ فیہا فحصل المطلوب من انہ
لم یحکم بوجوب الاتباع فی کل مسئلۃ بل فی مسئلۃ وقت العصر وہذا مفاد تعلیلنا بتقویۃ
الدلیل ولم یحکم ایضاً فی کل الحوادث بل فی حادثۃ خاصۃ قلدہ فیہا وہذا مفاد
تعلیلہ بقولہ لما نقلہ الخ **قال** اور کہا تفسیر احمدی کی مولف نے جو اوستاذ مین عالمگیر بادشاہ کے
بیچ تفسیر احمدی کے اذا التزم مذہباً یجب علیہ ان یدوم علی مذہب التزمہ ولا ینتقل الی مذہب
آخر انتہی **اقول** اسکا جواب یہی ہے جو کہ ملا علی قاری کے قول کا دوسرا جواب دیا گیا ہے علاوہ
یہہ کہ اس شخص کا کلام اس قابل کہان ہے کہ مقابل مین اقاویل علماء اصول کے بیان کیا جاوے یہہ تو
ایسی حضرت ہین کہ تفسیر احمدی مین صاف فرماتے ہین کہ جو شخص قرآن اور حدیث اور اجماع پر عمل
کریگا تو وہ بھی ابوحنیفہ ہی کا مقلد ہو جائیگا اسلیے کہ قرآن و حدیث و اجماع پر عمل کرنا ابوحنیفہ ہی نے
بتایا ہی تو گویا سب صحابہ اور تابعین کو ابوحنیفہ کا مقلد بناتے ہین اور ایسا ہی شیخ سدو کے بکری کو
حلال طیب فرماتی ہین اور سوائے اسکے اوسی تفسیر مین جابجا ایسی خرافات ارشاد فرماتی ہین
کہ دیکھکر ہنسی آتی ہے تو ایسے شخص کا کلام بے دلیل کسطرح مقابل ادلہ اربعہ اور جمہور مسلمین کے ہوسکتا

ابنُ الصَّلاح وغیرہ انتهی ما فی التحریر نقله الفاضِل القَنّد هادي ثم قال اقول يجب الفرق بين الصورتين بان الانتقال فی الاولی احتیاطٌ وفی الثانی واجبٌ کما هو ظاهر کلام العلائی انتهی ما فی المغتنم تو ظاہر ہے کہ شرط سے دویانی کیے وہ شرطین اول تو بوجہ اظہر باطل ہین جیسا کہ عبارت سے تقریر کیے گذرا اور قبل اسکی مقامات متعددہ مین شرح تحریر وغیرہ کے بہی ذکر ہو لیا اور شرط ثالث جسکا مسلم الثبوت سے ظاہر ہے کہ امی کے تقلید کیونکر درست ہو اسی جگہہ سے شرط اول ابن دقیق العید کے بہی باطل ہو گئے اور شرط ثانیہ اسکی جسمین شیخ ابن عبد السلام موافق ہین باعتبار مفہوم موافق کے تو صحیح ہے اور مسلم لاکن باعتبار مفہوم مخالف کے وہ بہی باطل ہے نفس کلام سے ابن عبد السلام کے جو روایت نمبر ۲ مین گذری ہے بلکہ یہہ شرط باعتبار مفہوم مخالف کے مخالف ہے اون تنتیس ۳۳ روایات کے اور اولہ اربعہ کے اور انشراح صدر جو بعض روایات سے شرط ابن عبد السلام کے معلوم ہوتی ہے راجع ہے طرف ثالث شرط رویانی کے اور یہا سے موافق ہی اب رہین دونون شرطین امام علائی کے سو شرطین جواز کے نہین بلکہ ترجیح انتقال کے ہین الحاصل ان شرطون سے جو کہ حق ہین یہی انتقال مذہب ممنوع نہین ہوتا اور تقلید مذہب معین واجب نہین ہوتی فافہم قال اور کہا ملا علی قاری نے بیچ شرح عین العلم کے فلو التزم احدٌ مذهبًا کابی حنیفة او الشافعی رحمهما الله فلزم علیه الاستمرار فلا یقلد غیره في مسئلة من المسائل انتهی اقول اسکی دو جواب ہین اول یہہ کہ ملا علی قاری نے اسی شرح عین العلم مین یہہ بہی کہا ہے ومن المعلوم ان الله سبحانه وتعالی ما کلف احدا ان یکون حنفیا او مالکیا الی آخر ما نقلناه سابقًا تو دیکھو کہ یہان تو یہہ اعتراف ہے کہ اللہ نے کسی پر واجب نہین کیے تقلید ابو حنیفہ کے خاص کر اور مولف کے روایت مین اگر تسلیم کیے جاوے قول ملا علی قاری بسبب التزام کرنے کے اور ظاہر ہے کہ التزام محض شرع سے موجب وجوب کے نہین تو دونون کلام اونکے متعارض ہوئے واذا تعارضا تساقطا دوسرا یہہ ہے کہ جو لوگ قول مخالف دلیل کے ابو حنیفہ اور شافعی کا نہین مانتے اور انکے آگے قول مخالف قرآن اور حدیث اور اجماع اور قیاس کے اور مخالف تنتیس ۳۳ روایات آئمہ سلف اور خلف کے ملا علی قاری کا تسلیم کرنا سو اسے مضحکہ کے کیا تصور کیا جاوے جائے انصاف ہے کہ تمام جہان کے مقابل اکیلا ملا علی قاری کسطرح ہو سکتا ہے مثل مشہور ہے کہ نقار خانہ مین طوطے کے کون سنتا ہی قال اور کہا صاحب

شرع کا ہی کہ قضاۃ اپنی عزل ان اور کا نفدین اس حکم کو نافذ فرماتے ہین محض نادانی سے ہی اوسکے لو امر
السلطانُ بعدمِ سماعِ الدعوی بعدَ خمسۃَ عشرَ سنۃً لا تُسمَعُ ویَجِبُ علیہِ عَدَمُ سماعِہا کذا فی
الاَشْباہِ پہر جو کوئی اس وجوب سے وجوب شرعی سمجھی اوسکے بیوقوفی ہے صاحب اشباہ کا کیا قصور
قَالَ اور کہا در المختار مین بیچ کتاب القضا کے وفی الوہبانیۃ للشرنبلالی یُفتِی مَنْ لَیسَ بمجتہدٍ لحنفیۃِ
زمانِنا بخلافِ مذہبِہِ عامِدًا فلا یَنفُذُ انتہٰی یعنی اور وہبانیہ مین ہے جو کہ شرنبلالی نے
تالیف کی ہے فتوی دے وہ شخص کہ نہین مجتہد ہے حنفی زمانہ ہمارے کے بخلاف مذہب اپنی کے قصداً پس
نہ جاری کیا جاوے حکم اتفاقًا اَقول مُستَعِیذًا بِاللہِ مِنَ المُحرِّفِینَ الضَّالِّینَ المُضِلِّینَ الذِینَ یُحرِّفونَ
الکَلِمَ عَن مَوَاضِعِہِ وَلا یَخافُونَ لِیَومِ الدِّینِ شرنبلالی کے کلام مین یُفتِی کا
لفظ نہین ہے جیسا کہ مولف نے نقل کیا ہے یفتی من لیس الخ اور ترجمہ بھی یُفتی کا ہے کیا ہی کہ فتوی دے
بلکہ اونکی کلام مین قضا کا واقع ہے چنانچہ درمختار مین موجود ہے وفی شرح الوہبانیۃ للشرنبلالی قضیٰ من لیس
مجتہدًا کحنفیۃ زماننا بخلاف مذہبہ عامدًا لا ینفذ اتفاقًا وکذلک ناسیًا عندہما الی آخرہا فی الدر المختار سو جبکہ
لفظ قضیٰ کا ہوا تو معنی یہہ ہوئے کہ قضا اپنی مذہب کے خلاف عمدًا نافذ نہو گے تو سبب اوسکا وہی ہے جو شیخ ابن
الہمام کے کلام مین گذر چکا یعنی مخالفت ولایۃ خاصہ کے تو ہمکو یہہ روایت کسیطرح مضر نہوئے لاکن مولف
رئیس المحرفین کے چالاکی کو دیکہو کہ قضی کو یفتی بنا کر ترجمہ اوسکا یہہ کر دیا ہے کہ فتوی دے اسواسطی کہ جو کہ
قضا علی خلاف المذہب کے عدم نفاذ سے وجوب تقلید مذہب معین کا ثابت کیا تہا اور اوسکا جواب تو صریح
کلام ابن الہمام سے واضح ہے تہا تو سمجہا کہ شاید کوئی مطلع ہو جاویگا اسواسطی اس عبارت مین قضی کو
یفتی بنا دیا تو کہ عدم نفاذ فتوی خلاف المذہب کا بہی ثابت ہوا اور التزام مذہب معین واجب ہو
لاکن یہہ نہ سمجہا کہ کوئی در المختار کو دیکہہ سکتا ہے یا نہین مصرع برین عقل و دانش بباید گریست ۔
تو اگر ناظرین باوجود اطلاع کے اس تحریف صریح پر بہی اوسکے خیانت پر متنبہ نہون تو خدا حافظ
واضح ہو مسئلہ قضا علی خلاف المذہب ہر چند کہ قابل تحقیق کے تہا لاکن چونکہ اس محل سے کچہہ تعلق
نرکہتا تہا اسلیئے اوس سے سکوت واقع ہوا تنبیہ بس اب دلایل عامیہ مولف کے تمام ہوئی اور
جیسی کہ رد اسکی جزءً فجزءً ہو گئی ہے وہ بہی علماء کو معلوم ہوگی اب آگے اسکے آخر باب تک جو خرافات
کیا ہے تو وہ ہمارے بعض روایتون سے جواب دیا ہے پہلے روایت عالمگیری سے کا جواب دیا ہے دوسرے

قال اور مولینا عبد العلی شرح تحریر مین لکھتے ہین وَکذا لِلعامی الانتقال مِن مذھبٍ الی مذھبٍ
فی زماننا لا یجوز لِظُھورِ الخیانۃِ انتہی اقول سابق مین تم خوب دیکھ چکے ہو
کلام مولینا عبد العلی کا شرح تحریر سے جیسا اور شرح مسلم سے ہے کہ کسطرح باعلیٰ ندا منادی ہی کہ مولینا عبد العلی
بحر العلوم ایک مذہب کی تخصیص تو کہان مذاہب اربعہ کی تخصیص کے بہی کچہ حقیقت نہین سمجہتی مگر بعض
وقت جو نقل صحیح نہ ملے مذہب غیر سی اور تتبع رخص اور رجوع بعد العمل کو دہوم دہام سے جائز رکہتے ہین اور
مانعین کے حق مین فرماتے ہین کہ منع کرنا اونکا اور تشدید اونکی اپنی گہر کی شرع ہے غرض کہ ہر امر مین ہمارے
موافق اور شاہد ہین اور محمل اس قول کا تلہی کے حق مین ہے جیسی کہ شرح مسلم مین فرماتے ہین لٰکِنْ
ینبغی ان لا یکونَ الانتقالُ لِلتلہی فانَّ التلہی حرامٌ کذا فی شرح المسلم
بلکہ تعلیل اونکی ساتہہ اس قول کے لِظہور الخیانۃ شاہد مبین ہے کہ یہہ منع کرنا اونکا اوسی شخص کے حق مین
ہی جو مظنون خیانۃ اور تلہی کا ہو لا یخفی قال اور کہا بیچ فتاوی عالمگیری کے ھٰذا کُلُّہٗ فی القاضی
المجتہدِ واما المقلِّدُ فانما ولّاہُ لِیحکم بمذھبِ ابی حنیفۃ مثلاً فلا یملکُ المخالفۃ فیکون
معزولاً بالنسبۃِ الی ذلک الحکم ھکذا فی فتح القدیر انتہی اقول معزول ہونا
قاضی حنفی مقلد کا اوس حکم مین جو برخلاف مذہب ابو حنیفہ کے ہو اس جہۃ سی نہین کہ اوسپر تقلید ابو حنیفہ کے
واجب ہے توکہ مفید مدعا مولف کے ہو بلکہ اوس جہۃ سے ہی جو خود کلام ابن الہمام مین موجود ہے یعنی مخالفت
ولایۃ خاصہ کے جہۃ سی اور اوسمین کسی کی تاویل کو دخل نہین اسلیئے کہ تصنیف را مصنف نیکو کند بیان
اور وہ خود فرماتی ہین فانما ولّاہ لیحکم بمذھبِ ابی حنیفۃ اور اسی پر تفریع کرتے ہین فیکون
معزولاً کو اور یہہ بات ایسی ہے کہ اس سے کوئی ادنی طالب علم بہی انکار نکرے جیسا کہ کوئی بادشاہ
کے طرف سی قاضی کسی شہر کا مقرر اور متعین ہو پہر وہ قاضی اوس شہر کا دوسرے شہر کے قضایا مین حکم دے
تو بیشک معزول ہوگا بہ نسبت اوس حکم کے بسبب مخالفت کے ولایۃ خاصہ سے تو اس سے یہہ تہوڑا ہی لازم
آتا ہی کہ اوس شہر کے تخصیص اوسکو شرعاً قطع نظر ولایۃ سے واجب ہو جاوے یہہ تو کوئی اہل عقل نہین کہیگا
اور لکہا ہی اشباہ و نظائر وغیرہ مین کہ حکم سلطان روم کا اسطرح پر صادر ہوا کہ قضاۃ ممالک محروسہ سلطانیہ
کے دعوی کسیکا بعد پندرہ برس کے نہ سنا کرین بلکہ بعد پندرہ برس کے اوسکی دعوی کو باطل سمجہین تو دیکہو
قضاۃ خلاف حکم سلطانی حکم نہین دے سکتے اس امر خاص مین تو اسسے اگر کوئی یہہ سمجہی کہ یہہ حکم

تصدی لعلم الفقه لا لاعیان الصحابة وعلیه ابتنی ابن الصلاح منع تقلید غیر الائمة الاربعة هم الامام الائمة ابو حنیفة الکوفی والامام مالك والشافعی والامام احمد رحمهم الله تعالی وجزاهم عنا احسن الجزاء لان ذلك لم یدون فی غیرهم وفیما فیه فی الحاشیة قال القرافی انعقد الاجماع علی ان من اسلم فله ان یقلد من شاء من العلماء من غیر نکیر واجمع الصحابة علی ان من استفتی ابا بکر وعمر امیری المومنین فله ان یستفتی ابا هریرة ومعاذ بن جبل وغیرهما ویعمل بقولهم بغیر نکیر فمن ادعی رفع هذین الاجماعین فعلیه البیان فقد بطل بهذین الاجماعین قول الامام ولعله اجمع المحققون لا یفهم منه الاجماع الذی هو حجة حتی یقال یلزم تعارض الاجماعین بل یکون مختارا عند احد ویکون الجماعة متفقین یقال اجمع المحققون علی کذا ثم فی کلامه خلل آخر وهو ان التبویب لا دخل له فی التقلید وکذا التفصیل فان المقلد ان فهم مراد الصحابی عمل والا سأل عن مجتهد آخر فافهم وبطل بهذا قول ابن الصلاح ایضا ثم فی کلامه خلل آخر اذ المجتهدون الآخرون ایضا بذلوا جهدهم مثل الائمة الاربعة وانکار هذا مکابرة وسوء ادب بل الحق انه انما منع من منع من تقلید غیرهم لانه لم یبق روایة مذهبهم محفوظة حتی لو وجد روایة صحیحة من مجتهد آخر یجوز العمل بها الا تری ان المتاخرین افتوا بتحلیف الشهود علی مذهب ابن ابی لیلی اقامة لمن فقع الناس کما علی مذهب ابن ابی لیلی فافهم

انتہی تو معلوم کرو کہ جناب تلبیس مآب حضرت مولف نے اس جواب مین دو فریب بازیان کین ہین اول یہہ کہ جس اجماع قرافی کا یہہ مضمون ہے کہ اجماع مسلمین کا قرون اولی سے لیکر اتبک منعقد ہے کہ نو مسلم کو اختیار ہے کہ جسکی چاہے تقلید کرے اور اسی اجماع سے اکابر حنفیہ ناقلین اس اجماع کے اوسی کتابو مین تخصیص مذاہب اربعہ لوجوب مختار ابن صلاح کی باطل کرتے ہین جیسا کہ عبارت مسلم اور شرح مسلم سے اور سابق مین عبارت تقریر اور مغتنم الحصول سے معلوم ہوا جناب مولف اوسی اجماع مبطل تخصیص مذاہب اربعہ مین فرماتے ہین کہ اسمین لفظ علماء سے ائمہ اربعہ مراد ہین اور باعث اس تخصیص مراد پر کیسے واہی اجماع مرکب مصنوعی جعلی بیدلیل کو ٹہراتے ہین جسکے قرار واقعی خاک اوڑاہی گئی ہے اور اتنا نہین سمجھتے کہ یہہ اجماع زمانہ صحابہ و تابعین سے منعقد ہے حالانکہ اوسوقت ائمہ اربعہ کا تولد بھی نہین ہوا تہا پہر قبل تولد کے انکو واسطے تقلید کے خاص کرنا معنے لفظ علما سے مراد رکہنا بڑی چالاکی اور جہوٹہہ دلیرانہ ہے ایسے توجیہہ اور تاویل القول بما لا یرضی بہ قائلہ اور بیتو ل آجتک سوائے مولف کے کسی سے صادر نہین ہوئی دوسری فریب بازی یہہ کہ دوسرا اجماع کہ جو قرافی نے

سو جواب اون دونون وجہونکا ہم دیچکے بعد نقل کرنے اوس روایت کے اور یہہ تحلیف شہود بر مذہب ابن
ہبے نیکلے سے جواب دیا ہے دو وجہ سے سو وجہ اول کا جواب تو اوسی مقام مین دیدیا ہے کہ جہان روایت نقل کے
تہے اور وجہ ثانیہ کا جواب دیتے ہین قال اور وجہ دوسرے یہہ ہے کہ قسم کہلانا گواہون کا ایک قسم ہے
تزکیہ کا اور تزکیہ گواہون کا ائمہ اربعہ کا مذہب ہے **اقول** اگر اسطرحکا اتحاد اقوال و مذاہب مین معتبر ہو
تو کوئی صورت مخالف ائمہ اربعہ کے جہان مین نہین نکلے گی مثلاً وہ صورت جو مولف نے وجہ اول مین
طریق اول سے بیان کے تہے اور کہا تہا کہ یہہ نماز چارون کے نزدیک باطل ہے اس دلیل سے باطل
نہو گئے کہ یہہ نماز شق آخر ہے مذاہب ائمہ اربعہ سے اسلئے کہ جواب مولف کا اوسمین یہہ جاری ہو سکتا ہے اسطرح
کہ یہہ ہے ایک نماز ہی اور نماز کی چارون ائمہ قایل ہین غرض کہ جتنی صورتین اجماع مرکب کے قایل نکالتے ہین جیسا
کہ توضیح مین بیان کئے گئے ہین سب وہ ہوجائینگین اسلئے کہ اسطرح کا اتحاد سب صورتون مین پیدا ہو سکتا ہے فقط
اور پہر قاضی ابن عالم عامر کے روایت سے جواب دیا ہے دو وجہ سے سو جواب اون دونون وجہون کا ہم پہلے مقام
مین دیچکے ہین پہر اخیر مین قرافی کے اجماع سے جواب دیتا ہے حیث **قال** اور بعضی لوگ شبہہ کرتے ہین
اس عبارت سے کہ نقل کیا اسکو قرافی نے انعقد الاجماع على ان من اسلم فله ان يقلد
من شاء من العلماء من غير نكير انتهى پس جواب اسکا یہہ ہے کہ عبارت مقید ہے ساتہہ نو مسلم ہونیکے یعنی جو نیا مسلمان
ہوا اسکو اختیار ہے کہ اختیار کرے تقلید کسی عالم مجتہد کے ائمہ اربعہ مین سے سو اسمین کسیکو کلام نہین اور مراد علما سے
ائمہ اربعہ ہین اسواسطے کہ اجماع منعقد ہوا ہے اوپر نکرنے اس عمل کے کہ مخالف ہو ائمہ اربعہ کے اور کلمہ من کا تبعیضیہ ہے
پس معنے اس کے یہہ ہوئے کہ جو شخص نومسلم ہو پس اسکو لازم ہے یہہ کہ تقلید کرے ایک عالم کے ائمہ اربعہ مین سے
اقول یہہ اخیر تلبیس ہے جناب مولف کے باب ثانی مین عصمنا اللہ منہ پس پہلے تمام کلام قرافی کا جسکا مولف نے
جواب دیا ہے عبارت مسلم اور شرح بحر العلوم سے سننا چاہئے کہ بعد اسکے مولف کے خیانت ظاہر ہو جائیگی کہا مسلم مین
اور شرح بحر العلوم مین ع قال الامام اجمع المحققون على منع العوام من تقليد اعيان الصحابة
رضوان الله تعالى عليهم اجمعين فان اقوالهم قد يحتاج في استخراج الحكم منها الى تنقيح
كما في السنة ولا يقدر العوام عليه بل يجب عليهم اتباع الذين سبروا اى تعمقوا وبوبوا اى اوردوا
ابوابا لكل مسئلة على حدة فهذبوا مسئلة كل باب ونقحوا اى كل مسئلة عن غيرها وجمعوا بالجامع وفرقوا [illegible]
وعللوا اى اوردوا لكل مسئلة مسئلة علته وفصلوا تفصيلا يعني يجب على العوام تقليد [illegible]

کذا فی مسلم الثبوت وتحریر ابن الہمام وغیرہما من کتب الاصول اور دلایل قرآن وحدیث کے باعتبار ثبوت
احکام شرعیہ کے چار طرح پر ہین دلیل اول قطعی الثبوت اور قطعی الدلالۃ کہ احتمال تاویل کا اوسمین نہین ہوسکتا
جیسے کہ آیات صریحہ اور احادیث متواترہ صریحہ اور اس دلیل سے فرض قطعی اور حرام ثابت ہوتا ہے اور دلیل دوسرے
قطعی الثبوت اور ظنی الدلالۃ جیسے کہ آیات واحادیث کہ جنمین تاویل کو دخل ہے اور اس دلیل سے فرض عملی
ثابت ہوتا ہے اور تیسری دلیل ظنی الثبوت قطعی الدلالۃ چنانچہ اخبار احاد صریحہ کہ مجال تاویل کی وہمین
نہین ہوسکتی اور اس دلیل سے وجوب اصطلاحی اور مکروہ تحریمی ثابت ہوتا ہے چوتھی دلیل ظنی الثبوت
اور ظنی الدلالۃ جیسے کہ اخبار احاد کہ جنمین احتمال تاویل کا پایا جاتا ہے اور اسی سے سنت اور مستحب ثابت ہوتا ہے
اعلم ان الادلۃ اربعۃ انواع الاول قطعی الثبوت والدلالۃ کالایات القرآنیۃ والاحادیث المتواترۃ الصریحۃ التی لا
تحتمل التاویل من وجہ الثانی قطعی الثبوت ظنی الدلالۃ کالایات والاحادیث المؤولۃ الثالث ظنی الثبوت قطعی
الدلالۃ کالاخبار الاحاد الصریحۃ الرابع ظنی الثبوت والدلالۃ معاً کالاخبار الاحاد المحتملۃ معانی فالاول
یفید القطعی والثانی یفید الظنی ای ہو الفرض العملی والثالث یفید الواجب والمکروہ تحریماً والرابع یفید السنۃ

والاستحباب ہکذا فی الطحطاوی وغیرہ

من کتب الاصول والفروع الحنفیۃ اب علماء حقانی بعد وضوح وبیان دلایل اربعہ شرعیہ کے راہ انصاف سے
غور فرماکر ارشاد کرین کہ اگر کوئی بھی دلیل ان دلایل اربعہ مذکورہ بالا سے وجوب تقلید ایک مجتہد خاص پر پائی
جاتی ہو تو صاف بیان کرین کہ حق ظاہر ہوجاوے وبرای خدا کتمان حق نکرین ولیکن ہرگز نہ لا سکینگے ولو کان
بعضہم لبعض ظہیرا اسواسطے سلف سے خلف تک کسینے کوئی دلیل شرعی اس وجوب تقلید ایک مجتہد خاص کے
قایم نہین کی ہان اگر ہو تو مولف رسالہ کا بیان کرے کہ حق وباطل مین امتیاز ہوجاوے اور بلا دلیل شرعی کے
غلو کرنا دین مین سراسر مذموم ہے جیسا کہ خدا تعالی قرآن مجید مین فرماتا ہے یا اہل الکتاب لا تغلوا فی
دینکم الایۃ حکم وجوب شرعی کا تو حال معلوم ہوچکا اب آگے حکم اجماع شرعی کا حال سنو پس اجماع شرعی
کے واسطے دو امر ضرور ہین پہلا امر یہ کہ اتفاق سارے مجتہدین ہمعصر کا اس امت سے اوپر امر شرعی کے متحقق
ہو اور دوسرا امر یہ کہ سند اسکی قرآن اور حدیث سے پائی جاوے کیونکہ نپایا جانا سند کا مستلزم خطا کو
ہوگا اور حکم کرنا دین مین بلا دلیل خطا ہے پس اگر یہ دو امر ثابت نہوں تو اجماع شرعی متصور نہوگا
اگرچہ ہزاروں جمع ہوجاوین کسی کام دین پہ مگر اہل اجتہاد سے نہوں اور سند اوسکی کتاب وسنت سے نہ

نے نقل کیا ہی جسکا یہہ مضمون ہے کہ جو لوگ تقلید کرتے تہے ابو بکر اور عمر کی تو وہی تقلید کر لیتے ہی
ابو ہریرہ اور معاذ کی اور اوسکی وجوب تخصیص ایک مذہب کا باطل ہوتا ہے اوسکو جناب مولف نے
اوڑا دیا اور کہا کہ من تبعیضیہ ہے تو معنی یہہ ہوئی کہ کسی ایک کی تقلید کرے اور یہہ نہ سمجہا کہ من کے
تبعیضیہ ہونیسے تقلید بعض تخییر بعین کے ایکو قتمین اور ایک مسئلہ مین تو بیشک ثابت ہوتی ہے لاکن یہہ کہان
ثابت ہوتا ہے کہ اوسکی بعض معین کی تقلید بالتخصیص ہر مسئلہ اور ہر حادثہ مین واجب ہو جاتی کیا تبعیض
مستلزم ہے تعیین کو باوجودیکہ خود اجماع صحابہ کا اس تعیین کو باطل کر رکہا ہے پس وقف کی
تخصیص ساتہہ کسی عالم کے ائمہ اربعہ مین سے بہی باطل ہوئی اور من تبعیضیہ کیونکر پہر اسکو ایک
معین مین منحصر کہنا بہی غلط ہوا اور معنی اوس اجماع کے جو قرافی سے مولف نے نقل کیا ہے
بانضمام اجماع ثانیکے جو ہمنے نقل کیا ہے یہہ ہوئی کہ جو کوئی نو مسلم ہو وہی تو اوسکو جائز ہے کہ تقلید
کسی عالم غیر معین اہل حق کی خواہ وہ ائمہ اربعہ مین سے ہون خواہ غیر اونکا اور اوسکو جائز ہی کہ کبہی
ایک عالم اہل حق کی تقلید کرے اور کبہی دوسرے کی اور یہی ہے مقتضائی کتاب اللہ کا اور حدیث رسول اللہ
کا اور قیاس کا اور تصریحات جمہور سلف اور محققین خلف کا جیسا کہ دلائل اور نقول عدم التزام مین پہلے
گذری پہر اب جو مخالف ہو اس سبیل کا اور طاعن ہو اسپر تو وہ مخالف صحابہ کرام و تابعین و تبع تابعین و
علماء مجتہدین رحمہم اللہ کا ہوگا اور جب ان لوگونسے مخالف ہوا تو متبع غیر سبیل المومنین کا ہوا اور ایسی مخالفت سے
خدا تعالی سارے مسلمانونکو محفوظ رکہے واللہ اعلم بالصواب فاعتبروا یا اولی الالباب تبصرہ اصل مطلب صاحب رسالہ
تنقیح الحق کا دوسرے باب مین یہہ ہے کہ تقلید ایک مجتہد خاص کی واجب ہے اور اسپر اجماع پایا گیا اور مخالف اسکا
مردود اور لامذہب اور منکر اجماع کا ہے تو ہم کہتے مین کہ یہہ دونو دعوی مولف رسالہ مذکورہ کا لغو اور پایہ
اعتبار شرعی سے ساقط ہے اسلئے کہ اسمین کوئی دلیل نہ وجوب شرعی اور نہ دلیل اجماع شرعی کی پائی
جاتی ہے کہ دعوی مولف کا نزدیک واقفان قواعد شرعیہ کے قابل حجت اور سماعت کی ہو اب حقیقت حال
وجوب شرعی اور اجماع شرعی کی کان لگا کر سنو کہ بطلان اسکا ہر ادنی اور اعلی پر واضح ہوگا پس تفصیل
اس اجمال کی یہہ ہے کہ وجوب ایک حکم ہے احکام شرعی مین سے اور حکم نزدیک اہل سنت و جماعت کے
خطاب الہی ہے کہ متعلق ہوتا ہے ساتہہ فعل مکلف کی از روی وجوب کے یا از روی اباحت کے حق تعالی فرقان
حمید مین ارشاد فرماتا ہے ان الحکم الا للہ الآیۃ الحکم عندنا خطاب اللہ تعالی المتعلق بفعل المکلف اقتضاء او تخییرا

من احدھا ولم یجوزوا القول بالاجماع الذی لیس مستندہ الی احدھما وھو قولہ تعالی واذا قیل لھم
امنوا بما انزل قالوا بل نتبع ما الفینا علیہ اٰباءنا آہ الآیۃ انتھی ما فی حجۃ اللہ البالغۃ للشیخ الاجل مولانا ولی اللہ المحدث
الدھلوی رح جناب قاضی ثناء اللہ صاحب قدس سرہ بیچ رسالہ اصول فقہ کے کہ جو بنا بر فرمایش
جناب مرزا جانجانان پیر مرشد قدس سرہ اپنے کے دہوم وہام سے لکھا ہے آخر رسالہ مین فرماتے
ہین کسیکہ لازم گیرد برخود مذہبی معین مثل مذہب ابیحنیفہ پس بعضے گویند کہ جایز نیست آنرا تقلید دیگری
و بعضی گویند کہ در مسایلی کہ موافق فتوی ابیحنیفہ دران عمل کردہ است تقلید دیگری جایز نیست و در
انچہ عمل نکردہ است ہر کرا خواہد تقلید نماید و کسیکہ برخود مذہبی لازم نگرفتہ است بر تمامہ اقوال مذکورہ
ویرا جایز است کہ تقلید ہر کہ خواہد بکند لیکن بعد ازان کہ در بعضے مسایل تقلید ابیحنیفہ رح کردہ در
بعضے تقلید شافعی پس جایز نیست اورا کہ در انچہ تقلید شافعی کردہ تقلید ابیحنیفہ رح بکند یا
بعکس و بعضے گویند کہ مذہب لازم گرفتہ باشد یا نہ و عمل نمودہ باشد یا نہ جایز است ہر مقلد را تقلید
ہر مجتہد و این اقرب است بتحقیق چہ حقتعالے درین باب ہیچ لازم نکردہ است و بدون التزام
ہیچ لازم نشود قولہ تعالے فَاسْئَلُوا اَہْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ عام است بقید ہیچ یکے
ازین قیود نیست و در صدر اول عوام از خواص عند الحاجت استفتا مینمودند و عمل میکردند
و مبالات ازین قیود مروی نیست تمام ہوا کلام قاضی صاحب مغفور و مرحوم کا پس قول
موٴلف تنویر الحق کا کہ آیۃ فاسئلوا اہل الذکر خاص ہے اور تقلید ایک مجتہد کی واجب
ہوئی ہے بالاجماع رد ہوگیا ساتھ قول قاضی صاحب قدس سرہ کے اور جَاءَ الْحَقُّ وَزَہَقَ
الْبَاطِلُ واضح ہوا اَللّٰہُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَالْبَاطِلَ بَاطِلًا بِرَحْمَتِکَ اب آگے تہوڑی سی
وصیت شیخ اکبر کبریت احمر کہ جنکو مولانا عبد العلی اور مولانا نظام الدین وغیرہ خاتم ولایت
واحمدیہ کے لکھتے ہین آخر فتوحات مکیہ سے نقل کیجاتی ہے وَصِیَّۃُ الَّذِیْ اَوْصٰیکَ
اِنْ کُنْتَ عالما فحرام علیک ان تعمل بخلاف ما اعطاک اللہ دلیلک ویحرم علیک تقلید غیرک مع
تمکنک من حصول الدلیل فان لم تکن فی ھذہ الدرجۃ وکنت مقلدا فایاک ان تلتزم مذھبا
بعینہ بل اعمل کما امرک اللہ فھو ان تسال اھل الذکر ان کنت لا تعلم واھل الذکر ھم العلماء بالکتاب
والسنۃ واطلب رفع الحرج فی نازلتک ما استطعت واسال عن الرخص فی ذلک حتی تجدھا فان اللہ

نہ پائی جاتی ہو تو ایسے اجماع کا کچھہ اعتبار نہین شروع مین اسواسطے کہ اجماع شرعی عبارت ہے قول کل سے اور قول کل کا بلادلیل شرعی کے باطل ہے تو یہ اجماع بھی باطل ہوگا اور ایسا اجماع بے سند کہ جسپر اتفاق تمام مجتہدین ہے حصر کا نہ پایا جاوے اور نہ کوئی سند اسکی کتاب و سنت سے پائی جاوے باوجود اسکے ایسے اجماع کو منجملہ ادلہ شرعیہ سے جاننا اور حکم اجماع شرعی مین شمار کرنا سراسر کجفہمی و نادانی بلکہ ایسا اجماع حکم مین انا وجدنا علیہ آبائنا کے شامل ہوگا کہ جسپر خداتعالے نے الزام دیا ہے اور غصہ فرمایا توضیح اور تلویح کی عبارت نقل کیجاتی ہے اما الخامس نفي السند فالناقل جمعهما في بحث واحد لانهما سببان فالاول سبب ثبوت الاجماع والثاني سبب ظهوره والجمهور على انه لا يجوز الاجماع الا عن سند من دليل او امارة لان عدم السند يستلزم الخطأ اذ الحكم في الدين بلا دليل خطاء انتهى ما في التلويح مختصراً الاجماع وهو لغة العزم والاتفاق وكلاهما من الجمع واصطلاحا اتفاق المجتهدين من هذه الامة في عصر على امر شرعي ولا ينعقد باهل السنة وحدهم خلافا للشيعة ولا بالشيخين عند الاكثر ولا بالخلفاء عند الاكثر ولا بالخلفاء الاربعة خلافا لاحمد عن مالك الانعقاد بالمدينة فقط لا اجماع الا عن مستند عليه الجمهور لنا اولاً الفتوى بلا دليل شرعي حرام الى آخر ما في مسلم الثبوت فان حجية الاجماع ليست الا لانه اتفاق المجتهدين من حيث هم مجتهدون واذا كان الفتوى لا عن دليل ولا عن امارة فليس هو قول المجتهد من حيث هو مجتهد انتهى ما قال العلامة عبد العلي اللكهنوي مختصراً في شرح مسلم الثبوت قال الشيخ ابن الهمام في التحرير الاجماع العزم والاتفاق لغة واصطلاحا اتفاق مجتهدي عصر على امر شرعي ولا ينعقد باهل البيت وحدهم خلافا للشيعة ولا ينعقد بمجتهدي المدينة الطيبة وحدهم خلافا لمالك ولا اجماع الا عن سند انتهى كلامه وبالجملة يلزم محال من كون الباطل صوابا وكون الاجماع خطاء لان الاجماع قول كل ولا يقول كل الا بدليل بحيث هم فقول واحد بلا دليل باطل انتهى كذا قال العلامة عبد العلي الكهنوي في ... اور جناب شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کتاب حجۃ اللہ البالغہ مین فرماتے ہین کہ اتباع کرنا اجماع بغیر سند شرعی کا موجب تحریفات دین کا ہوتا ہے ومنها اتباع الاجماع وحقيقة ان يتفق قوم من جملة الملة الذين اعتقد العامة فيهم الاصابة غالبا او دائما على شيء فيظن ان ذلك دليل قاطع على ثبوت الحكم وذلك فيما ليس له اصل من الكتاب والسنة وهذا الاجماع الذي اجمعت الامة عليه فانهم اتفقوا على القول بالاجماع الذي مستنده الكتاب او السنة او الاستنباط

[illegible]

سی سند پکڑی ہے کہ یہہ پانی قلتین کا ناپاک ہوجاتا ہی جواب اسکا یہہ ہے کہ روایت ہے ابوہریرہ
سے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے اذا استیقظ احدکم من نومہ فلا یغمس یدہ فی الاناء حتی یغسلہا
ثلثا فانہ لا یدری این باتت یدہ متفق علیہ کہا نووی نے بیچ شرح صحیح مسلم کے نیچے اس حدیث کے
اہل الحجاز کانوا یستنجون بالاحجار فاذا نام احدہم عرق فلا یامن النائم من ان یطوف یدہ علی ذلک
الموضع النجس فاذا وقع یدہ علی ذلک الموضع النجس تنجس یدہ فاذا یغمس یدہ تنجس ماءہ انتہی
اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے لا یبولن احدکم فی الماء الدائم الذی لا
یجری ثم یغتسل فیہ متفق علیہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسلہ
سبع مرات متفق علیہ اور روایت ہی ابوہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے اذا ولغ الکلب فی اناء احدکم فلیرقہ ثم
لیغسلہ سبع مرات رواہ مسلم اور روایت ہے عطاء سے ان حبشیا وقع فی زمزم فمات قال فامر ابن الزبیر ان
ینزف ماء زمزم قال فجعل الماء لا ینقطع قال فنظر فاذا ہو عین تنبع من الحجر الاسود قال ابن الزبیر حسبکم
رواہ ابوبکر ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ اور روایت ہی ابن عباس سے ان زنجیا
وقع فی زمزم فمات قال فانزل الیہ رجل فاخرجہ ثم قال انزحوا ما فیہا من ماء زمزم ثم قال للذی فی البئر ضع دلوک من قبل
العین التی تلی البیت او الرکن فانہا من عیون الجنۃ رواہ ابوبکر ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ
اور روایت ہی ابن عباس و ابن الزبیر سے انہما نزحا ماء زمزم عند وقوع زنجی فیہ رواہ الدار
قطنی اور روایت ہے کہ ان زنجیا وقع فی بئر زمزم فمات فیہا فامر ابن عباس ابن الزبیر ان اخرجوا
قال فغلبتہم عین جاءت من الرکن فامر بہا فدست بالقباطی والمطارف حتی نزحوہا والصحابۃ متوافرون من غیر نکیر لم
ینکر منہم احد وکان ذلک الافتاء بمحضر الصحابۃ ولم ینکر منہم احد رضی
اللہ تعالی عنہم رواہ الطحاوی اور روایت کیا ابوبکر بن شیبہ نے خالد بن مسلمہ سے ان علیا
رضی اللہ تعالی سئل عن بئر بال فیہا صبی قال ینزح یعنی تحقیق علی رض پوچھے گئے اوسکے حال سے کہ پیشاب کری کوئی مینہ یا
کہ کھینچا جاوی یعنی سارا پانی اوسکا پس یہہ حدیثین صحیح کہ بعض انکی متفق علیہ ہین اور بعضے غیر
متفق علیہ مین صریح دلالت کرتے ہین اسپر کہ پانی اور برتن پانیکا نجس ہوجاتا ہی نجاست کے پڑنیسے
اور یہہ پانی عام ہی شامل ہے قلیل کو اور کثیر کو برابر ہے کہ کم ہو قلتین سے یا زیادہ یا برابر پس واقع ہوا
تعارض درمیان حدیثون قلتین کی اور درمیان ان حدیثون صحیحون کے پس ضرور ہوا ایہہ کہ ترجیح

يقول ما جعل عليكم في الدين من حرج فان قال لك المفتي هذا حكم الله او حكم رسوله سبحانه
مسئلتك فخذ به وان قال لك هذا رائي فلا تاخذ به وسل غيره انتهى ما قال ابن
العربي المشهور بالشيخ الاكبر في آخر الفتوحات المكية اور ایک رسالہ جز بہر کا قاضی ثناء الله صاحب
قدس سرہ کا مہر کیا ہوا اونکا ہمارے ہاتھ لگا چنانچہ اوس رسالہ سے تھوڑی سی عبارت
اوسکی اس مقام میں نقل کیجاتی ہے واما اذا لم يكن اهلية ففرضه ما قال الله تعالى فاسئلوا
اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون واذا جاز اعتماد المستفتي على ما يكتب له المفتي من كلامه او كلام شيخه
وان علا فلان يجوز اعتماد الرجل على ما كتبه الثقات من كلام رسول الله صلى الله عليه وسلم اولى بالجواز
واذا قدر انه لم يفهم الحديث فكما لم يفهم فتوى المفتي فسئل من يعرف معناه فكذلك الحديث وان كان
الرجل متبعا لابي حنيفة او مالك او الشافعي او احمد رضي الله عنهم ورائ في بعض المسائل ان مذهب غيره
اقوى فيها فاتبعه كان قد احسن في ذلك ولم يقدح ذلك في دينه ولا في عدالته بلا نزاع بل هذا
اولى بالحق واحب الى الله تعالى ورسوله صلى الله عليه وسلم فمن يتعصب بواحد معين غير الرسول صلى
الله عليه وسلم ويرى ان قوله هو الصواب الذي يجب اتباعه دون الائمة الآخرين فهو ضال
جاهل غاية ما يقال انه يسوغ او يجب على العامي ان
يقلد واحدا من الائمة من غير تعيين زيد وعمرو انتهى ما فيها اور بھی اوسی رسالہ سے نقل کیجاتی
ہے ومن تعصب بواحد بعينه من الائمة دون الباقين كالرافضي والناصبي والخارجي فهذه طريق
اهل البدع والاهواء الذين ثبت بالكتاب والسنة والاجماع انهم مذمومون خارجون عن الشريعة
انتهى ما في الرسالة في العمل بالحديث القايل للعمل القاضي الاجل ثناء الله صاحب تفسير المظهري
فمن شاء فليرجع اليها قال مسئله پہلا بیچ بیان قلتین کے شبہ کرتے ہیں باینطور کہ روایت
کی گئی ہے کہ فرمایا رسول خدا صلے الله علیہ وسلم نے اذا كان الماء قلتين فانه لا ينجس رواه
ابو داؤد اور روایت کی گئی ابن عمر سے کہ کہا سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم سئل عن الماء
يكون في الفلاة من الارض وما ينوبه من الدواب والسباع فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم
اذا بلغ الماء قلتين لم ينجسه شيء رواه ابو داؤد پس یہ حدیث دلالت کرتی ہے اسپر کہ جبکہ ہو پانی بقدر قلتین
کے تو ناپاک نہوگا جیسا کہ مذہب امام شافعی کا ہے ہمیں نہیں معلوم ہوا ہے کہ امام اعظم نے کس حدیث

کسی بڑی بات مین مورد حکم اون دونون حدیثون کا نہین اور وہ حدیثین معارض حدیث قلتین کے نہین اور حدیث لایبولن اسلیئے معارض قلتین کی نہین کہ وہ حدیث اپنے عموم پر باقی نہین بلکہ محمول ہے اوس پانی پر جو قلیل ہو باجماع فریقین جیسا کہ حضرت مولف نے بہی آگے چلکر کہا ہے کہ جبکہ منعقد ہوا اجماع امت کا اسپر کہ حکم پانی کثیر کا حکم پانی جاریکا ہے پس حدیث لایبولن الخ نہ باقی رہی اوپر اپنے عموم کے انتہے کلامہ اور جناب مترجم تنویر الحق کے یعنے مولوی قطب الدین خان صاحب مظاہر الحق ترجمہ مشکوۃ مین تحت حدیث لایبولن کے فرماتے ہین **ف** مراد پانی سے یہان پانی قلیل ہے اگر کثیر ہو حکم جاریکا رکہتا ہے اور نجس نہین ہوتا پیشاب وغیرہ سے اور نہانا اوسمین جایز ہے انتہے کلامہ اور حافظ عسقلانی نے فتح الباری مین کہا ہے تحت حدیث لایبولن کے وهذا كله محمول علي الماء القليل عند اهل العلم علي اختلافهم في حد القليل وقد تقدم من لا يعتبر الا التغير وعدمه وهو قوي لكن الفصل بالقلتين اقوي لصحة الحديث فيه وقد اعترف الطحاوي من الحنفية بذالك انتهي اور جبکہ عموم پر نہوئی تو قلتین کے معارض کیونکر ہوئی اور حدیث نزح زمزم کی دو وجہ سے معارض قلتین کے نہین ہوسکتی وجہ اول یہہ کہ اس قصہ کے ثبوت ہی مین کلام ہے خاص کر اوس روایت مین جو کہ ابن عباس سے مروی ہے اسلیئے کہ کہا امام شافعی نے کہ ابن عباس سے یہہ روایت معلوم نہین ہوتی اور ہم نے کبہی نہین سنا کہ زمزم کا پانی کہینچا گیا ہے حالانکہ زمزم ہمارے پاس ہے جیسا کہ بیہقی نے سنن کبیری مین کہا ہے قال الزعفراني قال ابو عبد الله الشافعي لا نعرفه عن ابن عباس وزمزم عندنا ما سمعنا بهذا انتهي اور محدث سلام اللہ نے محلی مین کہا ہے وقال الشافعي لا نعرفه عن ابن عباس انتهي اور کہا سفیان بن عیینہ تابع تابعین جلیل الشان نے جنکا ابن حجر نے تقریب التہذیب مین یہہ ترجمہ کیا ہے ثقة حافظ فقيه امام حجة کہ مین مکہ مین ستر برس رہا لاکن کبہو کسی چہوٹے یا بڑے سے یہہ حدیث نہ سنی اور نہ کسی سے یہہ سنا کہ زمزم کا پانی کہینچا گیا تہا جیسا کہ بیہقی نے سنن کبیری مین کہا ہے وخبرنا ابو عبد الله الحافظ نا ابو الوليد الفقيه حدثنا عبد الله بن شيرويه قال سمعت ابا قدامة يقول سمعت سفيان بن عيينة يقول انا بمكة منذ سبعين سنة

دونوں حدیثوں صحیحہ کو اوپر ضعیفوں کے اوسنے کیا جاوے ان حدیثوں صحیحہ پر اقول بتوفیق اللہ
وتوفیقہ کہ اول توجیہ تمام حدیثین حدیث قلتین کے معارض ہی نہیں حدیث اوّل استیقظ اور حدیث
اوّل ولغ اسلئے معارض نہین کہ اونمین تو فقط حکم باسن کے پانی کا بیان کیا گیا ہے نہ پانی عام کا
جیسا کہ مولف کو اشتباہ ہوا ہے پس پانی بقدر قلتین کے اگر حوض مین ہو تو وہ مورد اون دونوں
حدیثونکا نہین ہو سکتا ہے کیونکہ حوض کو کسی بولی مین باسن نہین کہتے جیسا کہ حافظ ابن حجر
عسقلانی نے فتح الباری شرح صحیح بخاری مین کہا ہے تحت پہلی حدیث کے قولہ فی وضوئہ ای
انائہ الذی اعد للوضوء وفی روایۃ الکشمیہنی فی الاناء وھو روایۃ مسلم من طرق اخری ولابن خزیمۃ
فی انائہ او وضوئہ علی الشک والظاہر اختصاص ذالک باناء الوضوء ویلحق بہ اناء الغسل لانہ وضوء وزیادۃ
وکذا باقی الآنیۃ قیاسا لکن فی الاستحباب من غیر کراہتہ لعدم ورود النہی فیہا عن ذالک واللہ اعلم
وخرج بذکر الاناء البرک والحیاض التی لا تفسد بغمس الید فیہا علی تقدیر نجاستہا فلا یتناولہا
النہی انتہی اور اگر وہ پانی بقدر قلتین کے سوائے حوض کے کسی اور بڑے باسن مین ہو جیسا کہ
پیپا وغیرہ تو بھی حکم سے اون دونوں حدیثوں کے خارج ہے اسلئے کہ اونمین مراد وہ باسن ہین
جو کہ اونکی عادت اور استعمال مین تہے اور وہ قلتین سے بہت چھوٹی ہوا کرتی تہی جیسا کہ امام
نواوی نے شرح صحیح مسلم مین کہا ہے تحت اوسی حدیث کے وکانت عادتہم استعمال الاوانی
الصغیرۃ التی تقصر عن القلتین بل لا تقاربہما انتہی فان قلت الاناء عام یشتمل الصغیر والکبیر وقد تقرر ان العبرۃ لعموم
الالفاظ لا لخصوص المورد فما وجہ التخصیص بالصغیر قلنا لا نسلم عموم الاناء مع وجود العہد الخارجی وقد قال فی
مسلم الثبوت واسم الجنس کذالک حیث لا عہد انتہی فان قلت ما القرینۃ علی العہد الخارجی قلنا العہد
الخارجی ہو الاصل ما لم توجد قرینۃ علی عدمہ تقتضی العموم کذا فی التلویح والتوضیح والمحلی شرح الموطا
للمحدث الشیخ سلام اللہ الحنفی وہہنا لیست قرینۃ علی نفی العہد وجود العموم وسیجئ تحقیق
ھذہ المسئلۃ فی الحدیث الماء طہور لا ینجسہ شئ انشاء اللہ
تعالی فانتظر علی انہ علی تقدیر عموم الاناء ھذا
علیکم فان الاناء الذی یکون طولہ عشرا وعرضہ عشرا وجودہ
لیس بمحال یکون داخلا فی ہذا الحکم فما ہو حکمکم ہو حکمنا اب ثابت ہوا کہ پانی بقدر قلتین کے خواہ حوض مین ہو خواہ

یا آیندہ کا یا خبر دینا کہ فلانی کام سے اتنا ثواب ہوتا ہی یا اسقدر عذاب ہوتا ہی نہین ہی اور حدیث قلتین
کی مرفوع ہے یعنی قول پیغمبر کا ہے اور صحیح موصول الاسناد جیسے یہہ کسیطرحکا غبار نہین چنانچہ
عنقریب بخوبی ثابت کرینگے اور یہہ قاعدہ ہی اہل اصول ہی کا کہ حدیث موقوف حدیث مرفوع کی نفی
حجت نہین ہوتی اور اُسکے معارض نہین ہوتی جیسا کہ ابن نجیم حنفی بحر الرایق مین فرماتے ہین
وحدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقدم علی غیرہ انتہی وھکذا فی کتب الاصول اور حدیث اخیر
جو علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بھی اسی وجہ سے معارض قلتین کی نہین ہو سکتی کہ وہ موقوف ہے
اور حدیث قلتین کے مرفوع اور اگر بطور فرض محال کے فرض بھی کیا جاوی کہ یہہ تمام حدیثین حدیث
قلتین کے معارض ہین تو بھی تو یہہ نہین لازم آتا کہ حدیث قلتین کی ترک کیجاوے اون حدیثون
کو ترجیح دیکر اسلئے کہ حدیث قلتین کے بھی صحیح اور جید ہے چنانچہ عنقریب ثابت کیا جاویگا اور
جمع اور موافقت اوسکی ساتھ اون حدیثون کے ممکن ہے چنانچہ علی التفصیل بیان کیا جاویگا
اور یہہ قاعدہ اصول حدیث کا ہے کہ جبتک کہ احادیث صحیحہ متعارضہ مین جمع اور موافقت
ہو سکے ترجیح کیطرف رجوع نہین کرتی جیسا کہ حافظ ابن حجر نے فتح الباری مین کہا ہے
والترجیح لا یصار الیہ مع امکان الجمع انتہی اور نخبۃ الفکر مین کہا ہے وان
عورض بمثلہ فلا یخلو اما ان یمکن الجمع بین مدلولیہما بغیر تعسف اولا فان امکن الجمع فھو النوع
المسمی بمختلف الحدیث وان لم یمکن الجمع فلا یخلو اما ان یعرف التاریخ اولا فان عرف وثبت
المتاخر فھو الناسخ والآخر المنسوخ وان لم یعرف التاریخ فلا یخلو اما ان یمکن ترجیح احدھما بوجہ
من وجوہ الترجیح المتعلق بالمتن او بالاسناد اولا فان امکن الترجیح تعین المصیر الیہ
والا فلا انتہی مختصرا اور شیخ محمد اکرم حنفی کتاب امعان النظر فی توضیح نخبۃ الفکر
مین فرماتے ہین نحو قال ملا لھذا دیۃ فی شرح البزدوی التوفیق مقدم علی الترجیح اور تفصیل موافقت
ہر ایک حدیث کی حدیث قلتین سے یہہ ہی کہ حدیث لا ینجسہ کو مع دونون حدیثون پہلیون کے
بزعم مولف عام کہینگے اور حدیث قلتین کو اونکی حکم سے مخصوص ٹہراوینگے یعنی یون کہینگے کہ قلتین
کے ماسوا اوسکی ہر پانی پیشاب وغیرہ سے نجس ہو جاتا ہے اور جو بمقدار قلتین کے ہو وہ نجس
نہین ہوتا لکن اقال الحافظ ابن حجر کما فی کلامہ عن فتح الباری اور حدیث زنجی کو یون توفیق کرینگے

ولم ار احداً صغیراً ولا کبیراً یعرف حدیث الزنجي الذي قالوا انه وقع في زمزم ما سمعت
احداً یقول نزح زمزم انتهي اور محدث سلام اللہ حنفی نے محلی مین کہا ہے ونقل
ابن عیینة انا بمکة منذ سبعین سنة لم ار صغیراً وکبیراً یعرف حدیث الزنجي وما
سمعت احداً یقول نزحت زمزم انتہی اور ابن طاہر حنفی نے مجمع البحار مین کہا ہے وما روي ابن ابي شیبة
ان زنجیاً وقع في بیر زمزم فنزح الماء ضعفها البیهقي وعدّہ عن سفیان بن عیینة قال انا بمکة
سبعین سنة لم ار احداً صغیراً ولا کبیراً یعرف حدیث الزنجي انتهي اور کہا ابو عبید نے کہ یہہ
روایت نزح زمزم کے لایق شان زمزم کے نہین اسلیئے کہ اوسکی لغت مین حدیثین اس مضمون
کی آئین ہین کہ وہ نہ کہینچا جاوے جیسا کہ سنن کبریٰ مین کہا ہے قال ابو عبید وکذلک
لا ینبغي لان الآثار قد جاءت في نعتها انها لا تنزح انتهي اور جو روایتین ابن عباس سے
درباب نزح زمزم کے مولف نے مصنف ابی بکر بن ابی شیبة سے اور شرح معانی الآثار طحاوی
سے نقل کین ہین وہ سب نامقبول ہین اسلیئے کہ وہ منقطع ہین کیونکہ راوی اونکا ابن عباس سے
قتادہ ہے اور بعضے روایتونمین ابن سیرین ہے اور ان دونو کو ابن عباس سے ملاقات نہین
جیسا کہ بیہقی نے سنن کبریٰ مین بعد روایت ابن سیرین اور قتادہ کے ابن عباس سے
کہا ہے فانهما لم یلقیا ابن عباس ولم یسمعا منه پہر کہا وعدّہ جابر الجعفي عن ابي الطفیل
عن ابن عباس ومرة عن ابي الطفیل تفسیران غلاماً وقع في زمزم فنزحت وجابر الجعفي
لا یحتج به وعداه ابن لهیعة عن عمرو بن دینار عن ابن عباس وابن لهیعة لا یحتج به انتهی
اور محدث سلام اللہ حنفی نے محلی مین کہا ہے وقد روي ابن ابي شیبة عن قتادة عن ابن عباس
ان حبشیاً وقع في زمزم فمات فانزل الیه رجلاً فاخرجه ثم قال اخرجوا ما فیها من ماء وهذا منقطع
انتہی اسی انقطاع کی نظر سے مولف نے روایتون کے سر سے نام اوس راوی کا جو ابن
عباس سے روایت کرتا ہے اوڑا دیا ہے پر یہہ چالاکی کام نہ آئی کہ چوری پکڑی گئی وجہ
ثانی نہ معارض ہوسکے حدیث زنجی کی حدیث قلتین کو یہہ ہی کہ ہمنے فرض کیا کہ یہہ روایت
بجمیع طرق ثابت ہے لاکن آخر فعل صحابی کا ہے جسکو حدیث موقوف کہتے ہین اور ظاہر ہے کہ
حکم مین مرفوع کے جسکی یہہ پہچان ہے کہ اوسمین اجتہاد کو دخل نہو جیسا کہ خبر دینا امور ماضیہ کا

حدیث کے پانی عام سے وہ پانی جو کہ قلتین سے کم ہو مخصوص ہے جیسا کہ نقل کیا ہے شیخ سلام اللہ حنفی نے
بعض شافعیہ سے چنانچہ کہا ہے محلی مین ثم عموم حديث الماء طهور لا ينجسه شيء مخصوص
بمفهوم حديث القلتين عند الشافعية انتهى تو حدیث الماء طہور کے یہہ معنی ہوئے کہ ہر پانی
جو کہ قلتین سے کم نہو پاک ہے اور اسمین بطلان عموم اقوی کا ساتھہ حدیث ضعیف کی لازم نہین آتا
جیسا کہ مولف نے کہا ہے اسلئے کہ حدیث قلتین مین کسیطرح کا ضعف نہین اور یہہ حدیث بھی صحیح اور
قوی اور جید ہے قابل عمل کے تنبیہ جبکہ ثابت ہوگیا کہ حدیث الماء طہور کی اور حدیث قلتین کی معارض
نہین اور دونو کا محل ایک ہی ہے تو وہ حدیثین جو مولف نے اپنی سند مین پیش کی ہین یعنی حدیث
ولوغ کلب اور حدیث اذا استيقظ اور حدیث نهى عن البول في الماء الدائم اور سوا
اسکے اور کچھ بکی روایتین جو دلالت کرتی ہین پانیکے نجس ہونے پر ان حدیثون مین اور حدیث الماء طہور مین
اوسیطرح موافقت اور جمع کیجاویگی جیسے کہ حدیث قلتین کو اس حدیث سے موافق اور جمع کیا تہا اس
باطل اور لغو ہوگیا مولف کا بیان کرنا دو وجہ کو واسطے اسقاط حدیث الماء طہور کی نقل کرنا ان دو
وجہونکا اور رد کرنا اسکا موجب حرج اوقات ہے ہماری غرض بوجہ کامل حاصل ہوگئی یعنی ثابت
ہوا کہ حدیث قلتین ہی کی سزاوار ہے عمل کے اور اسمین کسیطرح کا نقصان نہین اور مولف نے
جو پانچ وجہ سے اسکا متروک ہونا بیان کیا تہا وہ سب باطل ہوگیا جاء الحق وزهق الباطل
ان الباطل كان زهوقا اب حضرت مولف کی عشر فی عشر کی حقیقت گذارش کیجاتی ہے قال
جبکہ نہوئی کوئی تقدیر کسی امام کی بیچ باب پانی کے فوق مقتضای ان احادیث کے سوائے

النص وهو بير بضاعة خاصة انتهى كلامه مختصراً پس افسوس کا مقام ہے کہ
تنویر الحق کے ترجمہ مین اپنی پہلی تحریر کو خواب خرگوش کردیا کیونکہ وہان تو اس حدیث مین عموم
کو باطل کرتے ہین اور تنویر الحق مین تقلید محمد شاہ کے ثابت کرتے ہین انا للہ وانا الیہ
راجعون وازانجملہ مولوی احمد علی سہارنپوری ہین کہ بعض حواشی ترمذی مین فرماتے
ہین قولہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الماء الالف واللام للعهد الخارجی
فتاویلہ ان الماء الذي تسألون عنه فالجواب مطابق لا عموم كلي
كما قاله مالك انتهى وازانجملہ طحاوی ہین کہ شرح معانی الآثار مین ایسا ہی کہتے ہین اور
بہت علماء حنفیہ نے یہہ اقرار کیا ہے کہ یہہ حدیث عموم پر نہین اگرچہ انہون نے وجہ تخصیص پانی کی ہونے
بیر بضاعہ کی حدیث قلتین سے وہ نہین بیان کی جو ہمنے بیان کی ہے بلکہ کہا ہے کہ وہ بیر بضاعہ
باغون کیطرف جاری تہا تو حکم مین نہر جاری کے ہوا لاکن ہمنے سابق مین بضمن تاویل حدیث
نہی کے ثابت کردیا ہے کہ یہہ بات یعنی جاری ہونا اوسکا طرف باغون کی غلط ہے اور راوی اسکا
واقدی ہے کذاب و متروک اور واضع حدیثون کا اوسیطرح حدیثون کا نزدیک ائمہ حدیث کے
كما مر عن التقريب للعسقلاني والمختصر لنور الدين علي ومجمع البحار لابن طاهر الحنفي و
بهذا التحقيق اندفع ما أورد على من قال بأن المراد من الماء في حديث الماء طهور لا ينجسه شيء
الماء الذي ورد فيه السؤال وهو ماء بير بضاعة من أنه مخالف لقولهم العبرة لعموم
الألفاظ لا لخصوص المحل ووجه الاندفاع غير خفي على من يعلم ألفاظ العام لأنه إذا علم ألفاظ العام
تيقن أن الماء في هذا الحديث ليس من ألفاظ العام فإن كونه عاماً موقوف على عدم كونه للعهد
الخارجي الذي هو الأصل وعدم كونه للعهد بلا قرينة العموم انتفاء الأصل وهو كما ترى فإذا تيقن
أن الماء ليس من ألفاظ العموم في هذا الحديث جزم باندفاع الإيراد لأنه بعد ثبوت عموم لفظ
الماء فافهم ولا تغتر من تمثيل بعض الأعلام بقاعدة العبرة لعموم الألفاظ بحديث
الماء طهور وبعد تحرير هذا التقريب رأيت ما في غنية المستملي شرح منية
المصلي لإبراهيم الحلبي الحنفي في هذا التصوير فوجدته موافقاً
لي في التقرير وهكذا نصه ولا يقال العبرة لعموم اللفظ

کہا سیری مسجد کی مقدار پس اونہون نے مسجد کو ناپا تو اندرونی زمین اوسکی ہشت در ہشت نکلی اور بیرونی زمین اوسکی دہ دردہ معلوم ہوئی پس بعض نے دہ دردہ کو کالوحی من السماء سمجھ لیا اور بعض نے ہشت در ہشت کو اور متاخرین نے اسی پر جمود کر لیا ہے حالانکہ امام محمد نے آخر کو اوس اپنے قول سے رجوع کر لیا ہے اور قایل ہو گئے ہین ساتھ قول ابی حنیفہ اور ابی یوسف کے یعنی اعتبار کیا ہے راے مبتلا بہ کو غرضکہ یہہ تقدیر دہ دردہ کی کسی امام کے نزدیک ائمہ اربعہ کے یا ابو یوسف یا امام محمد کے حق و ثابت نہین اور کوئی امام اسکا قایل نہین اور کچھ اسپر دلیل نہین مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ اسیواسطے اکابر حنفیہ سے یہی مروی ہے کہ امام ابو حنیفہ کا اور ابو یوسف کا مذہب اعتبار راے مبتلی بہ کی ہے نہ دہ دردہ اور اسکی طرف رجوع کیا ہے امام محمد نے جیسا کہ کہا شمس الائمہ سرخسی نے مبسوط مین کہ یہی ظاہر المذہب اور یہی اصح ہے چنانچہ بحر الرائق مین ذکر کیا ہے قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ فِي ظَاهِرِ الرِّوَايَةِ عَنْهُ يُعْتَبَرُ فِيْهِ اَكْبَرُ رَأْيِ الْمُبْتَلٰى اِنْ غَلَبَ عَلٰى ظَنِّهِ اَنَّهُ بِحَيْثُ تَصِلُ النَّجَاسَةُ اِلَى الْجَانِبِ الْاٰخَرِ لَا يَجُوْزُ الْوُضُوْءُ وَاِلَّا جَازَ وَمِمَّنْ نَصَّ عَلٰى اَنَّهُ ظَاهِرُ الْمَذْهَبِ شَمْسُ الْاَئِمَّةِ السَّرْخَسِيُّ فِي الْمَبْسُوْطِ وَقَالَ اِنَّهُ الْاَصَحُّ انتہی اور کہا امام ابو بکر رازی نے احکام القرآن فی سورۃ الفرقان مین اِنَّ مَذْهَبَ اَصْحَابِنَا اَنَّ كُلَّ مَا تَيَقَّنَّا فِيْهِ جُزْءً مِنَ النَّجَاسَةِ اَوْ غَلَبَ فِي الظَّنِّ ذٰلِكَ لَا يَجُوْزُ الْوُضُوْءُ بِهِ سَوَاءٌ كَانَ جَارِيًا اَوْ لَا انتہی اور کہا امام ابو الحسن کرخی نے اپنی مختصر مین وَمَا كَانَ مِنَ الْمِيَاهِ فِي الْغُدْرَانِ اَوْ فِي مُسْتَنْقَعٍ مِنَ الْاَرْضِ وَقَعَتْ فِيْهِ النَّجَاسَةُ نَظَرَ الْمُسْتَعْمِلُ فِي ذٰلِكَ فَاِنْ كَانَ فِي غَالِبِ رَأْيِهِ اَنَّ النَّجَاسَةَ لَمْ يَخْتَلِطْ بِجَمِيْعِهِ لِكَثْرَتِهِ تَوَضَّأَ مِنَ الْجَانِبِ الَّذِيْ هُوَ طَاهِرٌ عِنْدَهُ فِي غَالِبِ رَأْيِهِ فِي اِصَابَتِ الطَّاهِرِ مِنْهُ وَمَا كَانَ قَلِيْلًا يُحِيْطُ الْعِلْمُ اَنَّ النَّجَاسَةَ قَدْ وَصَلَتْ اِلٰى جَمِيْعِهِ اَوْ كَانَ ذٰلِكَ فِي غَالِبِ رَأْيِهِ لَمْ يَتَوَضَّأْ انتہی اور کہا رکن الاسلام ابو الفضل عبد الرحمن کرمانی نے شرح ایضاح مین وَاخْتَلَفَ الرِّوَايَاتُ فِي تَحْدِيْدِ الْكَثِيْرِ وَالظَّاهِرُ عَنْ مُحَمَّدٍ اَنَّهُ عَشْرًا فِي عَشْرٍ وَالصَّحِيْحُ عَنْ اَبِي حَنِيْفَةَ اَنَّهُ لَمْ يُوَقِّتْ فِي ذٰلِكَ بِشَيْءٍ فَاِنَّمَا هُوَ مَوْكُوْلٌ اِلٰى غَلَبَةِ الظَّنِّ فِي خُلُوْصِ النَّجَاسَةِ انتہی اور

تقدیر ابحنیفہ اور اتباع اونکی کے اور رہتا اجماع منعقد اوپر باطل ہونے اوس عمل کے کہ مخالف ہوا ئمہ
اربعہ کی تو ہوئی تقدیر ابحنیفہ اور اتباع اونکے کے صحیح اور مطابق ساتہہ اون حدیثون صحیحہ کے
اور اجماع مذکور کے اور تقدیر فوقانی یہہ ہی کہ کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے بیچ کتاب اپنی کے کہ نام
اوسکا مصنف ہی حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عِکْرِمَۃَ اَنَّہٗ قَالَ مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ
علیہِ وسَلَّمَ بِغَدِیْرٍ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ الْکِلَابَ تَلِغُ فِیْہِ وَالسِّبَاعَ فَقَالَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لِلسَّبُعِ مَا اَخَذَ فِیْ بَطْنِہٖ وَلِلْکَلْبِ مَا اَخَذَ
فِیْ بَطْنِہٖ فَاشْرَبُوْا وَتَوَضَّؤُا قَالَ اَبُوْ حَنِیْفَۃَ لَا بَاسَ بِہٖ اِذَا کَانَ عَشْرًا فِیْ
عَشْرٍ مَا لَمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُہٗ وَرِیْحُہٗ وَلَوْنُہٗ وَتَوَضَّؤُا تم کلام ابی بکر اور یہی ہی مذہب امام ابحنیفہ اور ابو یوسف
اور امام محمد کا اور کہا یہہ ہدایہ مین اسپر فتوی ہے اور موافق مذہب امام اعظم کے مذہب ہی امام
احمد بن حنبل کا بیچ نجاست رقیقہ کے جیسا لکہا ہے بیچ ترجمہ مشکوۃ کے کہ شیخ کا ہے اور
ارکان اربعہ مین کہ مولینا عبد العلی کی ہے **اقول** اصل شبہ ہمارا حنفیون پر یہہ تہا کہ تمنے
جو حد پانی کثیرہ کی دہ در دہ اور مثل اسکی ٹھہرائی ہے اسکی کیا اصل ہے اور یہہ اعتراض نہ
تہا کہ قلتین کو نجس کیون کہتے ہو جسکے جواب مین مولف نے بزعم خود یہہ زور شور و غوغائی
عام کا سا کیا سو ظاہر ہے کہ مولف نے جواب اصل اعتراض ہمارے کا ندیا یعنی دہ در دہ کو دلیل
شرعی سے ثابت نکیا یعنی اوسکے بیان سے اصل دہ در دہ کی ثابت نہوئی اسلیئے کہ اولاً تو امام
ابو حنیفہ کا اور امام ابو یوسف کا مذہب یہہ ہرگز نہین کہ جو پانی بقدر عشر فی عشر ہو وہ کثیر ہے
اور کسی حنفی نے علماء معتبرین سے یہہ نہین کہا کہ ابو حنیفہ اور ابو یوسف دہ در دہ کے قایل
تہے بلکہ مذہب ان کا رائ مبتلی بہ کی ہے اور معنی اسکے یہہ مین کہ اگر پانی استعمال کرنے
والے کو اسبات کا یقین ہو کہ پلیدی اوس تمام پانی مین جسمین وضو کرتا ہے ملی ہوئی
ہے تو وضو وغیرہ نکرے اور اگر ایسا ہو کہ ناپاکی ایک جانب مین پانی کے پڑی تہی اور وہ
ناپاکی دوسری جانب مین نہین پہونچی تو اوس دوسری جانب مین وضو کرنا یا غسل کرنا
اوسکو درست ہے اور وہ جانب پانی کی پاک ہے اور عشر فی عشر کی بنا اسپر ہے کہ امام
محمد بن الحسن سے کسی نے سوال کیا تہا کہ پانی کے حوض کبیر کی کیا حد ہے اونہون نے

ابو اللیث فی النوازل سئل ابو نصر فی مسئلۃ وردت علیہ ما تقول رحمک اللہ وقعت عندک کتب اربعۃ کتاب ابراھیم بن رستم وادب القاضی عن الخصاف وکتاب المجرد وکتاب النوادر من جہۃ ھشام ھل یجوز لنا ان نفتی منہا اولا وھذہ الکتب محمودۃ عندک فقال ما صح عن اصحابنا فذلک علم محبوب مرغوب فیہ مرضی بہ واما الفتیا فانی لا اری لاحد ان یفتی بشیء لا یفہمہ ولا یتحمل اثقال الناس فان کانت مسائل قد اشتہرت وظہرت وانجلت عن اصحابنا رجوت ان یسع الاعتماد علیہا فی النوازل انتہی وعلی تقدیر علم رجوع محمد رح عن ھذا التقدیر فما قدر بہ لا یستلزم بہ تقدیرہ بہ الا فی نظرہ وھو لا یلزم غیرہ بل یختلف باختلاف ما یقع فی قلب کل ولیس ھذا من قبیل الامور التی یجب فیہا علی العامی تقلید المجتہد الیہ اشار فی فتح القدیر ویؤیدہ ما فی شرح الزاھدی عن الحسن والاصح عندہ ما لا یخلص بعض الماء الی بعض بظن المبتلی بہ واجتہادہ ولا یناظر المجتہد فیہ انتہی فعلم من ھذا ان التقدیر بعشر لا یرجع الی اصل شرعی یعتمد علیہ کما قال محی السنۃ فان قلت قال فی شرح الوقایۃ انما قدر بہ بناء علی قولہ صلی اللہ علیہ وسلم من حفر بیرا فلہ ما حولہا اربعون ذراعا فیکون لہ حریمہا من کل جانب عشرۃ ففہم من ھذا انہ اذا اراد آخر ان یحفر فی حریمہا بیرا یمنع لانہ یجذب الماء الیہا وینفذ الماء الیہا وینقص الماء فی البیر الاولی وان اراد ان یحفر بیرا بالوعۃ یمنع ایضا لسرایۃ النجاسۃ الی البیر الاولی وتنجس ماءہا ولا یمنع فیما وراء الحریم وھو عشر فی عشر فعلم ان الشرع اعتبر العشر فی العشر فی عدم سرایۃ النجاسۃ حتی لو کانت النجاسۃ تسری یحکم بالمنع قلت ھو مردود من ثلثۃ اوجہ الاول ان یکون حریم البیر عشرۃ اذرع من کل جانب قول البعض والصحیح انہ اربعون من کل جانب کما سیاتی انشاء اللہ تعالی الثانی ان تراب الارض اضعاف قوام الماء فقیاسہ علیہا فی مقدار عدم السرایۃ غیر مستقیم الثالث ان المختار المعتمد فی البعد بین البالوعۃ والبیر نفوذ الرائحۃ ان تغیر لونہ او ریحہ او طعمہ یتنجس والا فلا کذا فی الخلاصۃ وفتاوی قاضیخان وغیرھما وصرح فی التاتارخانیۃ اعتماد العشر فی العشر علی اعتبار ارائہم والصواب

بحث ـــــــــ اختلاف بابت ـــــــــ مسلاف صلاۃ

کہا حاکم شہید نے اپنی کافی مین الذی ھو جمع کلام محمد قال ابو عصمۃ کان محمد ابن الحسن یوقت عشرۃ فی عشرۃ ثم رجع الی قول ابی حنیفۃ وقال لا اوقت فیہ شیئا انتہی اور کہا امام اسبیجابی نے شرح مختصر طحاوی مین ثم الحد الفاصل بین القلیل والکثیر عند اصحابنا ھو الخلوص وھو ان یخلص بعضہ من جانب الی جانب ثم تفسیر الخلوص فی روایۃ الاصول وسئل محمد عن حد الحوض فقال مقدار مسجدی فذرعوہ فوجدوہ ثمانیۃ وبہ اخذ محمد بن سلمۃ وقال بعضھم مسحوا مسجد محمد وکان داخلہ ثمان وخارجہ عشر فی عشر ثم رجع محمد الی قول ابی حنیفۃ وقال لا اوقت فیہ شیئا انتہی اور معراج الدرایہ مین کہا ہے الصحیح عن ابی حنیفۃ انہ لم یقدر فی ذلک شیئا وانما ھو موکول الی غلبۃ الظن فی خلوص النجاسۃ من طرف الی طرف وھذا اقرب الی التحقیق لان المعتبر علم وصول النجاسۃ وغلبۃ الظن فی ذلک تجری مجری الیقین فی وجوب العمل کما اذا اخبر واحد بنجاسۃ الماء وجب العمل بقولہ وذلک یختلف بحسب اجتہاد الرای والظن ـــــــــــــــــــ انتہی

اور ایسا ہی کہا ہے شرح جمع الجوامع اور مجتبی مین اور کہا غایۃ البیان مین ظاہر الروایۃ عن ابی حنیفۃ اعتبارہ بغلبۃ الظن وھو الاصح انتہی اور ینابیع مین کہا ہے قال ابو حنیفۃ الغدیر المعظم ھو الذی لا یخلص بعضہ الی بعضہ ولم یفسرہ فی ظاہر الروایۃ وفوضہ الی رای المبتلی بہ وھو الصحیح وبہ اخذ الکرخی انتہی خاتم المتاخرین ابن نجیم حنفی بعد نقل کرنی روایات مذکورہ کے بحر الرائق مین فرماتے مین وھکذا فی اکثر کتب ائمتنا فثبت بھذہ النقول المعتبرۃ من مشایخنا المتقدمین مذھب امامنا الاعظم ابی حنیفۃ وابی یوسف ومحمد رحمہم اللہ فتعین المصیر الیہ ولما ما اختارہ کثیر من مشایخنا المتاخرین بل عامتہم کما نقل فی معراج الدرایۃ من اعتبار العشر فقد علمت انہ لیس مذھب اصحابنا فان قلت ان فی الھدایۃ وکثیر من الکتب ان الفتوی علی اعتبار العشر فی العشر واختارہ اصحاب المتون فکیف ساغ لہم ترجیح غیر المذھب قلنا لما کان مذھب ابی حنیفۃ التفویض الی رای المبتلی وکان الرای یختلف بل من الناس من لا رای لہ اعتبر المشایخ العشر فی العشر توسعۃ وتیسیرا علی الناس فان قلت ھل یعمل بما صح من المذھب او بفتوی المشایخ قلت یعمل بما صح من المذھب فقد قال الامام

دہ دردہ مذہب ابو حنیفہ کا نہین سو وہ ہدایہ سے صاف معلوم ہوتا ہے جیسا کہ کہا ہدایہ مین
وَالْغَدِیْرُ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ لَا یَتَحَرَّکُ اَحَدُ طَرَفَیْہِ بِتَحْرِیْکِ طَرَفِہِ الْاٰخَرِ اِذَا وَقَعَتْ نَجَاسَۃٌ فِیْ اَحَدِ
جَانِبَیْہِ جَازَ الْوُضُوْءُ مِنْ جَانِبِ الْاٰخَرِ لِاَنَّ الظَّاہِرَ اَنَّ النَّجَاسَۃَ لَا تَصِلُ اِلَیْہِ اِذْ اَثَرُ التَّحْرِیْکِ
فِی السِّرَایَۃِ فَوْقَ اَثَرِ النَّجَاسَۃِ ثُمَّ عَنْ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ رح اَنَّہٗ کَانَ یُعْتَبَرُ التَّحْرِیْکُ بِالْاِغْتِسَالِ وَھُوَ
قَوْلُ اَبِیْ یُوْسُفَ رَحِمَہُ اللہُ وَعَنْہُ التَّحْرِیْکُ بِالْیَدِ وَعَنْ مُحَمَّدٍ رَحِمَہُ اللہُ بِالتَّوَضِّیْ وَوَجْہُ الْاَوَّلِ
اَنَّ الْحَاجَۃَ فِی الْحِیَاضِ اَشَدُّ مِنْہَا اِلَی التَّوَضِّیْ وَبَعْضُہُمْ قَدَّرُوْا
بِالْمَسَاحَۃِ عَشْرًا فِیْ عَشْرٍ بِذِرَاعِ الْکِرْبَاسِ تَوْسِعَۃً لِلْاَمْرِ
عَلَی النَّاسِ وَعَلَیْہِ الْفَتْوٰی انتہٰی اور سب سے سخت حجت اور دلیل اوپر نہونے دہ دردہ کے مذہب
ابو حنیفہ کا اقرار جناب مترجم تنویر مولف ظاہری کا یعنی نواب محمد قطب الدین خان صاحب کا
ہے اور یہی کافی ہے واسطے الزام کے تو سنو کہ آپ مظاہر حق ترجمہ مشکوۃ مین صاف
اقرار کیا ہے کہ مذہب امام اعظم کا تحدید پانی کثیر مین تحریک ہے جیسا کہ شیخ عبد الحق کے
ترجمہ مین اور ہدایہ مین گذرا اور دہ دردہ کی تقدیر بعضی متاخرین کے نزدیک ہے چنانچہ تحت
حدیث قلتین کے فرماتے ہین پس آگے اختلاف کیا ہے ایمہ اربعہ نے بیچ مقدار
قلیل و کثیر کے امام مالک تو کہتے ہین کہ جس پانی کا رنگ مزہ بو متغیر نہو نجاست کے پڑنے
سے وہ کثیر ہے اور جو متغیر ہو جاوے وہ قلیل ہے اور امام شافعی اور احمد رح کہتے ہین کہ جو
مقدار قلتین کے ہو کثیر ہے اور اگر کم ہو قلیل ہے اور امام اعظم رح اور اونکے مذہب والے
کہتے ہین کہ اگر پانی اسقدر ہو کہ ایکطرف کے ہلانے سے دوسری طرف نہ ہلے وہ کثیر ہے و
الا قلیل اور بعضی متاخرین نے دہ دردہ کو کثیر کہا ہے انتہی کلام النواب مولانا قطب الدین
نقلاً عن مظاہر حق اب اسمین غور کرو کہ مولوی قطب الدین صاحب نے کیا صریح کہہ دیا کہ
دہ دردہ مذہب ابو حنیفہ کا نہین بلکہ بعضی متاخرین کا ہے اور پھر تنویر الحق مین بہ تقلید
محمد شاہ کے کہدیا کہ دہ دردہ ہی مذہب ہے ابو حنیفہ رح اور اونکے اتباع کا واللہ اعلم اس
اختلاف اور تعارض کا سبب معلوم نہین ہوتا آیا پہلی تحریر مظاہر حق سے اونکو سہو واقع
ہوئی یا جان بوجھہ کر ایسے تعصب مین گرفتار ہوئے یا مظاہر حق مین تقلید شیخ عبد الحق رح

الارض ورخاوتها انتہی اور کہا اشباہ و
النظائر مین ومنها حد الماء الكثير الملحق بالجاري الاصح تفويضه الى راي المبتلى بلا التقدير
بشيء من العشر في العشر ونحوه انتہی اور صاحب تفسیر نیشاپوری نے لکھا ہے کہ تقدیر عشر فی عشر
کی محض لا اصل ہے اسکی دلیل شرع سے ثابت نہین ہوتی اور کہا مولینا بحر العلوم عبد العلی
حنفی نے ارکان اربعہ مین ثم اختلفت الروايات في تحديد الغدير العظيم ففي ظاهر الرواية
عن الامام ابي حنيفة عدم التقدير وحمل التفويض الى راي المبتلى به كما هو
دابه الشريف في امثال هذا فان غلب على الظن انه لا يقبل النجاسة توضأ والا وفي الروايات
الاخر يعتبر التحريك وقدره المتاخرون المساحة انتهى مختصرا اور کہا شیخ عبد الحق محدث
دہلوی نے شرح مشکوۃ مین وظاهر الرواية عن ابي حنيفة غلبة الظن ان غلب الظن
وصول النجاسة الطرف الآخر لم يتوضأ والا توضأ واعتبر ابو سليمان الجوزجاني الكثرة
بالمساحة واختاره المتاخرون فقوم اعتبروا ثمانية في ثمانية وقوم بخمسة عشر في خمسة عشر
والاكثرون بعشر في عشر انتهى مختصرا اور شیخ عبد الحق نے ترجمہ فارسی مشکوۃ مین بہی دہ
در دہ کو مذہب متاخرین ہی کا قرار دیا ہے اگرچہ امام کا مذہب تحریک کو ٹہرایا ہے لاکن
ہمکو اسکی تحقیق منظور نہین کہ مذہب امام کا اعتبار تحریک ہی یا اعتبار رای مبتلی بہ ہمارا
مقصود تو اثبات اس امر کا ہے کہ ابو حنیفہ کا مذہب تحدید دہ در دہ کی نہین سو وہ اوس
کلام سے شیخ کی جو ترجمہ مشکوۃ مین ہے بہی ثابت ہوتا ہے چنانچہ فرماتے ہین ونزد امام
ابو حنیفہ و اصحاب و اگر آب آنقدر بود کہ بجنبانیدن اجزاء او ازہم جدا نگردد کثیر است و
الا قلیل ونزد متاخرین مشایخ بمساحت قرار یافتہ وبعض غلبہ ظن معتبر دارند اگر ظن غالب
وصول نجاست بجانب دیگر است وضو نکند والا بکند انتہی مختصراً اور ایسا ہی برہان الدین
صاحب ہدایہ نے کہا ہے یعنی دہ در دہ کو قول بعض مشایخ کا قرار دیا ہے نہ ابو حنیفہ کا
اگرچہ فتوی دینا اسپر کہا ہے لاکن صاحب بحر نے اسکو بہی رد کر دیا ہے یعنی ثابت کیا
ہے کہ ہمکو عمل کرنا اور فتوی دینا اسپر نچاہیئے جیسا کہ عنقریب عبارت بحر الرائق مین گذری
علاوہ یہہ کہ ہمکو اس سے بحث نہین کہ فتوی حنفیون کا کسپر ہے غرض یہی ہے کہ

یہہ سمجھا کہ ابو حنیفہ بھی اسکے قایل ہونگے اسپر پہلی حدیث عکرمہ کی متضمن پاک ہونے مطلق
حوضون کے عینین کے تے اور درندے پانی پی جاوین مخالف حنفی مذہب کے نقل کے بعد اسکے
بطور طعن کے حنفیون کے مشہور مذہب کو امام اعظم کا مذہب سمجھہ کر نقل کر دیا اور در اصل یہہ
طعن ابو بکر کا ابو حنیفہ پر درست نہین کیونکہ وے عشر فی عشر کے قائل نہین جیسا کہ سب اکابر
حنفیہ نقل کرتے چلے آتے ہین چنانچہ سابق مین عبارتین انکی گذرین اور جو کہ مولف نے
اخیر مین کہا ہے کہ یہی ہے مذہب امام ابحنیفہ اور ابو یوسف کا اور امام محمد کا اور کہا یہہ ہدایہ
مین اسپر فتوی ہے انتہی اسمین بڑی فریب بازی کی ہے اور دروغگوئی اختیار کی اسلیئے
کہ ہدایہ مین تو اسیقدر ہے کہ اسپر فتوی ہے اور اوسمین یہہ نہین کہا کہ یہی مذہب امام ابو حنیفہ
اور ابو یوسف اور امام محمد کا ہے بلکہ اس عشر فی عشر کو بعض مشایخ کا مذہب ٹھہرایا ہے جیسا
کہ عنقریب عبارت ہدایہ کی نقل کی گئی ہے تو مولف محمد شاہ کی دروغگوئی اور چالاکی کو دیکھو
کہ دونون امر یعنی عشر فی عشر مذہب ہونا امام اعظم اور صاحبین کا اور فتوی ہونا اوسپر ہدایہ
کی طرف نسبت کرتا ہے نعوذ باللہ من ہذہ الخیانۃ اور جو کہ مولف نے بعد اسکے کہا ہے کہ موافق
مذہب امام اعظم کے مذہب ہے امام احمد بن حنبل کا بیچ نجاست رقیقہ کے اور اسکو نسبت کیا ہے
طرف ترجمہ مشکوۃ شیخ عبد الحق کے اور ارکان اربعہ مولوی عبد العلی کے تو ظاہر ہے کہ غرض
مولف کی یہی ہوگی کہ امام احمد بن حنبل بھی قائل ہین دہ دردہ کے بیچ نجاست رقیقہ کے اور
یہہ محض غلط اور کذب صریح اور بہتان ہے مولینا عبد العلی پر اور شیخ عبد الحق پر کیونکہ مولوی
عبد العلی نے اور شیخ نے ہرگز نہین کہا کہ امام اعظم اور احمد بن حنبل نجاست رقیقہ مین دہ دردہ
کا مذہب رکھتے ہین بلکہ مولوی عبد العلی کی کلام سے جو ارکان اربعہ سے نقل کیا گیا ہے اور
شیخ کی کلام سے جو ترجمہ مشکوۃ سے اور شرح اوسکی سے نقل کیا گیا ہے صاف معلوم ہوتا ہے
کہ دہ دردہ مذہب امام اعظم کا نہین چہ جائی کہ امام احمد بھی اونکے اس مذہب مین موافق
ہون تو دیکھو کہ جناب مولف نے کسقدر جھوٹ لکھنا اختیار کیا ہے اور حوالے جھوٹے
دیئے مین اسمقام مین مولف کی دیانت سے مطلع ہونا چاہیئے پس ثابت ہوا کہ یہہ دہ دردہ
کی حد چارون اماموں کے خلاف ہے تو بزعم مولف جو قائل ہین اسبات کے کہ جو کچھہ مخالف ہے

کی تھی اور تنویر الحق مین محمد شاہ کی تقلید اختیار کی ہے پس جبکہ اتنے ائمہ حنفیہ کی تصریحات
سے بلکہ خود مولف ظاہری یعنی مولوی قطب الدین خانصاحب کی مظاہر حق کی عبارت سے
ثابت ہوا کہ وہ درود کسی کے نزدیک متقدمین سے معتبر نہین اور ظاہر ہے کہ جو لوگ متاخرین
اسکے قایل مین اونکے پاس بھی کوئی دلیل شرعی اسپر نہین ہے اور یہہ وہ درود کسی اصل
شرعی کیطرف رجوع نہین کرتا جیسا کہ کلام سے خاتم المتاخرین ابن نجیم حنفی کے جو بحر الرائق
سے منقول ہوا گذرچکا ہے تو قول مولینا شہید فی سبیل اللہ مہاجر الی اللہ عالم ربانی حافظ
قرآنی محی سنت عالم نبیل مولینا و مقتدینا مولوی اسمعیل رضی اللہ عنہ کا کہ یہہ تحدید عشر
فی عشر یعنی وہ درود کی بدعت حقیقیہ ہے ثابت اور مصدق ہوگیا اور وہ قول مولوی
اسمعیل صاحب کا یہہ ہے جو ایضاح الحق مین فرماتے ہین مسئلہ خامسہ استحسانات اکثر متاخرین
از فقہا و صوفیہ کہ محض بنابر حصول بعضی منافع دینیہ و مصالح شرعیہ بدون تمسک بدلیلے از
دلائل شرعیہ عبادات یا معاملات اختراع مینمایند یا تحدید اصلی از اصول دینیہ بحدود خاصہ
احداث میکنند مثل تحدید کلمہ تہلیل باوضاع مخصوصہ از اعداد و ضربات و جلسات و تحدید ماء کثیر
بعشر فی عشر ہمہ از قبیل بدعات حقیقیہ است انتہی مختصراً غایۃ الاختصار و من تمامہ فی جواب
الباب الثانی فی جُمْلَۃِ الرِّوَایَاتِ الدَّالَّۃِ علی عَدَمِ الالتزام بمذہب معین اور جو کہ
مولف نے مصنف ابی بکر بن ابی شیبہ سے نقل کیا ہے کہ امام اعظم وہ درود کے قائل تھے
اس سے خود مولف کا اقرار ثابت ہوتا ہے کہ کسی عالم حنفی المذہب نے اپنی کتاب مین یہہ
مذہب امام اعظم کا نقل نہین کیا اسلیئے کہ اگر کسی کتاب حنفی مین یہہ مذہب امام کا منقول ہوتا تو
جناب مولف اپنی کتابون معتبرہ کو جیسے منیہ قنیہ شرح وقایہ ہدایہ کنز در مختار بحر الرائق
و فتاوی قاضیخان فتاوی عالمگیری جسکو کالوحی من السماء جانتے ہین چھوڑ کر اپنے
مذہب کو ابی بکر کی کتاب سے جو حنفی مذہب سے بالتفصیل واقف نہین بلکہ وہ ایک محدث ہے
نہ حنفی نہ شافعی کیون نقل کرتے اسبات مین غور کرنا چاہیئے اور اسی سے سمجھہ لینا چاہئے
کہ امام اعظم وہ درود کے قائل نہین اور منشاء لکھنے ابو بکر بن شیبہ کا یہہ ہے کہ اوسکو التزام
ہے سہو اور طعن کرنیکا ابو حنیفہ پر اسی لیئے اونکی بعض اتباع کو عشر فی عشر کے قایل دیکھہ کر

والجامع للترمذی اور بہت طرق اور اسانید سے یہہ تغلیس ثابت ہے اور بہت حدیثین اس
مضمون کی وارد ہین از انجملہ یہہ کہ روایت ہی عایشہ سے کُنَّ نِسَاءُ الْمُؤْمِنَاتِ یَشْهَدْنَ
مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیہ وسلم صَلٰوةَ الْفَجْرِ مُتَلَفِّعَاتٍ بِمُرُوطِهِنَّ ثُمَّ یَنْقَلِبْنَ
اِلٰی بُیُوْتِهِنَّ حِیْنَ یَقْضِیْنَ الصَّلٰوةَ لَا یَعْرِفُهُنَّ اَحَدٌ مِنَ الْغَلَسِ روایت کی یہہ حدیث بخاری اور مسلم اور امام مالک اور
ترمذی اور ابوداود اور نسائی اور ابن ماجہ وغیرہم نے ساتھہ اسانید صحیحہ کے باتفاق سیاق
کے اگرچہ لفظونمین بعضی روایتین مختلف ہین مثلاً بعضی روایتونمین ینقلبن ہے اور بعض
مین یرجعن اور بعض مین ینصرف النساء وعلی ہذا القیاس غرضکہ اس حدیث مین کسیطرح
کا ضعف نہین اور حاصل معنی اس حدیث کے یہہ ہین کہ آنحضرت کے ساتھہ جو عورتین اپنی
چادرونمین لپٹی ہوئین فجر کی نماز مین حاضر ہوتین تو وہ ایسی غلس مین نماز پڑہ پڑہ کر
اپنے گہرون کو چلتین کہ اوسوقت اتنی تمیز کسیکو نہوتی کہ یہہ عورتین ہین یا مرد اور یہی
معنی حق مین عدم امتیاز مین جیساکہ کہا عینی حنفی نے شرح بخاری مین وقیل معنی ما
یعرفہن احد مایعرف اعیانہن وہذا بعید والاوجہ ان یقال ما یعرفہن احد ای انساء ہن
ام رجال انتہی اور کہا امام نووی نے شرح مسلم مین معناہ ما یعرفن انساء ہن ام رجال وقیل
ما یعرف اعیانہن وہذا ضعیف انتہی وہکذا فی المحلی وفتح الباری
مع مالہ وما علیہ اور سیاق حدیث سے ظاہر ایہی معلوم ہوتا ہے کہ
حضور عورتون کا نماز فجر مین اور فارغ ہونا اونکا نماز سے اور پہرنا اونکا حالت غلس مین
امر دامی تہا اور رسول اللہ علیہ السلام ہمیشہ نماز فجر کی غلس ہی مین پڑہتے تہا یدل علیہ قولہا
کن یشہدن ثم ینقلبن او یرجعن لا سیما اسمیۃ الجملۃ المصدرۃ بان المخففۃ من المثقلۃ
التی وردت فی روایۃ من عدا الشیخین اعنی مالکا والترمذی وابا داود والنسائی وابن
ماجۃ باآنکہ ایک روایت صحیحہ مین صاف آگیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام
عمر مین ایک ہی مرتبہ فجر کے نماز اسفار کرکے ادا کی ہے اور باقی تمام عمر غلس مین پڑہتے
رہے جیساکہ روایت کیا ابوداود نے اپنی سنن مین ابومسعود سے انہ صلی اللّٰه علیہ وسلم
صلی الصبح مرۃ بغلس ثم صلی مرۃ اخری فاسفر بہا ثم کانت صلوتہ بعد ذلک التغلیس حتی

ائمہ اربعہ کے وہ باطل ہے بالاجماع یہہ تحدید عشر فی عشر کی باطل ہوئی اور قول مولوی اسمعیل شہید کا کہ تحدید دہ در دہ کی بدعت حقیقی ہے خوب ثابت ہوا اور اگر بطور محال فرض بہی کیا جاوی کہ امام ابوحنیفہ اور اونکے صاحبین قایل ہین عشر فی عشر کے تو اونکا قائل ہونا مقابل خصم کے کیا حجت ہے جس حالت مین کہ شافعی کی حدیث مرفوع پر مولف نے اتنی لی دی کی اور او سکے مذہب کو بزعم خود ضعیف کر دیا کیا امام ابوحنیفہ او صاحبین کا قول اگرچہ بی دلیل ہو مثل قران کی ہے اور وہ کیا نبی ہین کہ جناب مولف نے قول اونکا بے دلیل نقل کر دیا قول صاحب ہدایہ کا کہ اسپر فتوی ہے مثل حدیث اور قران کی نقل کر کے خوش ہو گئی مردانگی تو یہہ تہی کہ جسطرح حدیث کو رسول اللہ کی جسپر شافعی کا عمل ہے رد کر دیا تہا اسیطرح دہ در دہ کو کسی حدیث سے یا قران سے یا اجماع شرعی سے یا قیاس سے ثابت کرتے مجرد مذہب کا معرض استدلال اور محل ترجیح بالدلایل مین پیش کرنا شان اور شعار اہل علمون کی نہین کچہہ تو شرم اور لحاظ چاہیئے خیریت الماضی لا یذکر آیندہ یہہ جناب مولف کی خدمت مین التماس ہے کہ دہ در دہ کو کسی دلیل شرعی سے دو برس مین یا چار برس مین یا دس برس مین ثابت کر کے ہم مشتاقون کو مسرور و ممتاز فرماوین الحمد لِلّٰهِ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا وَّظَاهِرًا وَّبَاطِنًا عَلٰى مَا اَرَانَا الْحَقَّ فِي تَحْقِيقِ حَدِيثِ الْقُلَّتَيْنِ الصَّحِيحِ الثَّابِتِ الْمَرْوِيِّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الْغَالِبِينَ الْحَسَنَيْنِ تنبیہ جواب دینا آئندہ کلام مولف کا حرفاً حرفاً نقل کر کے موجب تضییع اوقات ہی اور راقم کو اشتغال علمی سے کہان فرصت ہی کہ سب اسکی توجیہات رکیکہ و ضعیفہ اور دلایل نامرضیہ کو نقل کرے اسلیئے حاصل کلام کو او سکے مع تمام متمسکات او کے اپنی عبارت وجیز و مختصر مین بیان کر کے ہر ایک بات کا بخوبی جواب دیوینگے قال مسئلہ دوسرا بیچ بیان وقت مستحب فجر کے اقول ہمارے نزدیک رسول اللہ صلعم سی یون ثابت ہے کہ آنحضرت اکثر نماز فجر کی غلس مین پڑہا کرتے اور یہہ تغلیس وہی ہے بہت صحابہ سے جو رسول اللہ سے روایت کرتے ہین اونمین سے ہین ابن عمر اور انس بن مالک اور جابر اور ابو برزہ اور سہل بن سعد اور علی اور عائشہ اور ام سلمہ اور قیلہ بنت مخرمہ کما قال فی المنتقی

بن زید سے روایت کی تو پہر جرح کسیکا کیا ضرر کرتا ہے دوسرا یہہ کہ فرض کیا کہ بخاری کے رواۃ پر جرح مقبول ہے لاکن پہر بہی وہ جرح مقبول ہوتا ہے جو کہ بابیان سبب ہو جیسا کہ شرح نخبہ اور حاشیہ علوی مین کہا ہے لانہ ان کان غیر مفسر ای لم یبین سببہ مثل قولہم فلان لیس بشیئ ونحو ذلک مقتصرا علی ذلک لم یقدح فیمن ثبت عدالتہ لان الناس یختلفون فیما یجرح وما لا یجرح فیطلق احدہم الجرح بناء علی ما اعتقدہ جرحا ولیس بجرح فی نفس الامر فلا بد من بیان سببہ انتہی اور کہا مسلم الثبوت مین اکثر الفقہاء والمحدثین لا یقبل الجرح الا مبینا ولو حکما کما عن علماء ہذا الشان بخلاف التعدیل انتہی اور کہا نووی نے مقدمہ شرح صحیح مسلم مین لا یقال الجرح مقدم علی التعدیل لان ذلک فیما اذا کان الجرح ثابتا مفسرا السبب والا فلا یقبل الجرح انتہی اور ظاہر ہے کہ جارحین اسامہ کے نے بیان سبب کا نہین کیا ہی کہا لیس بالقوی ولیس بشیئ ولا یحتج بہ انتہی اور یہہ معتبر نہین کما قال اہ پس اُن حدیثون سے ثابت ہوگیا کہ حضرت کا فعل یہی تہا کہ ہمیشہ غلس مین نماز پڑہتے اسفار مین فقط ایک ہی دفعہ پڑہی ہی کہ بعد اسکے تمام عمر کبہی اسفار مین نہین پڑہی اور یہی یہی مذہب بہت سے صحابہ کا اور تابعین کا جنمین سے ہین ابو بکر اور عمر اور ابن الزبیر اور ابو موسی اشعری اور عمر بن عبد العزیز اور یہی مذہب ہے امام مالک کا اور امام شافعی کا اور امام احمد کا اور اسحق اور جمہور ائمہ کا جیسا کہ کہا ترمذی نے حدیث عائشہ حدیث حسن صحیح وہو الذی اختارہ غیر واحد من اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منہم ابو بکر وعمر ومن بعدہم من التابعین وبہ یقول الشافعی واحمد واسحاق یستحبون التغلیس بصلوۃ الفجر انتہی اور کہا امام نووی نے شرح صحیح مسلم مین وہو مذہب مالک والشافعی والجمہور انتہی اور کہا محلی مین وعن ابی موسی وابن الزبیر وعمر بن عبد العزیز انہم کانوا یغلسون انتہی اور جناب مولف کا یہہ دعوی ہے کہ حدیث غلس مین نماز پڑہنے کی منسوخ ہے اس حدیث ابن مسعود کی سے کہ ما رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی صلوۃ الا بمیقاتہا الا صلوتین صلوۃ المغرب والعشاء بجمع وصلی الفجر یومئذ قبل میقاتہا معہ اور روایات ابن مسعود کی جو یزید بن عبد الرحمن سے اسی مضمون کی ہین مولف نے نقل کین ہین اور حدیث اسفروا بالفجر فانہ اعظم للاجر سے وما فی معناہ اور روایات ابراہیم نخعی سے کہ کہا ما اجتمع اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم علی شیئ ما اجتمعوا علی التنویر پس جواب یہہ ہے کہ دعوی نسخ کا محض باطل

مَاتَ لم يَعُدْ الى اَنْ يُسْفِرَ پس اسیواسطے کہ سیاق ہے حدیث عایشہ کی بہی مواظبت معلوم ہوتی ہی اور حدیث ابو مسعود کی سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت نے تمام عمر سوائی ایک مرتبہ کے غلس ہی مین پڑہی ہے کہا فتح الباری مین وحديث عائشة تقدم في ابواب سَترِ العَودَةِ ولفظهُ اَصْرَحُ فى مُرَادِهِ فى هذا الباب مِنْ جِهَةِ التغليس با لصُّبحِ وانّ سيما قد يقتضي المُوَاظبةَ على ذلك واَصْرَحُ مَا اخرجهُ ابوداود من حديث ابى مسعود انه صلى الله عليه وسلم اَسْفَرَ بالصبحِ مَرّةً ثم كانت صلوتہ بعدُ بالغلسِ حتى مات لم يَعُدْ الى ان يُسفِرَ انتهى اگر اعتراض کرو کہ یہہ حدیث ضعیف ہی اسلیئے کہ ایک راوی اسکا یعنی اسامہ بن زید ضعیف ہے کہا نسائی اور دارقطنی کہ قوی نہین ہے اور کہا احمد نے کہ کچہہ چیز نہین اور کہا ابو حازم نے کہ اس سے محتاج نہین چاہیئے تو جواب اسکے دو ہین اول یہہ ہے کہ اس حدیث کو صحیح کہا ہے ابن خزیمہ نے اور سکوت کیا ہے اسپر جرح کرنیسے ابو داود نے جبکہ نقل کیا اوسنے اس حدیث کو اپنے سنن مین اور کہا بیہقی نے کہ اس حدیث کے سب راوی ثقات ہین اور کہا خطابی نے کہ یہہ حدیث صحیح ہے اسنادًا اور راوی اسکا اسامہ بن زید ایسے ثقاہت سے متصف ہی کہ بخاری کے راویون سے ہی اور تحقیق کہا ائمہ محدثین نے کہ جس راوی سے بخاری اور مسلم روایت کرین یا بخاری اکیلا ہی روایت کرے تو اس راوی کے حق مین کسی طعن اور جرح کرنیوالے کا قول مقبول نہین اگرچہ وہ طاعنین کتنے ہی ہون جیسا کہ کہا محلی حنفی مین وقد اخرج ابوداؤد وصححه ابن خزيمة من طريق اُسامة بن زيدٍ الليثي عن ابن شهاب عن عروة عن بشير بن ابى مسعود عن ابيه انه صلى الله عليه وسلم صلى الصبح بغلسٍ ثم صلّى مرّةً اُخرى فاَسْفَرَ بها ثم كانت صلوته بعدَ ذلك التغليسُ حتى مات لم يَعُدْ اَنْ يُسْفِرَ وقد سبق تخريجهُ فان قيل فيه اُسامة بن زيد الليثي وقد قال فيه النسائي والدارقطني ليس بالقوي وقال احمد ليس بشيءٍ وقال ابو حازم لا يُحتجّ به قلنا الحديث مما صححه ابن خزيمة وسكت هو عليه لا ينزل عن درجة الحسن قال البيهقي رُواته كلهم ثقات وخبرُ الاسفار مختلَف في اسنادِهِ ومتنِه وقال الخطابي هو حديث صحيح اسنادًا واُسامة من رجالِ البخاري وقد قالوا من روى عنه الشيخان او احدُهما عنه لا يُنظَر للطاعنين فيه وان كثروا انتهى پس جبکہ امام بخاری رئیس الناقدین اسامہ

کیونکر بے دلیل ناسخ ہوگا قول ابن مسعود کا حدیث تغلیس کو ایسا ہی حدیث اسفروا بالفجر وما
فی معناہ سے بہی نسخ حدیث تغلیس کا ثابت نہین ہوتا اسلیئے کہ جبکہ ثابت ہوئی حدیث غلس
کی روایت شیخین وغیرہما سے اور معارض ہوئی اوسکی حدیث اسفار کے جو شیخین نے نقل نہین
کی اور قاعدہ وقت تعارض کے درمیان دو حدیثون کے نزدیک اہل حدیث کے یہہ ہے کہ اولاً
تو انکو آپسمین جمع اور موافق کرین اور اگر موافق نہو سکین تو دیکہین کہ دونون مین سے
کون ازراہ تاریخ موخر ہے پس موخر کو ناسخ سمجہ کر اختیار کرین اور اگر تاریخ بہی معلوم نہو
تو ایک کو دوسرے پر ترجیح دیوین اگر ترجیح بہی ممکن نہو تو دونونکے عمل سے متوقف رہین
اور رجوع کرین طرف مادون کے جیسا کہ کہا شرح نخبہ مین وَاِنْ عُوْرِضَ فلا یَخْلُو اِمَّا اَنْ یُمْکِنَ
الجَمْعُ بَیْنَ مَدْلُوْلَیْہِمَا بغیرِ تَعَسُّفٍ اَوْلَا فَاِنْ اَمْکَنَ الجَمْعُ فہو النوعُ المُسَمّٰی بمختلفِ الحدیثِ وان لم یمکن
الجمعُ فلا یَخْلُو اِمَّا اَنْ یُعْرَفَ التاریخُ اَوْلَا فان عُرِفَ وثَبَتَ المتاخِّرُ بہ اَوْ باَصْرَحَ منہ فہو الناسخُ والآخر
المنسوخُ وان لم یُعْرَفِ التاریخُ فلا یخلو اما ان یمکن ترجیحُ احدِہِما بوجہٍ من وجوہِ الترجیحِ اَوْلَا فان
اَمْکَنَ الترجیحُ تَعَیَّنَ المَصِیْرُ الیہ والّا فلا فصار ما ظاہرُہُ التعارُضُ واقعًا علی ہٰذا الترتیبِ الجمعُ
ان اَمْکَنَ فاعتبارُ الناسخِ والمنسوخِ فالترجیحُ
اِنْ تَعَیَّنَ
ثم التَّوَقُّفُ علی العَمَلِ باَحَدِ الحدیثَیْنِ انتہی پس بنا بر اس قاعدہ کے اگر دونون حدیثونمین
موافقت اور جمع کرو تو ممکن ہے کئی وجہ سے وجہ اول یہہ کہ مراد اسفار سے ظہور صبح کا ہے اس
انداز پر کہ کسیکو شک نرہے باوجودیکہ تاریکی بہی باقی رہے جیسا کہ کہا فتح الباری مین
وَاَمَّا مَا رَوَاہُ اَصْحَابُ السُّنَنِ وصَحَّحَہٗ غیرُ واحدٍ من حدیثِ رافعِ بنِ خدیجٍ قال قال رسولُ اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اَسْفِرُوْا بالفجرِ فانہ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ فقد حَمَلَہُ الشافعیُّ وغیرُہٗ علی ان المرادَ بذلک
تَیَقُّنُ طُلُوْعِ الفجرِ انتہی اور کہا ترمذی نے اپنی جامع مین بطور حکایت کے
شافعی واحمد واسحاق سے اَنَّ معنی الاسفارِ اَنْ یُصَلِّیَ الفجرَ فلا یُشَکُّ فیہ ولم یَرَوْا اَنَّ معناہُ
تاخیرُ الصلوۃِ انتہی یہہ اس تاویل پر عینی اور شیخ ابن الہمام حنفیون نے اعتراض
کیا ہے کہ رفع شک اور تیقن صبح کا تو مدار ہے صحت نماز کا پہر کیا معنی اسفار سکے

ہے اسلیئے کہ ناسخ کا متاخر ہونا یقیناً ضرور چاہیئے جیسا کہ کہا مسلم الثبوت و نخبتہ الفکر وغیرہا مین
حالانکہ یہان معاملہ برعکس ہے یعنی جسکو منسوخ کہتے ہو یعنی غلس اوسکا موخر ہونا اور اسپر مداومت
رسول اللہ کی سند صحیح سے ثابت ہے جیسا کہ ابہی سنن ابی داود سی منقول ہو چکا اور جن حدیثونکو
مؤلف نے سند پکڑا ہے اونسی ہرگز نسخ ثابت نہین ہوتا۔ حدیث ابن مسعود سے
اس لئے ثابت نہین ہوتا کہ جسکی ثابت ہوئی مواظبت رسول اللہ صلعم کے تغلیس پر جیسا
کہ ثابت کیا گیا تو وہ جب ہو، حمل کرنا ابن مسعود کی حدیث کا جمعاً بین الدلیلین اسپر کہ اوسدن نماز مین
داخل ہوئے ہونگے بمجرد طلوع فجر کے ، باوجودیکہ غلس دور نہین ہوئی ہو اسلیئے کہ
غلس کے معنی تاریکی آخر شب کے ملی ہوئی روشنی صبح سے ہین جیسا کہ کہا محلی مین والغلس
بقایا الظلمۃ اللیل یخالطہا بیاض الفجر نقلہ عیاض عن الازہری و الخطابی انتہی وھکذا فی عمدۃ القاری
شرح صحیح البخاری للعینی الحنفی اور ظاہر ہے کہ وہ کچھ آنے اور قلیل ہونے سے نہین بلکہ
تا تنویر کامل وہ تاریکی باقی رہتی ہے اور اوسکی بدایت بھی ہے اور نہایت بھی ہے اور اسمین
تقدیم فعل بھی ممکن ہے تاخیر بھی ممکن ہے اسیواسطے کہا فتح الباری مین واما حدیث ابن مسعود الذی اخرجہ
المصنف وغیرہ انہ قال ما رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی صلوۃ فی غیر وقتہا غیر ذلک
الیوم یعنی الفجر یوم المزدلفۃ فمحمول علی انہ دخل فیہا مع طلوع الفجر من غیر تاخیر وان فی حدیث
زید بن ثابت وسہل بن سعد ما یشعر بتاخیر یسیر لا انہ صلاہا قبل ان یطلع الفجر انتہی
اور کہا محلے حنفی مین واجاب عنہ الحافظ وغیرہ بانہ محمول علی انہ دخل فیہا مع اول
طلوع الفجر وکان المعتاد التاخیر منہ بحیث لا یفوت التغلیس واللہ اعلم انتہی
اور موید ہے اس تاویل کو حدیث صحیح بخاری کی عبد الرحمن بن یزید سے قال خرجت مع عبد اللہ الی
مکۃ ثم قدمنا جمعاً فصلی الصلوتین کل صلوۃ وحدہا باذان واقامۃ والعشاء بینہما ثم صلی الفجر حین طلع الفجر قائل یقول
طلع الفجر وقائل یقول لم یطلع الحدیث غلس جسمین ابن مسعود نے مقام مزدلفہ مین ایکدفعہ نماز پڑہی تہی اور
کہا تہا کہ ایسا ہی ایکدفعہ اسمقام مین رسول اللہ صلعم نے پڑہی تہی اور سوا اسکے کبہو اپنے وقت
معتاد سے مبادرت نہین کی وہ غلس ابتدائی تہی اور جسپر رسول اللہ صلعم کو مواظبت تہی وہ غلس موخر
غلس ابتدا سے تہی پس کہان رہا تعارض قول ابن مسعود مین اور احادیث غلس مین اور

نقل کی ہے یہہ حدیث بدون تصحیح کسی امام کے ائمہ حدیث میں سے حجت نہین اسلیئے کہ نفس محلی ہی مین جس سے مؤلف نے نقل کی ہے کہا ہے کہ یہہ حدیث ضعیف ہی اسناد اُحدیث الطبرانی بسند ضعیف انتہی ما فی المحلی پس کسطرح بے تصحیح کسی محدث کے اوسکو قبول کیا جاوے تو یہہ حدیث مانع او ر مبطل نہو گی اوس محمل کے جو بیان ہوا وجہ اولین وجہ ثانی یہہ کہ حدیث اسفار مین یہہ مراد نہین کہ جبکہ روشنی ہو اوسوقت نماز شروع کرے بلکہ مراد اُس سے یہہ ہے کہ شروع نماز غلس ہی مین کرے لاکن اتنی طول قرارت پڑہے کہ پڑہتے پڑہتے حالت سفار مین اختتام اسکا ہووے جیسا کہ کہا فتح الباری مین وحمله الطحاوي على أن المراد الأمر بتطويل القراءة فيها حتى يخرج من الصلوة مسفرا وأبعد من زعم انه ناسخ للصلوة في الغلس انتہی اور کہا ہے طحاوی حنفی نے حدیث غلس مین والذي ينبغي أن يبتدأ بالغلس ويختم بالاسفار وهو قول ابي حنيفة ومحمد وابي يوسف نقل کیا اُسکو محلی مین اور پہر کہا وهو احسن وجوه الجمع وبه يجمع الاحاديث والمذاهب يؤيده ما للنسائي عن انس انه صلى الله عليه وسلم كان يصلي الصبح الى ان ينفسح البصر وجہ تیسری یہہ کہ امر بالاسفار محمول ہو چاندنی راتون پر کیونکہ ان راتون مین اشتباہ روشنی صبح کا ساتہہ روشنی چاند کے بہت ہوتا ہے نقل کیا اسکو خطابی نے جیسا کہ کہا محلی مین الثانی أن الأمر بالاسفار خاص في الليالي المقمرة احتياطا لعدم تبين الصبح حكاها الخطابي انتہی أقول وما قيل من انه تخصيص بلا مخصص فمردود بانه اي مخصص اقوى من احاديث الغلس المروية برواية اصحاب الستة وغيرهم المتعارضة للاسفار فلا بد من الحمل على ما صلح له ومنه الليالي المقمرة وما قيل من انه يخالف لما عن ابراهيم النخعي من رواية اجماع الصحابة على التنوير فسيجيئ وجوابه باثبات أن قول النخعي غير مستقيم على الظاهر ولا يفيد تعامل جميع الصحابة او اكثرهم على الاسفار الحاصل ان وجوہ سے تعارض حدیث غلس کا اور اسفار کا مرتفع ہو سکتا ہی یعنی دونون قسم کی حدیثون مین ان وجوہ سے جمع اور موافقت ہو سکتی ہے اور حدیث غلس کی معمول بہ رہتی ہی اور اگر توفیق اور جمع مین الاحادیث نکرو اور بے دلیل اور خلاف قواعد اہل حدیث کے رجوع کرو طرف نسخ کے

اعظم للاجر ہونیکے لاکن بعض منصف حنفیون ہی نے جواب بہی دیا ہے کہ مدار صحت کا تو مطلق
تیقن ہے خواہ چند آدمیونکو ہو اور مدار بڑائی اجر کا اس حدیث مین نزدیک ائمہ کے یہہ ہے کہ
ایسا ظہور صبح کا ہو کہ ہر ایک شخص بے غور و تامل کے پہچان لے چنانچہ ابو داود کے انعقاد
باب سے صاف واضح ہو ا باب وقت الصبح حدثنا اسحق بن اسمعیل نا سفین عن ابن عجلان
عن عاصم بن عمر بن قتادۃ بن النعمان عن محمود بن لبید عن رافع بن خدیج قال
قال رسول اللہ صلعم اصبحوا بالصبح فانہ اعظم لاجورکم او اعظم للاجر انتہی ما رواہ ابو
داود قولہ اصبحوا بالصبح قال فی النہایۃ ای صلوھا عند طلوع الصبح یقال اصبح
الرجل اذا دخل فی الصبح قلت بہذا یعرف ان روایۃ من روا ہذا الحدیث بلفظ اسفروا
بالفجر مرویۃ بالمعنی وانہ دلیل افضلیۃ التغلیس بہا علی التاخیر الی الاسفار
کما فی المرقات پس بنابر اس روایت کے اجر عظیم تغلیس مین بہی ثابت ہوا اور نماز غلس ہی مین
پڑہنی مرجح ہوئی اور کہا بیہقی نے کہ حمل اسفار کا اس حدیث مین یعنی جو کہ مدار بڑائی اجر کا ہے
یہی ہے کہ یقینا معلوم ہو جاوے ورنہ نفس صحت تو قبل تبین یقینی کیواسطے اس شخص کے جو اپنی
جانچ اور مہارت سے وقت پہچان لے بہی ہو سکتی ہے جیسا کہ کہا محلی مین واجاب الاولون
عن حدیث الاسفار باجوبۃ احدہا ما حکاہ الترمذی عن الشافعی واحمد واسحاق ان معنی الاسفار
ان یصلی الفجر فلا یشک فیہ ولم یرد ان معناہ تاخیر الصلوۃ ورد بانہ یاباہ تعلیلہ باعظمیۃ الاجر
فان الصلوۃ قبل تیقن الوقت فاسدۃ لا اجر لہا اصلا قلت لعل مرادہ الا یمتر بد و الصبح
ویتیقنہ لکل واحد من غیر تعمق النظر فی الافق لا لتیقن مطلقا فانہ لا صلوۃ عند الشک فی الوقت
اجماعا قال عیاض فی تفسیر الحدیث ای صلوھا بعد تبین وقتہا وسطوع ضوء الفجر ولا تبادروا
اول مبادی الفجر قبل تبینہ وقال البیہقی والطریق الصحیح ان یحمل حدیث الاسفار علی تبین
الفجر وان کان یجوز الدخول فیہا من الغیم بالاجتہاد وقبل
الیقین

انتہی اور حدیث طبرانی وغیرہ کی نوّر یا بلال بالفجر قدر
ما یبصر القوم مواقع نبلہم جو عینی نے شرح بخاری مین اور مولف نے بواسطہ محلی کے تنویر الحق مین

تو بھی غلس باقی رہتی ہے واسطے عمل کے کیونکہ موخر بھی یہی ہے نہ اسفار جیسا کہ روایت مین
ابو داؤد کی گذرا تو حدیث غلس جو موخر ہے ناسخ ہوگی اور حدیث اسفار منسوخ ہوگی اور اگر
اس سے بھی انحراف کرو اور تیسری وجہ کو اختیار کرو یعنی حدیث اسفار کے متروک العمل ہو اور
حدیث غلس کی معمول بہ رہی اسلیئے کہ حدیث اسفار کو شیخین نے روایت نہین کیا اور غلس کو
شیخین نے اور امام مالک اور باقی اصحاب سنن نے روایت کیا ہے اور یہہ قاعدہ ہے کہ وقت
ترجیح کے ایسی روایات مین سے روایت شیخین کی مقدم ہوتی ہے انکی غیر کی روایت پر جیسا
کہ کہا شرح نخبہ مین وَمِنْ ثَمَّ اَی مِن هٰذِهِ الجِهَةِ وهی اَرْجَحِيَّةُ شَرْطِ البُخَارِي علی غیرہ قُدِّمَ صَحِیحُ
البُخَارِي علی غیرہ .... مِنَ الکُتُبِ المُصَنَّفَةِ ثم صَحِیحُ مُسْلِمٍ لمشارکته للبخاري
فی اتفاقِ العلماءِ علی تَلَقِّی کتابه بالقبولِ ثم یُقَدَّمُ فی الاَرْجَحِیَّةِ مِن حیثُ الاَصَحِّیَّةِ ما وافقه شرطهما
انتهی وهکذا فی حُجَّةِ اللهِ البالغةِ کما سیجیء اقول الّا ما روی الزهري عن سالم بن عبد الله
ابنِ عُمَرَ عن ابیه و محمدُ بنُ سیرینَ عن عَبِیدَةَ بن عمرٍو عن علیٍّ وابراهیم النخعي عن
عَلْقَمَةَ عن ابنِ مسعودٍ وغیرُهم المُتَسَاوُونَ لهم فی الرُّتْبَةِ ولا یخفی ان روایةَ الاسفارِ لیست هذه
المَثَابَةِ فیقدم علیها ما رواه الشیخان المحصل نسخ غلس کا حدیث اَسْفِرُوا سے عاقل نہین کہہ سکتا ہے
باوجودیکہ جمع بین الاحادیث بھی ممکن ہے اور موخر ہونا حدیث غلس کا ازراہ تاریخ کے بھی ثابت
ہی اور ترجیح حدیث غلس کے حدیث اسفار پر بھی متحقق ہے ایسا ہی قول ابراہیم نخعی کے سے کہ
ما اجْتَمَعَ اصحابُ محمدٍ علی شیءٍ ما اجتمعوا علی التَّنْوِیرِ بھی نسخ تغلیس کا ثابت نہین ہوتا اسلیئے کہ اگر
کہو کہ مراد اصحاب مجتمعین علی التنویر سے بیچ کلام نخعی کے کل صحابہ یا جمہور صحابہ ہین تو قول اسکا
منقطع ہوگا اسلیئے کہ اسکو سب صحابہ سے یا جمہور سے ملاقات نہین بلکہ فقط ایک دو صحابہ سے
ملاقات ہی جیسا کہ کہا حافظ ابن حجر نے تقریب التهذیب مین ابراهیم بن یزید بن
قیس بن الاسود النخعي ابو عمران الکوفي الفقیه ثقة الا انه یرسل من
الخامسة انتهی تو دیکھو حافظ ابن حجر نے نخعی کو پانچوین طبقہ مین شمار کیا ہی اور پانچوین
طبقہ والے وہ لوگ ہین جنکو ایک یا دو صحابیون کی ملاقات ہوئی ہے اور بعضونکو انمین سے
سماع کسی صحابی سے ثابت نہین جیسا کہ خود ابن حجر مقدمہ تقریب مین فرماتے ہین

علی التنویر لو صح محمول علی انہما من ادرکہ النخعی من الصحابۃ من اہل العراق لا جمیعہم انتہی اور کہا فتح الباری مین
وابعد من زعم انہ ناسخ للصلوٰۃ فی التغلیس انتہی پس ثابت ہوا کہ مؤلف کی کسی دلیل سے نسخ تغلیس کا
ثابت نہین ہوتا یعنی نہ حدیث ابن مسعود سے اور نہ اسفروا بالفجر سے اور نہ قول نخعی سے
اور جو کہ مؤلف نے حدیث غلس سے اخیر مین مسئلہ کے جواب دیا ہے کہ یہہ غلس حدیث عائشہ والے
محمول ہے او پر اندہیری مسجد کے نہ اوپر اندہیری میدان کے انتہی اسی کا نام ہے تحریف
جسکو مولوی اسمعیل صاحب حظ نصرانیہ بتاتے مین جیسا کہ باب ثانی کے جواب کے ضمن
مین گذرا اسلیئے کہ حدیث عائشہ مین غلس حالت انقلاب مین مسجد سے گہرون کیطرف بیان
کی ہے نہ حالت اقامت مسجد کے مین جیسا کہ فرمایا ہے ثم ینقلبن الی بیوتہن حین یقضین الصلوٰۃ
ما یعرفہن احد من الغلس پس دیکہو کہ اس قول سے تاریکی خاص مسجد مین کہان
سمجھی جاتی ہے علاوہ یہہ کہ سوائی عایشہ رض کے اورون کے روایت مین اتنی تحریف کی
بہی گنجایش نہین اسیواسطے شیخ سلام اللہ حنفی نے اس قول کو رد کر دیا ہے جیسا کہ کہا
ہے محلی مین واجاب ابن الہمام عن حدیث عائشۃ بحملہ علی غلس داخل المسجد لان
حجرتہا کانت فیہ وکان سقفہ مقاربا انتہی وفیہ مع کونہ بعیدا انہ لا یختص وایۃ التغلیس
بعائشۃ بل رواہا جماعۃ من الصحابۃ کما سبق انتہی کلام المحلی پس دعوا کلام مولف کا بجمیع اجزاء
اور باقی رہا محمول نہ ہونا حدیث غلس کا جیسا کہ ہمنے ثابت کیا ہے وللہ الحمد اولا واخرا
وظاہرا و باطنا علی ما وفقنا لاثبات الغلس المروی من النبی صلی اللہ علیہ وسلم المتناکہ
مذ عمرہ علیہ الصلوٰۃ والسلام قال مسئلہ تیسرا بیچ وقت مستحب ظہر کے اقول کئی حدیثون سے یہہ
معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت شدت گرمیون مین بہی اول ہی وقت ظہر پڑہا کرتے اور اسکی رغبت
دلاتے روایت کی بخاری اور مسلم نے ابوہریرہ سے قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
لو یعلم الناس ما فی النداء والصف الاول ثم لم یجدوا الا ان یستہموا علیہ لاستہموا
علیہ ولو یعلمون ما فی التہجیر لاستبقوا الیہ الحدیث اور روایت کی امام احمد اور ابوداود نے
زید بن ثابت سے قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الظہر بالہاجرۃ ولم یکن
صلوٰۃ اشد علی اصحاب رسول اللہ منہا الخ ہکذا فی المشکوٰۃ اور روایت کی ہے بخاری

اصحابہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اجتمعوا علی التنویر وہذا اسناد صحیح قالوا ولا یجوز عنہم اجتماعا
علی ما فارقہم علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا لعلمہم بنسخ التغلیس الخ وی عن عایشۃ
قلت کیف یدعی بنسخ التغلیس وقد اخرج ابو داؤد وصححہ ابن خزیمۃ من طریق اسامۃ
ابن زید اللیثی عن ابن شہاب عن عروۃ بن بشیر بن ابی مسعود عن ابیہ انہ صلی اللہ
علیہ وسلم صلی الصبح مرۃ بغلس ثم صلی مرۃ اخری فاسفر بہا ثم کانت صلوتہ بعد
ذلک التغلیس حتی مات لم یعد الی ان یسفر وقد سبق تخریجہ فان قیل فیہ اسامۃ
ابن زید اللیثی وقد قال النسائی والدارقطنی لیس بالقوی وقال احمد لیس
بشیء وقال ابو حازم لا یحتج بہ قلنا الحدیث مما صححہ ابن خزیمۃ وسکت علیہ
ابو داود وما سکت ہو علیہ لا ینزل عن درجۃ الحسن قال البیہقی رواتہ کلہم
ثقات وخبر الاسفار مختلف فی اسنادہ ومتنہ وقال الخطابی ہو حدیث صحیح
اسنادا واسامۃ من رجال البخاری وقد قالوا من روی عنہ الشیخان
او احدہما عنہ لا ینظر للطاعنین فیہ وان کثروا ومما یقع بعد النسخ
کتابۃ عمر الی عمالہ وابی موسی الاشعری ان صلوا الصبح والنجوم
بادیۃ مشتبکۃ کما سیجئی فی الکتاب فلو کان التغلیس منسوخا
لما خفی علی عمر وابی موسی ولا نکر علیہ الصحابۃ ذلک وایضا سیجئی فی الکتاب
ان ابا بکر الصدیق کان یقرء بالبقرۃ فی صلوۃ الصبح وہو یقتضی تغلیسہ
بالصبح وکذلک یجئی عن ابن عامر عن عمر انہ قرء فیہا سورۃ یوسف والحج
قرءۃ بطیئۃ قال قلت واللہ اذا لقد کان یقوم حین یطلع الفجر قال نعم واخرج
ابن ماجۃ عن مغیث بن سمی قال صلیت مع عبد اللہ بن الزبیر الصبح بغلس فلما سلمت
اقبلت علی ابن عمر قلت ما ہذہ الصلوۃ قال کانت ہذہ صلوتنا مع رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم وابی بکر وعمر فلما طعن عمر اسفر بہا عثمان انتہی وروی ابن ابی شیبۃ کان
الناس یغلسون الفجر فی زمن عثمان ما یعرف بعضہم بعضا وعن ابی موسی وابن الزبیر وعمر بن عبد العزیز انہم کانوا
یغلسون فاذا ثبت التغلیس من ہؤلاء الصحابۃ لکنما روی عن النخعی ما اجتمع صحابۃ صلی اللہ علیہ وسلم ما اجتمعوا

من الحصا لتبرد فی کفی اضعها لجبھتی اسجد علیھا لشدۃ الحر۔ اور زید بن ثابت سے کہا
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الظھر بالہاجرۃ الحدیث پس یہ روایتین
صریح دلالت کرتے ہین اسپر کہ عمل ہی آنحضرت کا یہ تہا کہ بجرد زوال کے نماز پڑہا کرتے اور بعضے
روایتون مین جنسے مؤلف کو تمسک ہی خلاف انکا ثابت ہی جیسا کہ روایت کی ہی بخاری مسلم
وغیرہما نے ابو ہریرہ وغیرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اذا اشتد الحر فابردوا
بالصلوۃ فان شدۃ الحر من فیح جہنم اور روایت کی طحاوی نے ابی خلدہ سے
کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان الشتاء بکر بصلوۃ الظھر و اذا کان
الصیف ابرد بہا اور اسی مضمون کی ابی مسعود سے اور روایت کی طحاوی نے مغیرہ بن شعبہ سے کہ
کہا کنا نصلی مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ الظھر بالتہجیر ثم قال ابردوا بالصلوۃ
فان شدۃ الحر من فیح جہنم اور ایسے ہی روایت ہے ابن ماجہ کی لیکن اوسمین لفظ ثم کے جگہ
پر لفظ ف کا ہے ... اور والے کہتے ہین کہ حدیثین تہجیر کے منسوخ ہین ساتھ حدیث مغیرہ کے اور
تہجیر والے جواب دیتے ہین کہ جہانتک تاویل ہو سکے نسخ کے قائل ہونا چاہئی جیسا کہ کہا شرح نخبہ
وغیرہ مین ... من متلہ فلا یخلوا اما ان یمکن الجمع بین مدلولیہما بغیر تعسف
اولا فان ... مختلف الحدیث وان لم یمکن الجمع فلا یخلو اما یعرف التاریخ
اولا فان عرف وثبت المتاخر بہ او باصرح منہ فہو الناسخ والاخر المنسوخ انتہی مختصرا
تو دیکھو کہ جمع کو نسخ پر مقدم رکہا اور کہا نووی نے شرح صحیح مسلم مین ان النسخ لا یصار
الیہ الا اذا عجزنا عن التاویل اور ان احادیث مین جمع اور تاویل ہو سکتے
ہے وہ یہہ کہ تہجیر جو عادت رسول اللہ صلعم کے تہے اور شیخین کے یہہ افضل ہے اور امر
ابراد کا حدیث ابو ہریرۃ اور انس اور مغیرہ مین از راہ رخصت کے شفقۃ
سے کیونکہ وجوب تو باتفاق جمہور کے نہین جیسا کہ کہا عینی حنفی
نے شرح صحیح بخاری مین فان قلت ظاہر الامر للوجوب قلت الاجماع علی عدمہ
وقال بعضہم ونقل الکرمانی فنقل الاجماع علی عدم الوجوب قلت لا یقال انہ غفل
مل الذین نقل ... الاجماع کانہم لم یعتبروا کلام من ادعی الوجوب فصار کالعدم

اور مسلم نے محمد بن عمرو بن الحسن رضی اللہ عنہم سے قال سألنا جابر بن عبد اللہ عن صلوۃ النبی صلی اللہ
علیہ وسلم فقال کان یصلی الظہر بالہاجرۃ والعصر والشمس حیۃ الحدیث اور روایت
کی بخاری مسلم نے سیار بن سلامہ سے قال دخلت انا وابی علی ابی برزۃ الاسلمی فقال لہ ابی
کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی المکتوبۃ فقال کان یصلی الہجیر التی
تدعونہا الاولی حین تدحض الشمس الحدیث اور روایت کی مسلم نے جابر بن سمرہ سے
قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الظہر اذا دحضت الشمس اور خباب سے قال شکونا
الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصلوۃ فی الرمضاء فلم یشکنا یہ کہا قال زہیر قلت
لابی اسحٰق فی الظہر قال نعم قلت افی تعجیلہا قال نعم اور انس سے قال کنا نصلی مع رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فی شدۃ الحر فاذا لم یستطع احدنا ان یمکن جبہتہ من الارض
بسط ثوبہ فسجد علیہ اور روایت کی ترمذی نے عائشہ سے قالت ما رایت احدا اشد
تعجیلا للظہر من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا من ابی بکر ولا من عمر یہ کہا وفی الباب
عن جابر بن عبد اللہ و خباب و ابی برزۃ و ابن مسعود و زید بن ثابت و انس
و جابر بن سمرۃ قال ابو عیسیٰ حدیث عائشۃ حدیث حسن وھو الذی اختارہ اہل
العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن بعدھم قال علی قال یحیی بن سعید
وقد تکلم شعبۃ فی حکیم بن جبیر من اجل الحدیث الذی روی عن ابن مسعود عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم من سأل الناس ولہ ما یغنیہ قال یحیی وروی سفیان وزائدۃ
ولم یر ابن معین بحدیثہ باسا قال محمد وقد روی عن حکیم بن جبیر عن سعید
بن جبیر عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی تعجیل الظہر انتہی اور روایت
کی ہے نسائی نے خباب سے مثل روایت مسلم کے خباب سے جو گذرے اور روایت کی ابن ماجہ نے
عبد اللہ ابن مسعود سے قال شکونا الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حر الرمضاء فلم
یشکنا اور خباب سے مثل اسکی اور ابو برزہ سے قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی صلوۃ
الہجیرۃ التی تدعونہا الظہر اذا دحضت الشمس اور روایت کی ابوداؤد نے جابر
بن عبد اللہ سے کنت اصلی الظہر مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاخذ قبضۃ من

وعند مالك الى ان يزيد كل شيء ربعه وقالت الحنابلة الى تكسير الحر وعن ابن عمر اذا كان الفيء ذراعا ونصفا الى ذراعين وكان الجدران في ذلك الزمان تسبعة اذرع وقيل حتى يكون الظل ذراعا بعد فيء الزوال وقيل ربع القامة وقيل الثلث وقيل النصف وقيل يختلف باختلاف الازمنة انتهى **اقول** وما في الهداية من ان اشتداد الحر في تلك البلاد يكون حين بلوغ ظل كل شيء مثله فتحقق الابراد في التاخير عنه فهو باطل لا اصل له لانه لا يبقى حينئذ وقت الظهر كما ستحققه عنقريب ان شاء الله تعالى

قال مسئلہ چوتہا بیان آخر وقت ظہر کا **اقول** بتائید الله وتوفیقہ اولًا معلوم کرنا چاہیے کہ یہہ مسئلہ چوتہا دراصل دو مسئلے ہین ایک مسئلہ آخر وقت ظہر کا اور ایک مسئلہ اول وقت عصر کا تو دلایل اور نقول مذاہب دونون قسمون کین لائی جاوینگی اور جس دلیل سے آخر ظہر کا ثابت ہوگا اوسی سے بعینہ اول وقت عصر کا ثابت ہوگا اور جس دلیل سے اول وقت عصر کا ثابت ہوگا اوسی سے یہہ بہی معلوم ہو جاویگا کہ آخر وقت ظہر کا قبل اسکے ہے ایسا ہی حال ہے نقول کا اب سنو کہ اس مسئلہ مین تمام امام مجتہد ایک طرف ہین اور اکیلے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بنا بر مذہب مشہور کے ایک طرف یہان تک کہ امام محمد اور ابو یوسف رح شاگرد اونکے بہی اس مسئلہ مین اون سے الگ ہین اور موافق جمہور علماء کے یعنے جمہور علماء قایل ہین اس بات کے کہ وقت ظہر کا بعد ایک مثل کے باقی نہین رہتا بلکہ وقت عصر کا داخل ہو جاتا ہے اور اکیلے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے یہہ مشہور ہے کہ دو مثل تک وقت ظہر کا رہتا ہے اور عصر داخل نہین ہوتی مگر بعد دو مثل کے کہا قاضی ثناء اللہ پانی پتی حنفی نے تفسیر مظہری مین واما آخر وقت الظہر فلم توجد في حديث صحيح ولا ضعيف انه يبقى بعد مصير ظل كل شيء مثله ولذا خالف اباحنيفة في هذه المسئلة صاحباه ووافقا الجمهور انتهى وسيجيء الباقي اور کہا فتح الباری مین ولم ينقل عن احد من اهل العلم

پھر کہا عینی نے کانت العلۃ فیہ دفع المشقۃ عن المصلی لشدۃ الحر وکان ذلک للتنفقۃ
علیہ انتہی ایسا ہے نماز پڑہنا آنحضرت کا ابراد سے جیسا کہ روایت ابی خلدہ اور ابو مسعود
مین آیا ہے یہہ اسپر محمول ہے کہ گاہی ابراد کیا واسطے اظہار جواز اور رخصت کے پس کیا حاجت
ہے نسخ کے بلکہ کیونکر جایز ہو قول بالنسخ خلاف قاعدہ اہل حدیث کے جوجمع کو نسخ پر ایک درجہ
مقدم رکھتے ہین کہا نووی نے شرح صحیح مسلم مین اختلف العلماء فی الجمع بین ھذین
الحدیثین فقال بعضہم الابراد رخصۃ والتقدیم افضل واعتمد واحدیث خباب و
حملوا حدیث الابراد علی الترخیص والتخفیف فی التاخیر وبھذا قال بعض اصحابنا وغیرہم
وقال جماعۃ حدیث خباب منسوخ باحادیث الابراد اور کہا
فتح الباری مین وجمع بعضہم بین الحدیثین بان الابراد رخصۃ والتعجیل افضل انتہی پس
ظاہر ہے کہ ازراہ دلیل کے اور موافق قواعد اہل حدیث کے تو مرجح یہی ہے کہ گرمیون مین
بہی ظہر آفتاب ڈہلتے کے ساتہہ پڑہین لیکن اگر مشقت گرمی کی برداشت نکر سکے اور تہجیر پر
کمر نہ باندہے اور ابراد اختیار کرے تو اسکو لازم ہے کہ ایسا ابراد نکرے کہ وقت ظہر کا جو
